کتاب اللہ شرح عین الیقین

بفضل یزدانی نسخہ لاثانی کتاب عملیات و نقوش معہ اسماء و آیات کلام ربانی

لوح سلیمانی

۱۳۴۶ھ

باہتمام خاکسار محمد عبداللہ صدیقی تاجر کتب لکھنؤ چوک و مالک مطبع

مطبع مجتبائی لکھنؤ مطبوع گردید

جملہ حقوق محفوظ ہیں

لوح سلیمانی حصہ اول

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدك يا من رفع السماء ذات الابراج ✦ وخفض الغبراء ذات الفجاج
وزينها بكواكب كلٌّ في فلكٍ يسبحون ✦ وخلق الملائكة حفظاً لكل شيء
وهم له يسبحون ✦ ونصلي على من انزل اليه كتاب فيه للناس شفاء ✦
وآياته لكل داءٍ دواء ✦ محبته تعويذ لحفظ الايمان ✦ وبغضه رقبة
لعداوة بينه وبين الرحمن ✦ وعلى آله الكرام ✦ واصحابه العظام الى قيام
الساعة وساعة القيام **اما بعد** فيقول عبده الاواه ✦ الراجي رحمة ربه
ورضاه ✦ محمد بركت الله اللكهنوي ✦ ستر الله عيوبه الخفي والجلي

کہ یہ کتاب لاثانی موسوم بہ **لوح سلیمانی** یعنی عربی اور فارسی کتابون کا ترجمہ کرکے مرتب کی ہی اور ہر ایک فصل نہایت تحقیق اور کوشش سے لکھی ہی۔ آیات اور احادیث معتبرہ کے اسناد مفصل اس مین تحریر ہین جس مین سے ایک ایک اپنی آپ ہی نظیر ہین وننزل من القرآن ما هو شفاء ورحمة للمؤمنين خدا کا کلام ہی صحیح لا کلام ہی۔ پوری کتاب چار حصون پر منقسم ہی۔ اور ہر حصہ مین نقوش و عملیات کا ذخیرہ بوجوہ اتم ہی بعض حصص کے عملیات کی زکوٰۃ اور پڑھنے کی ترکیب دوسرے حصہ مین لکھی گئی ہی۔ اور اچھی طرح اوسکا

پورا حال تفصیلاً تحریر ہی پس طالبین تعویذات اور شائقین نقشیات کو لازم ہی کہ اس کتاب کے چارون حصہ خریدین اور پہلے ایک نظر اچھی طرح سے دیکھین اور جو نقش یا عمل یا تعویذ پسند ہو اور اوسکے کرنے کو دل قبول کرتا ہو اس طرح پر اوسکو عمل مین لادین اور اچھی طرح سے آزمادین سب سے پہلے تو اونکو تاریخ نقش بھرنے کی ذہن نشین کرنا چاہیئے۔ بعد اوسکے اوسکی زکوۃ دینا چاہیئے پھر اوسکے کرنیکا پورا طریقہ جو اس کتاب مین لکھا ہو دیکھکر کرنا لازم ہی۔

جاننا چاہیئے کہ محبت اور عداوت اور امراض اور دفعیہ طلسمات وسحر وغیرہ وغیرہ ہر ایک کے عمل کی اور تعویذ لکھنے کی تاریخین الگ الگ ہین اوسی کے مطابق ہر نقش کو بھرنا چاہیئے اور جس نقش مین مرتب ہندسہ ہون یعنی ۱۔۲۔۳۔۴۔ اسی طرح جہانتک ہون تو اوس نقش کو اس طرح پر بھرنا لازم ہی کہ پہلے اوس خانے کو بھرے جسمین ایک کا ہندسہ ہی پھر دو کے ہندسہ والا خانہ پر کرے اسی طرح نقش کو ختم کرے اسلیے کہ عاملون نے نقش بھرنیکا یہی طریقہ رکھا ہی اور جو طریقہ لوگون نے پسند کیا ہو وہ سب سے اچھا ہی اوسکی مخالفت کرکے عمل کے خراب کردینے سے کبھی فائدہ نہوگا۔ یہ کتاب اون کتابون کی طرح سے نہین ہی جنمین بیکار تعویذات لکھے ہوئے ہین اور کوئی باثر نہین۔ ہم سچ کہتے ہین کہ اگر ہماری اس کتاب کے لکھے ہوئے کل طریقے پوری طرح سے ادا کرے تو کبھی ممکن ہی نہین کہ ہمارا بتایا ہوا طریقہ غلط نکلے اور نقوش خواہ عملیات وغیرہ سب کے لیے اجازت ہونا ضرور ہی لہذا ہم اجازت اسکی ہر ایک کو دیتے ہین مگر یہ بھی ضرور چاہیے کہ اگر اسکا کرنے والا کسی کا مرید ہو تو اپنے پیر سے بھی اسکی اجازت ضرور لے لے کیونکہ جو شخص کسی کا مرید ہو اور کسی دوسرے کا بتایا ہوا عمل بغیر اپنے پیر کی اجازت کے کرے تو اوس کو فائدہ نہین ہوتا ہی اور بزرگان دین کا قول ہی کہ مرید کو لازم ہی کہ ہر امر مین اپنے پیر سے اجازت ضرور حاصل کرے چونکہ مین نے اس کتاب کو جناب مولوی **شیخ محمد عبد اللہ صاحب تاجر کتب و مالک مطبع مجتبائی لکھنؤ** کی فرمایش سے تصنیف کیا ہی لہذا آئندہ کے واسطے

حق تصنیف بھی اونہین کو دیا ہی کوئی صاحب بلا اجازت مولوی صاحب موصوف الصدر کے قصد اسکے طبع کرنیکا نہ فرمائین بلکہ صاحبان مطابع دیار و امصار کو لازم ہی کہ اس کتاب کے نسخے جس قدر مطلوب ہون وہ بقیمت مقررہ طلب فرمالین اس کتاب کے چار باب ہین پہلا **باب** آیات قرآنی کی تاثیر مین اور دوسرا **باب** نقش و آیات قرآنی مین تیسرا **باب** حب کے تعویذات اور عملیات کے بیان مین اور چوتھا **باب** عداوت اور بغض کے بیان مین۔ پہلے باب مین پانچ فصلین ہین پہلی **فصل** خواص اسمائے الٰہی مین دوسری **فصل** خواص سورۂ الم ترکیف مین اور تیسری **فصل** خواص سورۂ والتین کے بیان مین اور چوتھی **فصل** سورۂ یوسف کے طریقے کے بیان مین اور پانچوین **فصل** عملیات حب اور تسخیر خلایق کے بیان مین اور دوسرے باب مین چھ فصلین ہین پہلی **فصل** اسمائے باریتعالی کے پڑھنے کے بیانمین اور دوسری **فصل** سورۂ فاتحہ کے پڑھنے کے بیانمین تیسری **فصل** فوائد آیۃ الکرسی کے بیان مین چوتھی **فصل** طریقہ ختم سورۂ فتح کے بیانمین پانچوین **فصل** ختم سورۂ واقعہ کے بیانمین چھٹی **فصل** خواص نقش بست در بست مین اور تیسرے باب مین چار فصلین ہین پہلی **فصل** طلسم و تعویذات حب کے بیانمین دوسری **فصل** تسخیر کے بیانمین تیسری **فصل** ترکیب نماز حب مین چوتھی **فصل** آیت حب کے خواص مین اور چوتھا باب عداوت کے بیانمین ہی اس مین دو فصلین ہین پہلی **فصل** عداوت کرانے کے بیانمین دوسری **فصل** عملیات عداوت کے بیانمین ان چار باب کے بعد یہ پہلا حصہ ختم ہوگیا اور دوسرا حصہ شروع ہوا۔ دوسرے حصہ مین جتنے ابواب اور فصول ہین وہ اسمین تحریر ہونگے۔ شایقین سے التجا ہی کہ جو کوئی اس سے فائدہ اوٹھائے مصنف کو دعائے خیر سے یاد فرمائین اور اگر کچھ غلطی نظر آئے تو بخیال الانسان مرکب من الخطآء والنسیان اوسکو چھپائین و ما علینا الا البلاغ۔

باب اوّل اسمای باری تعالی کے پڑھنے کی ترکیب فصل اوّل

یہ اسمار اولیاراللہ کے کتب سماویہ سے نکالے ہین اور خود پڑھے ہین نہایت مجرب ہین ان اسمار کے خواص مین اکثر اولیاراللہ کے رسائل ہین اوسمین سے تھوڑی خاصیتین لکھی جاتی ہین اور اصل یہ ہی کہ یہ اسمار دینی و دنیوی جس کام کیواسطے پڑھے مجرب ہین اور با اثر ہین یہ اون دعاؤن مین نہین ہین جو بعض کتابین لوگون نے فضول تعویذ اور نقش اپنے دل سے گڑھ گڑھ کے چھپوا ڈالے ہین اور در اصل اوسمین کوئی چیز بھی مفید اور کارآمد نہین ہے

خاصیت اوّل جو کوئی ان اسماکو بلاناغہ صبح و شام دس بار پڑھا کرے ظالمون کی شر سے محفوظ رہے گا۔

خاصیت دوم جو کوئی ان اسمار کو لکھکر اپنے پاس رکھے ہمیشہ دشمنون پر فتحیاب ہوا کریگا

خاصیت سوم اگر کوئی مفلس یا غریب آدمی ان اسماکو لکھکر اپنے سیدھے بازو پر باندھے اور پیادہ پا سفر کرے راستہ مین کوئی تکلیف اوسکو نہوگی کتنا ہی چلے مگر اوسکو تھکن نہ معلوم ہوگی

خاصیت چہارم اگر کوئی مالدار شخص چورون کے ہاتھ مین گرفتار ہوگیا ہو ان اسمار کو پڑھکر چورون کی طرف دم کرے چور آپ ہی آپ گھبرائین گے اور اوسکو چھوڑکر بھاگ جاوینگے جو مال اوسکا لیا ہوگا واپس کردین گے۔

خاصیت پنجم۔ اگر کسی کے پیٹ مین ریاحی درد ہو ان اسمار کو لکھکر اوسکے گلے مین ڈالدے فوراً درد جاتا رہیگا۔

خاصیت ششم بیہوش جسکو کسی طرح ہوش نہ آتا ہو اوسپر یہ اسما پڑھکر دم کرے فوراً ہوشیار ہوجائے گا۔

خاصیت ہفتم۔ اگر کسی پر آسیب ہو یا بھوت یا جن آتا ہو اور کسی طرح اوسکا دفیعہ نہوسکے تو ان اسمار کو گیارہ بار پڑھ کے تھوڑے سے پانی پر دم کرے اور اوسکا چھینٹا آسیب زدہ کے منہ پر سات دن تک صبح کے وقت دیا کرے اسی عرصے مین بطفیل ان اسمار

کے آسیب جاتا رہے گا۔

خاصیت ہشتم۔ کسی بیمار کو اگر ان اسما کا دم کیا ہوا پانی پلایا جائے تین دن مین اچھا ہو جائے گا۔

خاصیت نہم جس کسی پر خبیث آتا ہو گیارہ بار ان اسما کو پڑھکر اوسپر دم کرے خبیث حاضر ہوکر عہد کریگا کہ آج سے مین ہرگز اس آدمی کو نہ ستاؤنگا۔ اور کبھی اسکے پاس نہ آونگا

خاصیت دہم۔ جس گھر مین دیو یا کوئی آسیب ہو اور اوس مکان کے رہنے والون کو پریشان اور ہلکان کرتا ہو اوسکے دفیعہ کیواسطے ایک کاغذ پر ان اسما کو لکھکر اوس مقام پر لگا دے جہان خبیث رہتا ہو۔ فوراً وہ وہان سے بھاگ جاویگا۔

خاصیت یازدہم جو شخص ان اسماکو تاحیات مداومت کے ساتھ پڑھتا رہے گا اللہ تعالیٰ ا[illegible] کی توفیق دیگا اور جانکنی کے وقت باایمان دنیا سے اوٹھاویگا۔

خاصیت دوازدہم۔ جو شخص مفلس اور محتاج ہو اوسکو چاہیے کہ ان اسماکو ۷۷ روز ستر ستر بار پڑھے اول اور آخر درود۔ مالدار ہوجائے گا۔

خاصیت سیزدہم سر خبادہ جسکو ہو ایک تعویذ ان اسما کا لکھکر اوسکے گلے مین ڈالدے اور تین تعویذ تین روز اوس کو پلاوے صحت ہو جائے گی۔

خاصیت چہاردہم جو شخص غریب ہو جمعہ کو بعد نماز جمعہ کے غسل کرکے تین سو بار پڑھے ان اسم معظم کو اور پھر جب جمعہ آوے پڑھے اسی طرح تین جمعہ تک اس عمل کو کرے فضل الٰہی سے دروازہ کشایش کا اوس پر کھلجاویگا اور پھر وہ کبھی محتاج نہ رہے گا۔

خاصیت پانزدہم جو لڑکا غبی اور کند ذہن ہو اوسکو چاہیئے کہ روز صبح ایک بار ان اسماے مبارک باری تعالیٰ کو پڑھ لیا کرے ذکی الطبع ہو جائے گا قوت حافظہ زیادہ ہوجائے پھر کوئی اوسکا مقابل نہوگا۔

خاصیت شانزدہم جس شخص کے سانپ نے کاٹا ہو اوسپر تینتیس بار پڑھ کے دم کرے

فوراً اچھا ہوجائے گا اور اسی طرح بچھو کے کاٹے ہوئے پر بھی اسی طرح پڑھکر دم کردے وہ بھی فضل خدا سے اچھا ہوجائے گا۔

خاصیت ہفدہم[17] جس مکان مین چوہے کثرت سے ہون وہان ان اسماے باری تعالی کو کورے سکورون پر لکھکر گھر کے ہر کونے اور کوٹھری مین دفن کردے چوہے پھر اوس مکان مین نرہین گے۔

خاصیت ہشدہم[18] جو مفلس یا غریب اسکو ہمیشہ پڑھا کرے امیر ہوجاویگا اور لوگ اوسکی عزت کیا کرینگے

خاصیت نوزدہم[19] جو شخص ان اسمائے معظم کو لکھکر اپنے سیدھے بازو پر باندھکر کسی حاکم کے سامنے جاوے تو حاکم اوسپر مہربان ہوجائے گا اور عزت کریگا۔

خاصیت بستم[20] جو مرد عورت کے کام کا نہو اور کسی علاج سے بھی اوسکو نفع نہوا ہو تو اوسے چاہیے کہ ہر روز سات ٹکڑے کاغذ پر ان اسماکو لکھے اور کھا جاوے اور سات روز تک کھایا کرے یا گھول کر پی جایا کرے مرد ہوجائے گا۔

خاصیت بست ویکم جس شخص پر کسی نے سحر کیا ہو اور وہ اوس سحر کی وجہ سے اپنے ہوش مین نہو اور یہ بھی ظاہر ہو کہ سحر کا علاج حکیم تو کر نہین سکتا لا محالہ اوسکا رد یا تو سحر ہی سے ہوگا یا پھر دعا اور تعویذ سے یہ طریقہ دفع سحر کے واسطے نہایت مجرب ہی کہ اکیس دن تک ان اسماء کو ایک چینی کی رکابی پر لکھکر پہلے مسحور کو دکھاوے بعد اوسکے اوس رکابی کو دریا کے پانی سے دھوڈالے اور وہ پانی مسحور کو پلادے اکیس دن برابر ایسا ہی کرے انشاء اللہ مسحور بالکل تندرست ہوجاویگا

خاصیت بست ودوم[22] درد سر کیواسطے ان اسماء کو لکھکر اپنے سر مین باندھے یا جہان پر درد ہو وہان ان اسماکو لکھدے یا سات بار پڑھکے سر پر دم کردے درد جاتا رہیگا

خاصیت بست وسوم[23] جس کسی کی آنکھ دکھتی ہو تو گیارہ یا پندرہ بار ان اسماے الہی کو پڑھکر پڑھنے والا اپنے ہاتھ پر دم کرے اور اپنا ہاتھ بیمار کی آنکھ پر پھیر دیوے یا تعویذ لکھکر

اور اوسپر پھر گیارہ[11] بار ان اسماکو پڑھکر دم کرے اور مریض کے سر کے قریب باندھے اس طرح پر کہ وہ تعویذ آنکھ پر رہے ہر ایک طریقہ اس مرض کے واسطے مفید ہے جس طرح آسانی معلوم ہو کرین آنکھین اچھی ہوجائینگی۔

خاصیت بست وچہارم[24] تپ محرق کیواسطے چینی کی رکابی پر مشک و زعفران سے لکھکر اکیس[21] روز مریض کو پلائے ان اسمائے معظم کی برکت سے بالکل مرض جاتا رہیگا اور کوئی شکایت باقی نہ رہیگی۔

خاصیت بست وپنجم[25] یرقان کیواسطے اس تعویذ کو لکھکر روز دھوکر پلاوے مرض دور ہوجائے گا

خاصیت بست وششم[26] جس شخص کو کھانسی آتی ہو اور اوسکے ساتھ بلغم بھی نکلتا ہو وہ اس تعویذ کو چینی کی رکابی پر مشک اور زعفران سے لکھکر اکیس روز برابر پیا کرے شفا ہو جائیگی اور پھر عمر بھر اوسکو کبھی نہ آئے اسی طرح یہ عمل ضیق النفس والے کو بھی مفید ہے۔

خاصیت بست وہفتم[27] درد شکم اور جریان خون اور بلغم اور پیچش اور پسلی کے درد اور کمر کے درد کیواسطے ان اسماکو اکیس مرتبہ پڑھکر پانی پر دم کرے اور مریض کو چار روز تک پلاوے سب مرض دفع ہوجاوین گے۔

خاصیت بست وہشتم جس کسی کو تپ دق ہو اوسکے واسطے روٹی کے بیس ٹکڑون پر بیس بار ان اسماکو پڑھکر دم کرے اور ہر روز ایک ٹکڑہ مریض کو کھلادیوے مرض جاتا رہے گا۔ یہ طریقہ اکثر لوگون نے آزمایا ہی مجرب ہی۔

خاصیت بست ونہم[29] جو شخص قیدخانہ مین ہو اور کسی طرح رہائی اوسکی ممکن نہ ہو تو اوسکو چاہیے کہ ان اسماء کو پانچ سو بار پڑھکے دم کرے اور تعویذ اسکا لکھکر اپنے بازو مین باندھے فوراً رہائی پائے گا۔

خاصیت سی ام[30]۔ حاکم کے مہربان ہونے کیواسطے یکشنبہ کے دن سے طلوع آفتاب کے وقت پڑھنا شروع کرے اور چالیس روز پڑھے ہر روز اکتالیس بار پڑھکے حاکم کے مکان

کی طرف پھونکدیا کرے اللہ کے فضل سے حاکم مہربان ہو جائے گا۔

خاصیت سی ویکم اگر کسی حاکم یا امیر کے پاس اپنی کسی غرض کے واسطے جاوے
ستر بار پڑھ کے اپنے اوپر دم کرے حاکم کے سامنے اپنے مطلب مین کامیابی حاصل ہوگی
اور حاکم مہربان ہو جائے گا۔

خاصیت سی دوم جس شخص کے دانتوں مین درد ہوتا ہو اوسکو چاہیے کہ ہر روز ایکبار
پڑھ کے مسواک پر دم کرے اور اوسی مسواک سے دانت صاف کیا کرے درد جاتا رہیگا۔

علاوہ اسکے ان اسما کی بہت سی خاصیتین ہین طول کیوجہ سے نہین لکھین غرض یہ اسما اسم
اعظم سے کم نہین ہین۔ ہر مقصد اور ہر کام اس سے نکلسکتا ہے اسکے کرنیوالے کو چاہیئے
کہ حرام کے واسطے ان اسما کو نہ پڑھے ورنہ گنہگار ہوگا اور جس کام کیواسطے چاہے اسکا ورد
اختیار کرے وہ اسماء یہ ہین بسم اللہ الرحمن الرحیم شدابو لیتہ عادو شامو تا علیا طیوسو ما
سلیتا میلثا ملحو ما یا فیو ما بحق کھیعص بحق حم عسق شروع ماہ سے اسکی ابتدا کرنا چاہیے
یکشنبہ یا سہ شنبہ کے دن سے اسکی ابتدا کرنا چاہیئے اور اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود ہر ایک
طریقہ کے واسطے پڑھنا ضرور ہے اور اگر پڑھنے والا کسی کا مرید ہو تو اوسکو چاہیئے کہ اسکے
پڑھنے کی اجازت اپنے پیر سے لیوے اور اگر کسی کا مرید نہو تو کسی اچھے عابد کی اجازت لیلے

خواص سورہ فیل

فصل دوم سورہ فیل کی زکوٰۃ کا یہ طریقہ ہے پہلے زکوٰۃ دینا چاہیئے اوسکے بعد اسکے
جتنے خواص ہین سب ہو جائین گے جو شخص اس سورہ کو پڑھنا چاہے پہلے اسکے شرائط
ادا کرے پھر جس مطلب کیواسطے پڑھنا ہو پڑھے۔

شرائط یہ ہین چالیس روز تک ہر روز تین ہزار ایک سو چھبیس بار اسکو پڑھے اور حیوانات
جلالی اور جمالی کو ترک کرے جیسے گوشت ہر جانور کا اور اپنی بی بی سے اس عرصہ مین
صحبت نکرے اور نہ کسی دوسری عورت کے پاس ناجائز طریقے سے رہے اور اپنے پیر سے

اجازت لیلے پہلے غسل کرے اور پاک و صاف کپڑے پہنے اور دو رکعت نماز بارواح
رسول الثقلین پڑھے اور دو رکعت نماز بارواح حضرت غوث الثقلین محی الدین عبدالقادر جیلانی
رحمۃ اللہ علیہ پڑھے اور دو رکعت نماز بارواح حضرت شاہ شہر وردی رحمۃ اللہ علیہ پڑھے اور ہر رکعت
مین بعد سورہ فاتحہ کے سورہ اخلاص دس بار پڑھے اس سب سے فارغ ہو جانیکے بعد چالیس دن تک روز
ایک ہزار بار سورہ فیل وقت مقرر کرکے باموکل پڑھے اور اسکا ثواب اونھین بزرگون کو
بخشنے جنکو ثواب نماز کا بخشا ہے اوسکے بعد جب چالیس دن گذر جاوین تو اس کو جس مقصد
کیواسطے پڑھیگا کامیاب ہوگا زکوٰۃ کی میعاد مین اوسکو اگر کوئی موکل آکے ڈراوے تو
خوف نکرے اپنا کام کرتا رہے بعد میعاد سب موکل مطیع ہو جاینگے سورہ فیل باموکل یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم الم تر کیف بحق یا جبرئیل فعل ربک بحق یا تمشائیل باصحاب الفیل بحق یا
کلکائیل الم یجعل کیدھم بحق یا لوائیل فی تضلیل بحق یا میکائیل وارسل علیھم بحق یا اسرافیل طیرا ابابیل بحق
یا ترقائیل ترمیھم بحجارۃ بحق یا ... من سجیل بحق یا اشتغائیل فجعلھم بحق یا ... ائیل کعصف ماکول بحق ... ئیل

خاصیات سورہ فیل

خاصیت اول سورہ فیل اگر کسی دشمن کو کوئی شخص ہلاک کرنا چاہتا ہو تو اوسکو
چاہیے کہ پرانی قبر کی تھوڑی خاک لاوے اور اوس خاک کا پتلہ مشابہ دشمن کے بناوے
اور ایک تیز چھری لیکر اوسپر ایک سو اکیس بار سورہ فیل باموکل پڑھکر دم کرے اور
کہتا جاوے کہ فلان دشمن میرا بیٹا فلان شخص کا مر جاوے بعد اوسکے اوس چھری سے
اوس پتلہ کا سر کاٹکر پھینکدے فوراً دشمن اپنے مکان مین ہلاک ہو جاویگا۔

خاصیت دوم۔ اگر کوئی اپنے دشمن کو ہلاک کرنیکا ارادہ رکھتا ہو ایک ہزار دانے
کالے چنے کے لاکر ہر دانے پر سورہ فیل باموکل ایک بار پڑھ کے دم کرے اور جب وہ
سب دانے تمام ہو جاوین تو اوسکو کسی اندھے کنوئین مین ڈالدے قہر الٰہی سے دشمن ہلاک
ہو جائیگا لیکن ہر دانے پر سورہ مذکور دم کرتے وقت زبان سے دشمن اور اوسکے باپ کا نام

ضرور لینا چاہیے اس طریقہ مین شک لانیوالا موجب رحمت اخروی کا نہوگا کیونکہ اس کا منکر منکر فضائل قرآنی سمجھا جائیگا اللہ تعالی قرآنشریف مین فرماتا ہی وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِينَ وَلَا يَزِيدُ الظَّالِمِينَ إِلَّا خَسَارًا آہ ترجمہ نازل نہین کیا گیا ہی قرآن سے مگر وہی قرآن شفا اور رحمت ہی واسطے مومنونکے اور نہین زیادہ کیا جاتا اسی قرآن سے کافرون کو مگر نقصان یعنی اللہ تعالی نے قرآن کی ہر آیت کو مومنون کیواسطے مبارک بنادیا اور نفع کی چیز اور کافرون کے واسطے اوس سے نقصان ہی۔ جو کوئی بلا کسی وجہ کے مومن سے دشمنی رکھتا ہی وہ مومن نہین ہی از روے حدیث شریف کے کیونکہ مسلمان آپسمین بھائی بھائی ہین

خاصیت سوم۔ جو مشکل اور مہم پیش آوے اور کسی طرح حل نہو سکے اوسکے آسان کرنیکے واسطے سورۂ مذکورہ کو ہر نماز مین بعد فرض کے پانچ بار پڑھے فضل خدا سے مشکل آسان ہوجائیگی۔

خاصیت چہارم حاکم کی خوشنودی کیواسطے سورۂ مذکورہ کو روزانہ ایکبار بعد نماز فجر کے پڑھا کرے حاکم اوس سے راضی ہوجائیگا اور بہت مہربانی سے پیش آوے گا۔ اور ہر روز اس سورہ کا پڑھنے والا دنیا مین کسی کا محتاج نرہے گا ہمیشہ عیش سے اوقات بسر کریگا۔

خاصیت پنجم جس کسی کو کوئی حاجت پیش آوے یا کچھ روپیہ کی ضرورت ہو تو اوسکو چاہیے کہ چہارشنبہ اور پنجشنبہ کو صبح کیوقت غسل کرے اور دو رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت مین سورۂ فاتحہ ایک بار اور سورۂ اخلاص پانچ بار پڑھے نماز ختم ہونے کے بعد سورۂ فیل باموکل اکتالیس بار پڑھے۔ اور اپنی حاجت کی دعا مانگے اسی طرح پانچ ہفتہ تک ہر چہارشنبہ اور پنجشنبہ کو پڑھا کرے اسی درمیان مین اوسکی مشکل حل ہوجائے اور کام نکل آوے گا یہ بہت ہی مجرب طریقہ ہی۔

خاصیت ششم جو شخص کسی کو اپنا عاشق اور شیفتہ بنانا چاہتا ہو یکشنبہ کی شب کو سورۂ فیل باموکل ایک بار پڑھے اور جس کو عاشق کرنا چاہتا ہی اُس کو کھلاوے

چالیس دانے چانول پر پڑھے ہر دانے پر ایک بار اور وہ چانول کے دانے مسلم ہونا چاہیے ٹوٹے ہوئے نہون ایک ہفتہ اس عمل کو کرے مطلب حاصل ہوگا۔ مگر حرامکاری کے واسطے آیت قرآنی کا پڑھنا گناہ سخت ہی حرام کے واسطے نکرے بلکہ یہ عمل اوسکو کرنا چاہیے جسکی بی بی شوہر سے التفات نکرتی ہو یا شوہر بی بی کیطرف متوجہ نہوتا ہو۔

خاصیت ہفتم اگر کسیکو اپنا شیفتہ کرنا ہو تو سات پان لیکے ہر پان پر ایک ایک بار سورۂ فیل باموکل پڑھ کے دم کرے اور وہ پان کھلاوے کھانے والا کھلانے والے پر عاشق ہوجائیگا۔

خاصیت ہشتم اگر کسی کو اپنے عشق مین دیوانہ کرنا ہو تو ڈلی پر سورۂ فیل باموکل پڑھکے دم کرے اور ڈلی کا اگر پان مین ڈالے جو کوئی اوس ڈلی کو کھالیگا دیوانہ اور شیفتہ ہوجائے گا۔

خاصیت نہم اگر دو آدمیون مین عداوت ڈالنا منظور ہو تو اس سورۂ فیل کو باموکل دو پرچہ کاغذ پہ لکھے اور دونون کے مکانمین کسی ایسے مقام پر لگاوے جہان کوئی دیکھ نسکے سات دن کے اندر دونمین سخت عداوت پڑجائیگی اور ایک دوسرے کا دشمن ہوجائیگا۔

خاصیت دہم اگر دو آدمیونکے درمیان سخت عداوت ڈالنا ہو تو سورۂ مذکور کو کھٹے انار کے دانون پر ایک بار پڑھکے دونونکو کھلاوے دونون مین عداوت ہوجائے گی۔

خاصیت یازدہم اگر دشمن کو ہلاک کرنا منظور ہو تو موم لاکر اوس کا ایک پتلہ بناوے اور ایک تیز چھری لیکر اکتالیس بار سورۂ فیل کو باموکل پڑھ کے اوس چھری پر دم کرے اور اوس چھری سے دشمن کے پتلے بنائے ہوئے کی پہلے زبان کاٹے پھر اوسی چھری سے اوس پتلہ کا سر کاٹ ڈالے دشمن خود بخود ہلاک ہوجائے گا۔

خاصیت دوازدہم اگر کسی غصہ ور آدمی کا نوکر ہو اور اوسکے غصہ سے عاجز آچکا ہو تو نمک کی سات کنکریان لیکر ہر کنکری پر سورۂ فیل کو باموکل پڑھکر دم کرے اور بعد اوسکے ایک ایک کنکری کو آگ مین ڈالے اور زبان سے اوس شخص کا نام لے کر کہتا جائے کہ اے پروردگار اپنے اس کلام کی برکت سے تو اسکا غصہ میرے حق مین کم کردے وہ تجھپر مہربان

ہو جائے گا اور تمام دوسرے ملازمون پر غصہ کرے گا مگر جسوقت تو اوسکے سامنے جاویگا فوراً اوس کا غصہ جاتا رہیگا۔

خاصیت سیزدہم اگر کسی کو اپنا عاشق کرنا منظور ہو تو اکتالیس دانے کالی مرچ کے لاؤ اور ہر دانے پر سورۂ فیل باموکل ایک ایک بار پڑھ کے آگ مین جلاتے جاؤ اور نام طالب اور اوسکے باپ کا اگر مرد ہو اور اگر عورت مطلوب ہو تو نام مطلوب کا اور اوسکی مان کا لیتے جاؤ اور دل مین خیال رکھو کہ فلان شخص مجھپر عاشق ہو جائے وہ شخص دل و جان سے تمپر فریفتہ ہو جائیگا لیکن یہ عمل شروع ماہ مین پہلے یکشنبہ آفتاب نکلتے وقت کرنا چاہیئے۔

خاصیت چہاردہم اگر کسی کو اپنا عاشق کرنا ہو تو قبرستان سے کسی پرانی قبر کی ایک بڑی اینٹ اتوار یا منگل کے دن لے آؤ اور اوسی دن عمل کرو طریقہ یہ ہی کہ غسل کر کے تنہا مکان مین روبرو قبلہ کے کھڑے ہو اور سر ننگا کر کے اکاسی بار سورۂ فیل کو باموکل پڑھو اور اوس اینٹ پر پھونک کر دو پھر اوسکو کنوئین مین ڈالدو جس کنوئین کا پانی کوئی نہ پیتا ہو سات دن تک وہ بے قرار رہے گا۔ مگر زبان سے اظہار تمھاری محبت کا نکریگا آٹھوین دن خود تمھارے پاس آویگا یا تمھین اپنے یہان بلائے گا۔

خاصیت پانزدہم اگر درمیان دو آدمیون کے عداوت ڈالنا مقصود ہو تو سرسون کے سات دانے لیکر ہر دانہ پر ایک ایک بار سورۂ فیل باموکل پڑھکے پھونکے اور جن دو شخصون مین عداوت کرانا مقصود ہو اون دونون کے مکان مین وہ دانے ڈالدے سخت عداوت ہو جائیگی مگر یہ طریقہ ہفتہ کے روز زوال آفتاب کے وقت ننگے ہو کر کرنا چاہیئے۔

خاصیت شانزدہم اگر کسی کی دکان باندھا چاہے یعنی یہ ارادہ ہو کہ فلان دکاندار کی دکانداری چلنا کم ہو جائے تو اوسکے واسطے اس سورۂ مذکور کو اس طرح پر عمل مین لاوے کہ ایک سیاہ مرچ لے کر اکتالیس بار یہ سورۂ فیل باموکل پڑھے اور سیاہ مرچ پر دم کر کے اوسکی دکان کے نیچے دفن کر دے دکان بند ہو جائیگی اور جب اوس دکان کو کشادہ کرنا

ہو تو وہ دفن کیا ہوا مرچ وہان سے کھود لے دکان کشادہ ہو جائیگی نہایت مجرب یہ طریقہ ہی مگر بلا وجہ کسیکو نقصان پہونچانے سے کوئی فائدہ نہین۔

خاصیت ہفتدہم اگر دشمن کے پاؤن باندھنا چاہے تو چند بنولہ لاکر اوسپر سورۂ فیل باموکل پڑھ کے دشمن کے گھر مین ڈالدے دشمن چلنے سے معذور ہو جائے گا۔

خاصیت ہیجدہم اگر دشمن کو ہلاک کرنا چاہے تو پہلے اس سورہ کو ایکہزار مرتبہ پڑھے بعد اوسکے ایک کاغذ پر لکھکر اوسکا تعویذ بنائے اور بکری کے گلے مین باندھے اور پھر ایک ہزار بار سورۂ فیل باموکل پڑھکے اوس بکری پر دم کرے بعد اوسکے اوسکو ذبح کرے اوسکے ہمراہ دشمن بھی ہلاک ہو جاوے گا۔

خاصیت نوزدہم جس مرض والے پر اس سورہ کو اور ایک بار پڑھکے دم کرین سات دن مین وہ مرض اچھا ہو جائے گا۔ خاص کر یہ طریقہ دق اور سل والے کے واسطے نہایت مجرب ہی۔

خاصیت بستم اگر کسی بات کو خواب مین دریافت کرنا ہو تو سورۂ مذکور کو بعد نماز کے ایکہزار بار باموکل پڑھکر سو رہے پھر کسی سے کچھ بات نکرے تین دن مین حال معلوم ہو جائیگا

۷۸۶

۹۵۲	۹۵۹	۹۵۴
۹۵۵	۹۵۳	۹۵۱
۹۵۰	۹۵۷	۹۵۸

یہ دو نقش سورۂ فیل کے ہین۔ ایک نقش حب اور مہربانی حاکم کے واسطے مجرب ہی اور دوسرا بغض اور [illegible] واسطے یہ نقش سورۂ فیل کا ہی دفع دشمن اور مضرت ظالم سے بچنے کیواسطے ہی اسکو لکھکر اپنے پاس رکھے زکوۃ اس نقش کی یہ ہی کہ چالیس دن تک ایکہزار بار روز لکھا کرے اور روز دریا مین ڈالے اوسکے بعد اوسپر قابو حاصل ہوگا اس میعاد زکوۃ مین ترک حیوانات جلالی اور جمالی کرنا چاہیئے۔

یہ سورۂ فیل کا نقش محبت کیواسطے نہایت مجرب ہی اسکا طریقہ یہ ہی کہ زعفران سے لکھکر ہوا مین لٹکا دے لیکن چالیس دن تک پہلے سو سو نقش روز بھرے اور

در میان والے اس وقت پورا ہوا اس نقش پر حاصل ہو سکتا ہے نقش مذکور یہ ہے

[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

خواص سورۂ والتین

فصل سوم۔ خاصیت اول۔ جب کوئی شخص غائب ہو جائے سورۂ والتین کو دو ہزار بار پڑھے غائب فوراً واپس آجائے گا۔

خاصیت دوم جس کسی کو مفلسی نے ستایا ہو اس سورۃ کو بلا ناغہ ستر بار پڑھا کرے امیر اور مالدار ہو جائے گا۔

خاصیت سوم چاند دیکھکر سورۂ والتین پڑھے اور اس سورہ کا نقش معظم دیکھے مہینہ بھر بہت عیش و آرام سے کٹے گا کسیطرح کا صدمہ اور رنج نہوگا۔

خاصیت چہارم اگر قیدی بقید وقت گیارہ روز برابر ایک ہزار بار غسل اور وضو کرکے سورۂ مذکور کو ورد کرے تو اوس میعاد کے اندر ہی چھوٹ جائیگا اگر اس نقش معظم کو روز دو ہزار بار چالیس دن تک لکھکر زکوۃ دیدے تو اس نقش سے بہت فائدے ہیں ہر مرض اور ہر بلا کیواسطے اس نقش کا لکھکر پلا دینا یا اپنے پاس رکھنا مفید ہے۔

نقش معظم یہ ہے ۸۶

۲۵۷۱	۲۵۶۳	۲۵۶۸	۲۵۵۳
۲۵۶۴	۲۵۵۵	۲۵۶۰	۲۵۶۵
۲۵۵۶	۲۵۷۰	۲۵۶۲	۲۵۵۴
۲۵۶۳	۲۵۵۸	۲۵۵۷	۲۵۶۹

طریقہ سورۂ یوسف

فصل چہارم سورۂ یوسف کے پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے بسم اللہ کہے اوسکے بعد اس دعا کو پڑھے اللھم رب السموات السبع ورب العرش الکریم ربنا ورب کل شیٔ منزل من التورات والانجیل والزبور والفرقان فالق الحب والنوی اعوذ بک من شر

کل شیٔ انت اخذ بناصیۃ انت فلیس قبلک شیٔ وانت الاخر فلیس بعدک شیٔ وانت الظاہر فلیس فوقک شیٔ وانت الباطن دونک شیٔ اقض عنا الدین اعثنا من الفقر وصلی اللہ علی خیر خلقہ محمد وآلہ واصحابہ اجمعین برحمتک یا ارحم الراحمین بعد اسکے دس مرتبہ درود اور تعوذ اور بسم اللہ پڑھے پھر سورۂ یوسف کو پڑھنا شروع کرے جسجگہ پر نام حضرت یوسف علیہ السلام کا آئے وہان پر بعد اوس نام کے پچیس بار یا عزیز پڑھے اور جب آیۃ نعمتہ علیک پر پہونچے تو اس پوری آیت کو دس بار پڑھے اور جب واللہ المستعان علی ما تصفون پر پہونچے دس بار اس آیت کو پڑھے واللہ غالب علی امرہ ولکن اکثر الناس لا یعلمون کو گیارہ بار پڑھے فلما اتوہ موثقہم قال اللہ علی ما نقول وکیل کو گیارہ بار پڑھے جب لفظ فہو کظیم پڑھے تو اوسکو بھی دس بار پڑھے اور اسکے بعد لا الہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین فاستجبنا لہ ونجیناہ من الغم وکذالک ننجی المؤمنین دس بار پڑھے افوض امری الی اللہ ان اللہ بصیر بالعباد پندرہ بار پڑھے اور یغفر اللہ لکم وھو ارحم الراحمین کو دس بار پڑھے اور ان ربی لطیف لما یشاء انہ ھو العلیم الحکیم دس بار پڑھے اور اوسکے بعد یا لطیف الطف الی ولوالدی فی جمیع الاحوال کما تحب وترضی تک انت ولی فی الدنیا والاخرۃ توفنی مسلما والحقنی بالصالحین کو دس بار پڑھے بعد اسکے سورہ کو ختم کرے دس بار درود آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور دس بار درود حضرت یوسف علیہ السلام پر پڑھے بعد اسکے اللھم لا تغیر اسمی ولا تبدل جسمی ولا تفرق بینی وبین حبیبک محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دس بار پڑھے اور انا جعلنا فی اعناقہم اغلالا فہی الی الاذقان فہم مقمحون وجعلنا من بین ایدیہم سدا ومن خلفہم سدا فاغشیناہم فہم لا یبصرون یا حمید الفعال امن علی بنقیصہ بلطفہ یا حمید اس آیت کو اکتالیس بار بعد زکوۃ سورۂ یوسف ہر روز پڑھے تمام مصائب اور بلاؤں سے محفوظ رہیگا۔ کوئی دشمن اوسپر فتحیاب نہوگا۔ ہر ایک اوسکی عظمت کرے گا یہ سورہ ۔۔۔ ہو جاویگا۔ اور فاتحہ ان بزرگوں کے نام کا دلاوے حضرت شاہ بدر عالم لکھکر ہوا ہین

حضرت شاہ سید حافظ ابوالقاسم حضرت شاہ سلام نقشبند حضرت شاہ محمد شفیع حضرت شاہ سید پیر محمد اور فاتحہ مین اس طرح سے پڑھے کہ اول آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار اور درمیان قل یاایہا الکافرون ایکبار قل ہو اللہ احد سات بار قل اعوذ برب الفلق قل اعوذ برب الناس ایک بار الحمد للہ سات بار الٓمٓ ایک بار والہکم ایک بار درود تاج ایک بار۔ سورۂ یوسف کی زکوٰۃ کے دو طریقہ ہین ایک تو یہ ہے کہ پندرہ دن برابر روزہ رکھے ترک حیوانات جلالی وجمالی کرے ہر روز صبح کو غسل کرے اور دو رکعت نماز پڑھے اوسکے بعد پندرہ بار سورۂ یوسف پڑھے۔ اور اسکے بعد ایک بار پھر سورۂ یوسف روزانہ کے طریقے سے پڑھے دوسرا طریقہ یہ ہے کہ عروج ماہ مین دوشنبہ سہ شنبہ چہارشنبہ پنجشنبہ کو روزہ رکھے اور ترک حیوانات جلالی وجمالی کرے اور ہر روز اکتالیس بار سورۂ یوسف پڑھے اور ایک بار بطریق روزانہ پڑھے لیکن پہلے روزہ کے دن فاتحہ حضرت یعقوبؑ اور حضرت یوسفؑ علیہم السلام کا دلائے بعد ادائے زکوٰۃ جس کام اور جس مہم کیواسطے سورۂ یوسف کو سات مرتبہ پڑھے کامیاب ہوگا لیکن اول آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھنا ضرور ہے

چند خواص سورۂ یوسف کے لکھے جاتے ہین

خاصیت اول جس شخص پر سحر ہو ایک بار اوسپر یہ سورہ اس طرح پر پڑھ کے تین دن تک دم کرے سحر جاتا رہے گا۔

خاصیت دوم پہلے درود پڑھے پھر یہ سورہ مذکور شروع کرے اور جہان لفظ یوسفؑ ملے وہان پر رکے اور مریض پر دم کرے پھر آگے پڑھے اسیطرح پوری سورۃ پڑھے اور مریض پر دم کرے انشاء اللہ اچھا ہوجائیگا

خاصیت سوم جو شخص اپنے محبوب سے جدا ہو وہ اسکو چالیس دن تک روز ایک بار اس طرح پر پڑھے کہ جہان لفظ یوسفؑ آوے وہان نام اپنے محبوب کا لیکر کہے کہ بطفیل ہین ایک سورۂ پاک کے یہ شخص مجھسے ملے اور میری محبت کرنے لگے اور جب سورۂ ختم ہولین چراغ تو مکان محبوب کا جس سمت ہو اوس طرف دم کردیا کرے

خاصیت چہارم تباہی دشمن کیواسطے اس کو سات دن تک قبرستان مین بعد نماز عشاکے اور ہر لفظ یوسف کے بعد اکتالیس بار یاقہار پڑھے اور مقصد تباہی دشمن مع نام کے دشمن ہلاک ہوجائے گا۔

خاصیت پنجم اگر کوئی مفلس آدمی اس سورۂ پاک کے نقش معظم کو گھول کے روز سویرے پی لیا کرے تو امیر ہوجائے

مبین	۱۵۶	الٓمٓر
سہلا	عزیزا	یوسف
یوسف	یا عزیز	بفضلاتٗ

خاصیت ششم اگر کند ذہن اس نقش کو روز پی لیا کرے اور تھوڑا پانی اپنے سینہ پر ملے تو صاحب ذہن ہوجائیگا کبھی یاد کی ہوئی بات نہ بھولیگا غرضکہ یہ سورہ اور یہ نقش ہر ایک امر کیواسطے مفید ہے لیکن زکوٰۃ ضرور دینا چاہیئے زکوٰۃ نقش کی یہ ہے کہ چالیس دن روز برابر بلا ناغہ ایک ہزار نقش لکھا کرے اور دریا مین ڈالا کرے شروع کرنے کے دن روزہ رکھے اور افطار شیر برنج سے کرے اور اوسپر فاتحہ حضرت علی مرتضیٰ مشکل کشا اور حضرت یوسفؑ اور حضرت یعقوب علیہم السلام کا دلائے اور اسی طرح آخر دن بھی روزہ رکھے اور فاتحہ دلاکر شیر برنج سے افطار کرے اور ادائے زکوٰۃ کے بعد یہ نقش ہر کام مین آویگا۔

فصل پنجم عمل حب و تسخیر خلایق کی

۷۸۶

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

اس نقش کو لکھکر اپنے داہنے بازو مین باندھے اور سامنے مطلوب کے جاوے مطلوب مہربان ہوجائیگا گو کیسا ہی اوس سے رنجیدہ ہو لیکن ببرکت اس نقش معظم کے صدق دل سے اسپر فریفتہ ہوجائے گا نقش یہ ہے

اگر کسی کو اپنا دوست کرنا ہو تو یکشنبہ کو اس نقش کو کاغذ پر لکھکر نادعلی سات بار پڑھکے اس تعویذ پر دم کرے اور مطلوب کے



مکان مین کسی اینٹ کے نیچے دفن کرے ایسے مقام
پر کہ جس طرف سے وہ اکثر چلتا ہو جسوقت اوسکا پاؤن
اوس مقام پر پڑیگا جہان تعویذ دفن ہی اوسی وقت سے
اوسکے دل مین محبت طالب کی ہو جائے گی
اور ہمیشہ باقی رہیگی۔ خود اوسکو بلائیگا اور ایک لمحہ
اوس محبوب کو طالب سے جدا رہنا ناگوار ہوگا۔

ایضاً جس شخص کی دو عورتین ہون اور ایک سے محبت کرتا ہو اور ایک سے متنفر رہتا ہو
تو اوس عورت کو جس سے اوسکو الفت نہین ہی چاہیئے کہ اس تعویذ کو وقت طلوع
آفتاب کے غسل کرکے مشک اور زعفران سے لکھے اور نام طالب و مطلوب اور مادر
طالب و پدر مطلوب ضرور لکھنا چاہیئے اسکو
لکھکر اپنے بازو مین باندھ لے انشاء اللہ تعالی
شوہر اوسکو چاہنے لگے گا دوسری بی بی سے
نفرت کلی ہو جائیگی لیکن نجاست کیحالت مین اس
نقش کو اپنے پاس نہ رکھے اسواسطے کہ اسمین

او	۱۴ح	کک	مدود
قادر۱۲	یابدوح	یابدیع	المجیب
ماالجر	اصت	راش۱	فسک۳
۵ابرسا	نہ میح	مرع	تاسنی

ملائکہ اور موکل اور باری تعالی کے اسماء ہین اوسکی شان مین بیحرمتی نکرنا چاہیئے ورنہ
سبب برائی کا ہوگا لیکن حرام کاری اور عیاشی ہی کے واسطے اس نقش معظم کو لکھے گا تو
سوائے نقصان کے کچھ فائدہ نہوگا۔

ایضاً محبت کیواسطے یہ تعویذ نہایت مجرب ہی اگر کسیکو اپنی محبت مین ایسا کرنا ہو کہ وہ
سوائے تیرے کسی سے ملنا پسند نکرے تو اس تعویذ کو جسمین موکلون کی بارہ نام ہین ایک
کاغذ پر لکھے اور اوس کا فتیلہ بناوے اور شب کو کڑوے تیل مین جلاوے لیکن چراغ
کورا ہونا چاہیئے۔ سات دن تک اس عمل کو کرے مطلوب بے بلائے ... آویگا

۷۸۶

سح و	للو	سح	ھر
سح	عدسح	لب جو	سمع
طاس	سح	سہج	اسلح

تعویذ کے نیچے نام مطلوب کا مع اوسکی مادر خواہ
پدر کے اور اپنا نام مع اپنے باپ کے نام کے
لکھے لیکن یہ چراغ اوس مکان مین جلے جہان
کوئی نہ رہتا ہو اور منہ چراغ کا خانۂ مطلوب کیطرف
کرے نہایت مجرب یہ تعویذ ہی اس اثنا مین ناغہ کرنا اچھا نہین اور شروع شب دوشنبہ یا
پنجشنبہ یا جمعہ سے کرنا چاہیئے حتی الامکان اگر عروج ماہ ہو تو اور زیادہ مناسب ہی۔
یہ نقش فسیکفیکہم اللہ وہو السمیع العلیم آیت قرآنی کا ہی



محبت کیواسطے نہایت مجرب ہی۔ عروج ماہ مین پنجشنبہ
کو اسکو زعفران سے لکھکر پانی مین ڈالکر کھلاوے یا
پان پر لکھے اور وہ پان کھلاوے ضرور
مطلب پورا ہوگا۔ اکثر مشائخ نے
اسکی نہایت تعریف کی ہی

اگر کسی عورت کا شوہر اوس سے ناراض ہو اور کبھی اوس سے خوش نہ رہتا
ہو تو عورت کو چاہیئے کہ اتوار کے دن آفتاب نکلتے وقت اس تعویذ کو مشک اور زعفران
سے لکھے اور شب کو شوہر کو پانی یا کسی اور چیز مین گھولکر پلا دیوے وہ اوسکے پیتے ہی
تابعدار اور مطیع ہو جاوے گا۔ اور کبھی سوائے اوس عورت کے دوسری
کی طرف التفات نکریگا۔ اکثر مشائخین کبار کا تجربہ کیا ہوا ہی یہ نہایت مجرب
نقش حب کے واسطے ہی

ط ۱۱۱۱ کسر ار وھ م ۱۶۹ ع ہ ۱۲ ۳ ۹ ۸ ۳ ۱۱ ۷ ۱۶ ۱۷ ۱ ب ھ ع ن

اگر عورت سے شوہر ناراض ہو تو یہ تعویذ لکھکر جمعہ کی نماز کے
بعد ناراض شوہر کو پلاوے شوہر مطیع اور فرمان بردار ہو جائے گا۔

ہرگز کبھی اوس کی مرضی کے خلاف کوئی کام نہ کرے گا لیکن اس نقش کو لکھتے وقت غسل کرکے پاک کپڑے پہن کے لکھے نجاست قریب آنے پائے نقش یہ ہی

۷۸۶

الٰہی الٰہی الٰہی بحرمت جبرئیل و میکائیل
اللھم اللھم بحرمت میکائیل و جبرئیل
الٰہی الٰہی الٰہی بحرمت اسرافیل و عزرائیل
اللھم اللھم اللھم بحرمت عزرائیل و اسرافیل
بحرمت جمیع انبیا و محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم
فلان بن فلان علی حب فلان بن فلان

۷۸۶

ب	د	و	ح
ح	و	د	ب
د	ب	ح	و
و	ح	ی	د

یہ دونوں نقش محبت کیواسطے نہایت مجرب ہیں لکھکر اپنے بازو میں باندھے مطلوب فرمانبردار ہوجائیگا نام مطلوب اور طالب کا بھی لکھنا چاہیئے

۷۸۶

غنی	رحمٰن	رحیم
کریم	فلاں تعـ	محمود
قادر	محب	مجیب

ایضاً۔ ان حروف کو آفتاب کے سامنے کھڑا ہوکر اکیس مرتبہ پڑھے اور بعد مٹی کے ٹکڑے سے اپنی پیشانی پر لکھے اور مطلوب کے سامنے جائے وہ عظمت کرے گا

ک ع ب و ن ہ م ٹ ح ب ا ل ل ہ

ایضاً۔ تسخیر خلائق کے واسطے روز بعد نماز کے اکیس ایک بار بسملا بفضلات یاعزیز پڑھا کرے مکرم و معظم خلائق ہوجائے گا ہر ایک عظمت کرے گا۔ اگر ظالم بادشاہ کے سامنے خون کرنے والا بھی اس دعا کو پڑھ کے جاوے تو خدا کے فضل سے کچھ ضرر نہو بلا ضرر کے واپس آوے۔

ایضاً جب حاکم کے سامنے جانے لگے الف سے یے تک کل حروف الگ الگ اپنے ہاتھوں پر دم کرے اور ہاتھوں کو منہ پر پھیرے اور پھر پڑھے داہنی جانب اور

پھر بائیں جانب دم کرے ہرگز حاکم سے ضرر نپائے گا سرخرو واپس آوے گا۔

ایضاً اگر کسی کو اپنا عاشق کرنا ہو تو سات ٹکڑے روٹی کے لیکر ہر ٹکڑے پر اس نقش کو لکھے اور کتے کے سامنے ڈالے سات دن تک اسی طرح کتے کو کھلائے مطلوب خود طالب ہوجائیگا اور الفت کریگا پھر وہ الفت کسیطرح کم نہوسکے گی۔ فلان بن فلان علی حب فلان بن فلان

الا صلھوا ملھوا لطبع ھھلوا صنح

باب دوم
فصل اول بسم اللہ کے بیان میں

نظم ای عزیزی اسم بسم اللہ را ٭ کت نسازی گہ ز لوح دل جدا ٭ چونتو خواندی اسم بسم اللہ بجان ٭ کار مشکل گردوت آسان عیان ٭ حدیث شریف میں آیا ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں کوئی بندہ کہ کہے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم مگر حکم کرتا ہے اللہ کراماً کاتبین کو یہ کہ لکھیں بیچ نامۂ اعمال اوسکے کے چار لاکھ درجے بہشت کے اور دور کریں اوسکے نامہ اعمال سے چار لاکھ برائیاں۔ دوسری حدیث میں آیا ہے کہ جو کوئی لکھے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اچھی طرح واسطے تعظیم اللہ کے بخشے گا اللہ تعالی گناہ اوسکے جتنے کہ گذرے ہیں۔

ترکیب دعوت بسم اللہ چاہیئے کہ اول ترک حیوانات جلالی و جمالی کرے اور معاصی سے اجتناب کرے عروج ماہ میں بعد نماز صبح کے دعوت شروع کرے اوسکے تین طریقہ ہیں الوف یعنی ہزار اور مات یعنی سیکڑہ اور عشرات یعنی دہائی ہر روز دس ہزار بار دس روز تک پڑھے جب ایک لاکھ ہووے اور مات اختیار کرے ہر روز ہزار بار پڑھے اور اگر عشرات کو اختیار کرے ہر روز ہزار سو بار پڑھے لیکن دعوت بہتر ہے بعد اتمام ایام معینہ کے ہر روز سو بار پڑھا کرے پھر جس امر کے واسطے حاجت بر آویگی۔

خ۔ ہے کہ جب بسم اللہ شریف نازل ہوئی تو اوسکی ہیبت سے پہاڑ تھرا گئے عبداللہ بن مسعود

کہ جو کوئی چاہے کہ اونیس فرشتون کے عذاب سے جو دوزخ کے موکل ہین نجات ملے
تو اوسکو چاہیئے کہ بسم اللہ پڑھا کرے اس لیے کہ اونیس ہی حرف بسم اللہ کے ہین ہر برکت
ہر حرف کے ایک موکل عذاب سے نجات ملیگی حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ
جب بسم اللہ نازل ہوئی تو ابر آسمان سے مشرق کی طرف بھاگا اور ہوائے تند ساکت
ہوگئی اور دریا بہنے سے بند ہوا اور جانور سرکش فرمان بردار ہوگئے اور شیاطین
آسمانون سے نکال دیے گئے پس فرمایا اللہ تعالیٰ نے کہ قسم ہے مجھے اپنے عزت اور
جلال کی جو کوئی خلوص نیت سے کسی بیمار پر میرا یہ نام دم کرے گا اوس کو اپنے فضل و
کرم سے شفائے کلی دونگا اور جس کام کے شروع مین میرا یہ نام لیا جائے گا اوسمین برکت
دونگا علما کا قول ہے کہ جب کوئی مشکل پیش آئے تو بسم اللہ کو بطہارت کامل (۷۸۶)
بار سات دن تک پڑھے وہ مشکل ضرور آسان ہو جائیگی۔ اور حاجت بر آئے گی اور
جو کوئی بسم اللہ کو بعد نماز صبح کے ایک ہزار پانچ سو بار کسی مطلب کے واسطے
پڑھے تو وہ مطلب پورا ہو جائے گا۔
واسطے کشایش روزی کے بسم اللہ کو لب دریا بعد نماز صبح کے بارہ ہزار بار اور
بعد نماز مغرب کے بارہ ہزار بار پڑھے اور قبل پڑھنے کے ترک حیوانات ضرور ہے اور
واسطے رضامندی حکام اور حصول دولت اور منصب اور عزت کے پنجشنبہ کو روزہ
رکھے اور چھوارے سے افطار کرے اور نماز مغرب پڑھکر بسم اللہ کو ایک سو اکیس (۱۲۱) بار پڑھے
اوسکے بعد عشا کی نماز پڑھکر سونے کی نیت سے لیٹے اور نیت روزہ کی کرے بسم اللہ پڑھنا
شروع کرے یہانتک کہ پڑھتے پڑھتے سو جائے جب صبح ہو اور روز جمعہ ہو دوسرے نماز صبح
پڑھکر پھر بسم اللہ کو ایک سو اکیس بار پڑھے اور اس طرح سے بسم اللہ کو زعفران اور گلاب
وغیرہ سے لکھے ب س م ا ل ل ہ ا ل ر ح م ن ا ل ر ح ی م جو کوئی مرد یا عورت اس
عمل شریف کو کرے گا لوگون کی نظرون مین مثل چودھوین رات کے چاند کے

ہوگا اور اوسکا وقار سب کے دلون مین ہوگا۔
ایضًا۔ علمائے کرام فرماتے ہین کہ جو کوئی بسم اللہ کو کاغذ پر لکھکر ایک سو ایک بار
اپنے کھیت یا باغ مین دفن کرے تو وہ کھیت اور باغ ہرا بھرا رہیگا اور اوسمین غلہ اور
پھل پھول بہت کثرت سے پیدا ہونگے۔
ایضًا۔ جو کوئی صرف الرحمٰن کو کاغذ پر پانچ سو بار لکھکر اور ایک سو پچاس بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
پڑھکر اوس کاغذ پر دم کرے اور اوسے اپنے پاس بحفاظت تمام رکھے ہمیشہ خلایق
کی نظرون مین باوقار اور صاحب عزت رہیگا اور حاکم وقت اوسکی کمال توقیر کریگا
اور وہ اپنی زندگی بھر جمیع آفات اور بلیات دنیوی سے محفوظ رہے گا۔ لیکن نجاست
کی حالت مین اوس کاغذ کو اپنے پاس سے جدا کر دے اور غسل کر کے پھر
اپنے پاس رکھ لے کیونکہ نجاست سے ہرگز عمل اثر نہین کرتا اور متبرک چیزون کو
نجاست مین اپنے پاس نہ رکھنا چاہیئے۔
ایضًا جو کوئی کلمہ متبرکہ الرحیم کو ایک سو دس (۱۱۰) بار کاغذ پر لکھکر اپنے پاس رکھے گا بشرط
احتیاط معرکہ جنگ مین گولی اور تلوار کے زخم سے بچیگا اور کوئی حربہ اوسکے جسم پر کارگر
نہوگا ایضًا جب کوئی کسی حاکم ظالم کے سامنے جاوے تو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کو
پچاس مرتبہ پڑھکر حاکم ظالم پر دم کرے وہ رحمدل ہو جائیگا اور اوسکی محبت اوسکے
دل مین پیدا ہوگی اور اوسکی از حد خاطرداری کریگا۔
ایضًا جب کوئی شخص کسی حاکم جابر کے سامنے جائے تو کلمہ کی اونگلی سے اپنی پیشانی
پر بسم اللہ کو لکھے حاکم کمال خاطر سے پیش آویگا اور اوسکی خاطر اور مدارات کرے گا
لیکن نجاست مین اس عمل کو نکرے ورنہ ذلت ہوگی۔ رسوائی پیش آئے گی۔
ایضًا بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کو ہر روز سات سو چھیاسی بار ایک اربعین تک پڑھے
بعد تمام اربعین کے ہر روز ایک سو تیس (۱۳۰) بار پڑھا کرے پھر جب کوئی مہم پیش آئے تو

اونیس ۱۹ بار وقت معینہ پر اونیس روز تک پڑھا کرے مہم آسان ہوجاویگی اور اوسکا کام
مکمل جاویگا یہ طریقہ نہایت مجرب ہو اکثر بزرگون نے کیا ہو۔

ایضاً رسالۂ منور القلوب مین لکھا ہو کہ عبد اللہ ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے منقول ہے
کہ اونھون نے فرمایا ہے کہ جس شخص کو اللہ تعالیٰ کی طرف کوئی حاجت پیش آوے تو
چاہئے کہ چہارشنبہ اور پنجشنبہ اور جمعہ کو یعنی تین روزے رکھے اور تیسرے دن یعنی
جمعہ کو غسل کرکے مسجد مین جاوے اور جو کچھ ہو سکے تصدق کرے اور بعد نماز جمعہ کے
قبلہ رو ہو کر یہ دعا پڑھے اللھم انی اسئلک باسمک بسم اللہ الرحمن
الرحیم ھو اللہ الذی لا الٰہ الا ھو عالم الغیب والشھادۃ ھو
الرحمن الرحیم واسئلک باسمک بسم اللہ الرحمن الرحیم لا الٰہ الا ھو الحی القیوم لا
تاخذہ سنۃ ولا نوم لہ ما فی السمٰوٰت وما فی الارض من ذا الذی یشفع عندہ الا
باذنہ یعلم ما بین ایدیھم وما خلفھم واسئلک باسمک بسم اللہ الرحمن الرحیم الذی
عنت الوجوہ للحی القیوم وخشعت الاصوات ووجلت القلوب من خشیتہ ان تصلی علی محمد وآل محمد وان تقضی حاجتی
اس دعا کو پڑھ کے اپنی حاجت کا نام لیوے کہ فلان مطلب میرا برآوے۔

ایضاً۔ علما فرماتے ہین کہ جو کوئی بسم اللہ الرحمن الرحیم کو چھ سو چھبیس مرتبہ لکھکر
تعویذ بنائے اور اوس تعویذ کو اپنے پاس رکھے خلائق کی نظرون مین اوسکا وقار ہوگا۔

ایضاً اور بعض خواص سے منقول ہو کہ جو کوئی بسم اللہ الرحمن الرحیم کو سات سو چھیاسی
بار پڑھ کر پانی پر دم کرکے جسکو چاہے پلاوے پینے والے کے دل مین اس پلانیوالے
کی محبت کثرت سے ہوجائیگی اور اگر یہ پانی کند ذہن کو پلا دیا جاوے تو اوسکا
ذہن زیادہ ہو جاوے۔

ایضاً جب کسی کو کوئی حاجت پیش آوے تو نوچندے جمعہ کو جس وقت آفتاب طلوع ہوتا ہو دو رکعت
نماز بہ نیت نفل پڑھے پھر اس نقش کو لکھکر پڑھے اور موم جامہ کرکے اپنے بازو پر باندھے

ایضاً جو کوئی ارادہ کرے دفع شر کا ظالم سے
تو چاہیے کہ ایک سانگے کی تختی پر اس نقش کو
لکھے اور درمیان مین نام اوس ظالم کا جسکے شر سے
بچنا چاہتا ہو لکھے اور تعویذ کو ہینگ سے دھونی
دیکر چولھے مین دفن کردے وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

بسم	الله	الرحمن	الرحیم
الرحیم	الرحمن	الله	بسم
الله	بسم	الرحیم	الرحمن
الرحمن	الرحیم	بسم	الله

۷۸۶

بسم الله الرحمن الرحیم فلان
الله الرحمن الرحیم فلان بسم
الرحمن الرحیم فلان بسم الله
الرحیم فلان بسم الله الرحمن
فلان بسم الله الرحمن الرحیم

ایضاً جو کوئی اس نقش بسم اللہ الرحمن الرحیم کو
باطہارت لکھکر اپنے پاس رکھے جسکے سامنے جائیگا وہ
اسکی عزت کریگا رزق غیب سے ملیگا جو مشکل ہوگی آسان ہوگی

۱۸۹	۲۵۲	۱۹۹	۱۹۶
۲۹۸	۱۹۷	۱۱۹	۲۰۱
۱۹۳	۱۹۷	۲۰۳	۱۹۱
۲۰۳	۱۹۲	۱۹۳	۱۹۸

ایضاً جو شخص محتاج ہوگیا ہو اس نقش بسم اللہ کو چالیس روز تک
ہزار بار لکھے اور دریا مین ڈالے بفضل خدا سے مالدار ہوجائیگا غیب سے اوسکو روزی ملیگی عمر بھر کسی کا محتاج نہ ہوگا

ب س م	ا ل ل ہ ا	ل ر ح م ن	ا ل ر ح ی م
ب س م	ا ل ل ہ ا	ل ر ح م ن	ا ل ر ح ی م
ب س م	ا ل ل ہ ا	ل ر ح م ن	ا ل ر ح ی م
ب س م	ا ل ل ہ ا	ل ر ح م ن	ا ل ر ح ی م
ب س م	ا ل ل ہ ا	ل ر ح م ن	ا ل ر ح ی م
ب س م	ا ل ل ہ ا	ل ر ح م ن	ا ل ر ح ی م

فصل دوم سورۂ فاتحہ کے بیان مین

سورۂ فاتحہ بڑی عظیم الشان سورۃ ہے حق تعالیٰ فرماتا ہے ولقد اتینٰک سبعا من المثانی
والقرآن العظیم یعنی دین ہم نے تجکو اے محمد صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم سات آیتین کہ کر ر پڑھی جاتی ہین

نماز مین مراد اس سے یہی سورۂ فاتحہ ہے اور دیا ہم نے تجھکو قرآن عظیم مراد اس سے یہی سورۂ فاتحہ ہے اسواسطے کہ یہ جزو اعظم قرآن کا ہے پس بمبالغہ فرمایا کہ یہ قرآن عظیم ہے اور ابونعیم اور دیلمی نے ابوداؤد سے روایت کی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ فاتحۃ الکتاب کفایت کرتی ہے اوس چیز سے کہ کوئی چیز قرآن سے کفایت نہین اگر فاتحۃ الکتاب ایک ترازو مین رکھین اور تمام قرآن کو دوسرے پلہ مین تو البتہ فاتحۃ الکتاب ساتھ تمام قرآن کے برابر ہو ابو عبیدہ فضائل قرآن مین حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ تعالی علیہ سے روایت کرتے ہین کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی فاتحۃ الکتاب کو پڑھے گویا اوسنے تمام کتب منزلہ کو پڑھا علما فرماتے ہین کہ جو اگلی کتابون مین ہے وہ سب قرآن مین ہے اور جو کچھ قرآن مین ہے وہ سب سورۂ فاتحہ مین ہے۔

رسالہ منور القلوب مین لکھا ہے کہ دعوت سورۂ فاتحہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت امیر المومنین علی ابن ابی طالب کرم اللہ وجہہ کو تعلیم فرمائی اور اونھون نے حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کو اور اونھون نے حضرت امام حسین رضی اللہ تعالی عنہ کو اور اونھون نے حضرت امام زین العابدین علیہ السلام کو اور اونھون نے حضرت امام محمد باقر علیہ السلام کو اور اونھون نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام اور اونھون نے حضرت امام موسی رضا کاظم علیہ السلام کو۔

اور حضرت بایزید بسطامی قدس اللہ سرہ فرماتے ہین کہ مین نے اونتیس ۲۹ برس تک دعوت چہل اسم اور فرشیا وغیرہ مین صرف کیے اور کوئی فائدہ کما حقہ جامع نظر نہ آیا اتفاقا مین ایکروز خدمت مین حضرت امام موسی رضا کاظم علیہ السلام کی گیا اور عرض حال کیا کہ اونتیس ۲۹ برس ہوئے کہ آپ کا غلام دعوت کرتا ہے اور اب تک کچھ بھی تجلیات خاص سے فیضیاب نہوا حضرت امام موسی رضا کاظم علیہ السلام نے کمال لطف اور نہایت شفقت سے فرمایا کہ ابھی منزل مقصود دور ہے دعوت کیے جاؤ مراد کو پہونچ جائے [illegible] مین نے

عاجزی سے اپنا سر حضرت امام علیہ السلام کے قدوم میمنت لزوم پر رکھدیا اور عرض کیا کہ یا امام مجھکو تعلیم فرمائیے اور راہ ہدایت کی بتلائیے کہ قوت دعوت کی حاصل ہو اور بھید مکاشفات اور مراقبات کے کھلجاوین امام علیہ السلام نے فرمایا کہ واللہ اگر تم ہزار ہزار برس تک دعوت کرتے رہوگے کچھ حاصل نہوگا جبتک ہماری اجازت سے سورۂ فاتحہ کی دعوت نکروگے کبھی مطلب کو نہ پہونچوگے مین نے کہا یا حضرت پھر مجھے اوسکی تعلیم فرمائیے بعد ایک مدت کے آپ نے خلوت کی اجازت دی اونتالیس دن تک مین اوس دعوت مین مشغول رہا ہر روز عجائبات دیکھتا تھا اور کچھ بھی خوف نکھاتا تھا اڑتیسوین روز چار موکل بہت سے کواکب کے ساتھ میرے پاس آئے اور سلام علیک کی مین نے جواب سلام دیدیا پھر موکلون نے کہا کہ ہم حاضر ہین اے صاحب دعوت اپنا مدعا کہ تیری خدمت بجا لاوین اور ہم سب فرمانبردار اسماء کے ہین اور جسقدر کہ اللہ تعالی نے ملک اور ارواح اور جن اور انس پیدا کیے ہین ہمارے تحت و تصرف مین ہین اور جو کچھ تیرا مدعا ہوگا حاصل ہوگا مین نے کچھ جواب نہ دیا یہان تک کہ اونھون نے کمال الحاح سے پھر کہا مین نے اونکا نام پوچھا ایک نے کہا کہ میرا نام ارفائیل ہے چار ہزار گروہ فرشتون کے میرے مطیع ہین بحق خطمت هجا و بحق هذا الفرقان الاعظم بحق ام الدعوات اسکے بعد دوسرا موکل آیا مین نے اوسکا نام پوچھا اوسنے کہا کہ میرا نام مورخ [illegible] ارواح جن و انس میرے زیر فرمان ہین بوقت اس دعوت کے جس کام کا مجھے حکم ہو بجا لاؤن پھر تیسرا موکل آیا مین نے اوسکا نام پوچھا اوسنے کہا میرا نام سرخائیل ہے تمام جن و انس اور شیاطین اور ارواح ارضی و سماوی اس اسم کے تابع ہین اور وہ سب میرے مطیع ہین جو کچھ آپ فرمائین مین اوسکو بجا لاؤن اوسکے بعد چوتھا موکل آیا مین نے اوسکا نام پوچھا اوسنے کہا کہ میرا نام شتنج ہے اللہ تعالی نے مجھکو بہت بزرگیان عنایت فرمائی ہین بارہ ہزار [illegible] سو ملک اور سات ہزار جن اور انس میرے تابع ہین باللہ

الواحد القہار و بحق یا بدوح جب صاحب دعوت مجھکو طلب کرے حاضر ہون اور جس مطلب کے واسطے حکم کرے فوراً بجالاؤن مین نے بجز آگ پر ڈالکر اون سب کو رخصت کیا اور اونتالیس روز تمام عالم علوی اور سفلی کو مین نے مشاہدہ کیا اور غرائبات اور عجائبات دیکھے۔ چالیسوین دنین جاکر امام ہمام علیہ السلام کا قدمبوس ہوا امام موسیٰ رضا کاظم علیہ السلام نے میرے حال پر بہت شفقت فرمائی اور بہ لطف مجھے رخصت کیا اور فرمایا کہ جسکو اسکے لائق پانا اس طریقے کی اجازت دینا۔

طریقۂ زکوٰۃ سورۂ فاتحہ اول ترک حیوانات جلالی اور جمالی کرنا ضرور ہی۔ عروج ماہ مین دوشنبہ کے روز روزہ رکھے اور رات کو خلوت مین بیٹھکر ہر شب ہزار ہزار بار چالیس دن تک پڑھا کرے اور جبتک چلہ تمام نہو خلوت سے باہر نہ آئے مگر بضرورت مضائقہ نہین ہے اور کسی سے بات نکرے اور بعد ہر صدی کے درود پڑھے۔

ایضاً حضرت شیخ سعد الدین حموی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا ہے کہ جس کسی کو کوئی حاجت پیش آوے سورۂ فاتحہ کو ایاک نستعین تک پڑھکر سورۂ اخلاص اور یہ دعا پڑھے اللھم کما جمعتہ بین صفاتك واسمائك وافعالك فاجمع بيني وبين حاجتي بحق محمد و آلہ و اصحابہ اجمعین پھر باقی سورہ کو پڑھے ایک سو ایک بار گیارہ روز تک پڑھے حاجت بر آویگی۔

خواص سورۂ فاتحہ

اگر کوئی شخص بیمار ہو اور ہزار ہا حکیم کے علاج سے اوسکو شفا نہوئی ہو تو بعد نماز فجر کے چینی کی رکابی پر نقش سورۂ فاتحہ تک مشک اور زعفران سے لکھکر دھوئے اور پلاوے سات دن تک اسی طرح سے روز عمل کیا جاوے اور جس رکابی پر نقش لکھا جاوے اسکو احتیاط سے الگ رکھدینا چاہیے گھر کے کسی کام مین پھر اوسکو نہ لائے بعد سات دن کے جب اوسکے لکھنے کی میعاد ختم ہو جائے یا اسکے درمیان مین مریض اچھا ہو جائے تو اختیار ہے

جس کام مین چاہے اوس رکابی کو لا سکتا ہی اور جسوقت مریض کلی صحت پائے اوسوقت دو مسکینون کو کھانا کھلانا لازم ہے۔

ایضاً۔ اگر اس نقش معظم کو کوئی شخص ساعت زہرہ یا مشتری مین لکھکر اپنے پاس رکھے تو جس حاکم ظالم یا دشمن کے سامنے وہ شخص جاوے گا ہرگز بے مراد نہ پھریگا دشمن دوست ہو جائیگا ظالم مہربان ہو جائے گا۔

ایضاً اگر کوئی شخص محتاج ہو گیا ہو تو چالیس دن اس نقش معظم کو اسطرح پر لکھے کہ پہلے دن ایک دوسرے دن دو تیسرے دن تین چوتھے دن چار اسیطرح چالیس دن تک ایک بڑھاتا جائے جب چالیسوین دن چالیسون پورے ہو جائین اور مراد حاصل نہو پھر اوسی طرح ہر روز ایک ایک نقش گھٹاتا چلا آوے اور روز نقش کو لکھکر آٹے مین لپیٹ کر ایک وقت دریا مین ڈال آیا کرے دو چلہ کے اندر ہی اندر مفلسی دور ہو جاویگی اور غیب سے اوسکو رزق ملیگا اور کسی کا محتاج نرہیگا غرض یہ ہے کہ یہ نقش ہر ایک کام کے واسطے اکسیر کی خاصیت رکھتا ہی۔ نہایت مجرب ہے اور کیون نہو خدا کا کلام ہے مگر نجاست کی حالت مین نقش مذکور نہ لکھنا چاہیے نقش یہ ہی۔

الحمد للہ رب العلمین مالك یوم الدین اهدنا الصراط المستقیم غیر المغضوب علیهم
الرحمٰن الرحیم ایاك نعبد و ایاك نستعین صراط الذین انعمت علیهم و لا الضالین آمین
مالك یوم الدین اهدنا الصراط المستقیم غیر المغضوب علیهم الحمد للہ رب العلمین
ایاك نعبد و ایاك نستعین صراط الذین نعمت علیهم و لا الضالین آمین الرحمٰن الرحیم
مالك یوم الدین ایاك
اهدنا الصراط المستقیم غیر المغضوب علیهم یہان مقصد لکھا جاتا ہے نعبد و ایاك نستعین
صراط الذین انعمت علیهم و لا الضالین آمین
غیر المغضوب علیهم اهدنا الصراط المستقیم غیر المغضوب علیهم یہان پر اپنا نام لکھے
و لا الضالین آمین صراط الذین انعمت علیهم و لا الضالین آمین

اور کوئی اس نقش سورۂ فاتحہ کو اپنے پاس رکھے مفتوح غیب سے ہو اور بیمار نہو اگر ہو تو بہت

جلد شفا پاوے جسپر خلائق اوسکے مسخر ہون اور کوئی مشکل اوسکو پیش نہ آوے۔

نقش یہ ہے

۱	ع ۱۲۱	ع ۱۱۸	۸
ع ۱۱۹	۷	۲	ع ۱۲ ع
۶	ع ۱۶	ع ۱۴۳	۳
ع ۱۲۲	۴	ع	ع ۱۱۷

۷۸۶

فصل سوم فوائد آیۃ الکرسی کے بیان مین

واسطے برآمد حاجات دینی اور دنیوی کے آیۃ الکرسی پڑھے کام پورا ہو جائیگا مسلم نے ابوداؤد سے روایت کی ہے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ آیۃ الکرسی بزرگتر بن آیتون کی ہے خواب مین بیچ کتاب الحمد کے نقل کی ابن حبان نے جو رکھے آیۃ الکرسی کو اپنے مال یا اولاد پر یعنے دم کرے یا لکھکر لٹکا دے تو نزدیک نہین ہونے کا شیطان یعنی اوس مال اور اوس اولاد کے پاس شیطان نہین آنے کا اور نہین ضرر کرنے کا منقول ہے کہ جب آیۃ الکرسی نازل ہوئی تو اوسکے ہمراہ ستر ہزار فرشتے آئے یہ صرف واسطے جلالت اور علو مرتبت کے تھا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی اس آیۃ الکرسی کو بعد ہر نماز کے پڑھیگا تو وہ شخص بیشک جنت مین داخل ہوگا۔ اور علما نے فرمایا ہے کہ جو کوئی اسکو صبح کے وقت پڑھے گا تو وہ شخص تمام عمر خدا کی امان مین رہے گا شیطان کے شر سے۔ اسکی دعوت کے طریقے مشائخ کبار نے بہت لکھے ہین مگر سب سے آسان یہ طریقہ ہے کہ بعد نماز فجر اور شام کے پڑھا کرے اول و آخر درود اس آیہ کریمہ مین دو وقت مین جب ہو پر پہونچے تو چھنگلیا کھڑی کرکے گردش دے اور جب القیوم پر پہونچے چھنگلیا کے پاس والی اونگلی کھڑی کرے اور جب ولا نوم پر پہونچے تو بیچ کی اونگلی اور جب حفظہما پر پہونچے تو کلمہ کی اونگلی اور وھو العلی العظیم کو دس بار تکرار کرے اور ایک بار بوضع معہود اپنے ہاتھ

کی اونگلی سے اشارہ کرے اور دوسرے ہاتھ سے بائین ہاتھ کے انگوٹھے سے اشارہ کرے پھر ان آیات کو پڑھے الھکم الہ واحد لا الہ الا ھو الرحمن الرحیم والم اللہ لا الہ الا ھو القیوم لا الہ الا انت سبحانك انی کنت من الظلمین ہر ایک اونگلی سے تین بار پڑھے اور اشارہ دونون انگوٹھون سے کرے اور کہے اللھم یا وھاب پھر ابہام دست راست سے اونگلیان بند کرے اور یا فتاح یا رزاق یا غنی یا کافی یا بدوح یا حفیظ یا لطیف کہکر دست چپ سے اونگلیان اخیر تک بند کرے ویقطہ ھذہ الایات المقطعات کے اور جو حاجت ہو دل مین رکھے اور بحق کھیعص کفایت کہہ کے اونگلیان داہنے ہاتھ کی کھول دے اور بائین ہاتھ کی اونگلیان بحق حم عسق حمایت کہہ کے کھول دے پھر لفظ لیس کو تین بار کہے داہنے ہاتھ کی اونگلیون کو بند پھر بائین ہاتھ کی پھر والقران الحکیم سلام قولا من رب الرحیم وعنت الوجوہ للحی القیوم یا حی یا قیوم یا حافظ یا ناصر یا معین برحمتك استغیث دس بار پڑھے پھر وھو العلی العظیم کے پھر لا اکراہ فی الدین سے خلدون تک پڑھے پھر یہ دعا پڑھے سبحان اللہ ذی الملك والملکوت واعتصمت بذی العزۃ والجبروت وتوکلت علے الحی الذی لا یموت دخلت فی حرز اللہ عصمۃ اللہ وکیف اللہ وامات اللہ وجوار اللہ وبحق کھیعص کفایتنا فسیکفیکھم اللہ وھو السمیع العلیم بسم اللہ بابنا وتبارك حیطاننا ولیس سقفنا لا الہ الا اللہ حصارنا محمد رسول اللہ قفلہ ومسمارہ وعلی اللہ تعالی علے خیر خلقہ محمد والہ واصحابہ اجمعین پھر ہاتھون پر دم کرکے اپنے تمام جسم پر ملے اور دعا مانگے خواص اس آیۃ الکرسی اور نقش کے بہت ہین ہر کام کے واسطے یہ عمل مجرب ہے اگر اسکو کوئی حاملہ عورت پڑھے سات دن تک برابر تو اولاد نرینہ پیدا ہو اگر کوئی محتاج

پڑھے بہت جلد مالدار ہو جائے اور اگر سور پر دم کیا جائے سحر دور ہو جائے ۔ آسیب والے پر دم کرے آسیب بھاگے اسکے کئی نقش ہین جس نقش کو جس کام کے واسطے لکھے ہر ایک مجرب ہے ۔

نقش آیۃ الکرسی کا ہے سحر کے دفعیہ کے واسطے اکسیر ہے جس مقام پر سحر ہو یا کوئی جن یا بھوت یا چڑیل ہو اور وا وسنے وہان سکونت اختیار کی ہو کسیطرح وہ اپنا عمل سے دور نہ کرتا ہو تو اس تعویذ لکھکر اوس مکان مین لگاوے اور اسی کا فتیلہ بناکر کڑوے تیل مین شب کو جلادے سات دن کے اندر وہ بلا وہان سے دور ہو جاویگی اگر کسی آدمی پر سحر ہو تو سات دن اوسکو چینی کی رکابی پر لکھے اور دھو کے پلاوے سب سحر جاتا رہیگا جس شخص کو اپنی محافظت تمام اجنہ اور خبیثون سے کرنا مقصود ہو تو اس نقش کو لکھکر اپنے پاس رکھے اور جہان چاہے جاوے کوئی بلا اوسکو ستا نہ سکے گی ۔ اگر روز صبحکو اوٹھکر اس تعویذ کو ایکنظر دیکھ لیا کرے تو امراض غلیظہ سے محفوظ رہے گا ۔ دشمن کو اگر تباہ کرنا ہو تو نقش کو مشک اور زعفران سے لکھکر ہُدہُد کے پاؤن مین باندھ کر اوسکو اڑا دے دشمن تباہ اور ہلاک ہوجاویگا غرضکہ یہ نقش ہر ایک مہم اور ہر کار کے واسطے اکسیر کا اثر رکھتا ہے زکوۃ اسکی یہ ہے کہ چالیس دن مین چالیس ہزار نقش لکھکر دریا مین ڈالے اور شروع کرتے دن اور ختم چلہ کے دن روزہ رکھے اوسکے بعد ہر کام مین یہ نقش معظم آسکتا ہے ۔

اللہ لا الٰہ الا ھو	الحی القیوم لا	تاخذہ سنۃ ولا نوم	لہ ما فی السمٰوٰت	وما فی الارض	من ذا الذی یشفع عندہ	الا باذنہ	یعلم ما بین ایدیھم
الحی القیوم لا	تاخذہ سنۃ ولا نوم	لہ ما فی السمٰوٰت	وما فی الارض	من ذا الذی یشفع عندہ	الا باذنہ	یعلم ما بین ایدیھم	وما خلفھم
تاخذہ سنۃ ولا نوم	لہ ما فی السمٰوٰت	وما فی الارض	من ذا الذی یشفع عندہ	الا باذنہ	یعلم ما بین ایدیھم	وما خلفھم	ولا یحیطون بشیء من علمہ

لہ ما فی السمٰوٰت	وما فی الارض	من ذا الذی یشفع عندہ	الا باذنہ	یعلم ما بین ایدیھم	وما خلفھم	ولا یحیطون بشیء من علمہ	الا بما شاء وسع کرسیہ
وما فی الارض	من ذا الذی یشفع عندہ	الا باذنہ	یعلم ما بین ایدیھم	وما خلفھم	ولا یحیطون بشیء من علمہ	الا بما شاء وسع کرسیہ	السمٰوٰت والارض
من ذا الذی یشفع عندہ	الا باذنہ	یعلم ما بین ایدیھم	وما خلفھم	ولا یحیطون بشیء من علمہ	الا بما شاء وسع کرسیہ	السمٰوٰت والارض	ولا یؤدہ حفظھما
الا باذنہ	یعلم ما بین ایدیھم	وما خلفھم	ولا یحیطون بشیء من علمہ	الا بما شاء وسع کرسیہ	السمٰوٰت والارض	ولا یؤدہ حفظھما	وھو
یعلم ما بین ایدیھم	وما خلفھم	ولا یحیطون بشیء من علمہ	الا بما شاء وسع کرسیہ	السمٰوٰت والارض	ولا یؤدہ حفظھما	وھو	العلی العظیم

طریقہ زکوۃ سورۂ یٰسین

اول ترک حیوانات جمالی وجلالی کرے پھر ان تین طریقون مین سے جو طریقہ اسکو آسان معلوم ہو اسے کرے **طریقہ اول** یہ ہے کہ جمعرات کے دن عروج ماہ مین بعد نماز مغرب کے ایکبار پڑھے اور دوسرے روز اوسیوقت دو بار پڑھے پھر ایک ایک بار پڑھتا جاوے یہانتک کہ چالیسوین دن چالیس بار پڑھے پھر ایک ایک کم کرتا جائے یہانتک کہ دوسرے چلہ کے آخر مین ایکبار رہجاے بعدہ ہر روز بلاناغہ ایک مرتبہ پڑھا کرے جس کام کیواسطے پڑھیگا مطلب حاصل ہوگا مگر زکوۃ کی میعاد مین ناغہ نکرے ورنہ برا ہوگا **دوسرا طریقہ** یہ ہے کہ جب کوئی مہم پیش آوے سات یا تین آدمی سورہ یٰسین اکتالیس بار پڑھین اور اول اور آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھین اور احتیاط گوشت اور پیاز لسن وغیرہ سے ضرور ہے اور ایک ہی جلسہ مین اس سورہ یٰسین کو پڑھنا چاہئے اور اگر دریا کے کنارے یہ عمل کیا جائے تو بہت بہتر ہے اسکو دریا کے کنارے پڑھنے سے یہ مطلب نہین ہے کہ اگر کسی صاحب کا مکان لب دریا ہو اس مکان مین عمل پڑھا جاوے تو وہ دریا کے کنارے مین داخل نہوگا بلکہ مقام سکونت سے الگ جانا ہوگا

بلکہ مقصد یہ ہے کہ دریا کنارے بیٹھے اور پڑھنا شروع کرے اور اگر لب دریا نہ پڑھ سکے تو ایک طشت مین اپنے سامنے پانی رکھے اور دل مین یہ تصور کرے کہ حضرت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم یہان تشریف فرما ہین تیسرا طریقہ یہ ہے کہ سورۂ یٰسین شروع کرے اور جب مبین پر پہونچے تو پھر شروع سے پڑھے اسی طرح ساتون مبین کے بعد پھر سے شروع کرے اور جب سات مبین پلٹ چکے تو سورہ کو ختم کرے لیکن اول و آخر گیارہ بار درود شریف پڑھے۔

در النظیم مین لکھا ہے کہ انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ ہر شے کیواسطے قلب ہوا ور قلب قرآن کا یٰسین ہے پھر جسکی شان مین رسول اللہ صلعم یہ فرمائین تو اوسکے باثر ہونے مین کیونکر شک ہو سکتا ہے تین نقش سورۂ یٰسین کے لکھے مین

۴۱۸	۴۴۹	۴۵۱	۴۲۰	۴۲۳	۴۵۲
۴۴۷	۴۲۵	۴۴۴	۴۴۵	۴۴۸	۴۲۴
۴۳۷	۴۴۱	۴۲۲	۴۴۳	۴۳۰	۴۴۰
۴۳۶	۴۳۴	۴۳۸	۴۳۹	۴۳۵	۴۳۱
۴۳۷	۴۳۳	۴۲۹	۴۲۶	۴۴۲	۴۴۳
۴۴۸	۴۲۱	۴۱۹	۴۵۰	۴۲۲	۴۵۳

امراض و سحر اور ایسی ہی کل باتون کے واسطے یہ نقش مجرب ہے اس نقش کو سونے کی تختی پر شرف آفتاب مین کندہ کراکے پہنے جو حاجت ہوگی خدا کے فضل سے برآوے گی اور اس انگوٹھی کے پہننے والے ہرگز کسی کے محتاج نہین ہونگے

یس	مبین	مبین	مبین	مبین	مبین	مبین	مبین	مبین
مبین	مبین	مبین	مبین	یس	مبین		مبین	یس
مبین	مبین	یس	مبین	مبین		مبین	مبین	مبین
مبین	مبین	مبین	یس	مبین	مبین		مبین	مبین
مبین	مبین	مبین	مبین	یس	مبین	مبین	مبین	مبین

یہ نقش سورۂ یٰسین کا ہے محبت اور مہربانی حاکم وغیرہ وغیرہ کے واسطے اکسیر سے کم نہین شروع خانہ مین صرف یس رہیگا اور باقی ہر یس کے خانہ مین نام مطلوب کا مع ولدیت لکھا جائیگا محبت کیواسطے ساعت مشتری مین اس نقش کو زعفران اور مشک سے لکھکر مطلوب کے مکان مین

ایسے مقام پر لٹکا دے کہ جہان ایک بار اوسپر اوسکی نظر پڑ جائے ادھر نظر پڑی اور دیوانہ ہوا اگر یہ نہو سکے تو خود اپنے ہاتھ مین لیے ہوئے کسی طرح اوسکو بہانہ سے دکھا دے نہایت مجرب ہے لیکن نیت حرام حرام ہے

ی۲م ۵۰۹	ی۳م ۵۳۳	ی۳م ۵۱۹	ی۳م ۵۱۲
ی۳م ۵۲۰	ی۳م ۵۱۵	ی۳م ۵۱۰	ی۳م ۵۲۱
ی۳م ۵۱۴	ی۳م ۵۱۷	ی۳م ۵۲۴	ی۳م ۵۱۱
ی۳م ۵۲۳	ی۳م ۵۱۶	ی۳م ۵۱۳	ی۳م ۵۱۸

یہ نقش بھی اسی سورۂ یٰس کا ہے بعض مشائخون نے اسکو سب سے زیادہ مجرب بتایا ہے اکثر کا یہ قول ہے کہ یہی وہ نقش ہے جس سے تمام کام نکلتے ہین اور ہر مقصد مین کامیابی ہوتی ہے مگر اکثر اس کی آزمائش بغض عداوت دشمنی مین ہوئی ہے واقعی نہایت تیر بہدف ہے ادھر اودھر اس تعویذ کے نام اون کا جن مین نفاق کرانا ہو لکھے اور پہلے زکوۃ اسکی ادا کرے وہ یہ ہے کہ ہر روز پانچ سو نقش لکھکر چالیس دن تک دریا مین ڈال آیا کرے اوسکے بعد نقش کیواسطے لکھکر دے کہ اسکو جلا کر خاک اسکی آوے دونون کے مکانون مین ڈالدی جاوے جنہین عداوت کرنا منظور ہے۔

فصل چہارم طریقۂ ختم سورۂ فتح

مشائخ کبار رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے کہ جب کوئی مشکل پیش آوے تو ہفتہ کے روز سے ختم سورۂ فتح پڑھنا شروع کرے اور جمعرات تک روزانہ پانچ پانچ مرتبہ پڑھا کرے اور جمعہ کے دن یہ گیارہ مرتبہ پڑھے اور ہر روز بعد اختتام سورۂ مذکور کے سورۂ نصر اور یہ دعا ایکبار مع اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے اللھم صل علی محمد و علے آل محمد یامن اذا تضایقت الامور تفتح بھا بابا لا یصل الیہ الا وھام ضاقت علی اموری فصل علے محمد و علے آل محمد وافتح لی یابا لا یصل الیہ وھمی انک علی کل شی قدیر اور بہر کام کے واسطے پانچ روز اس سورہ مذکور کو اسی طور سے

پڑھے جو مقصد ہوگا حاصل ہو جائے گا-

فصل پنجم ختم سورہ واقعہ

واسطے جمیع حاجات و مہمات اور ترقی رزق کے اس طریقہ سے سورۂ مذکور پڑھے کہ عصر کے وقت چہارشنبہ کے دن غسل کرکے اول وقت نماز عصر پڑھے اور دوزانو ہوکر بیٹھے اور سورۂ واقعہ ایک بار پڑھے اور دوسرے روز دو مرتبہ اسیطرح چالیس دن تک روز ایکبار بڑھاتا جاوے یہانتک کہ چالیسوین روز چالیس بار پڑھے اور اسطرح پڑھے کہ ہنوز مغرب کے وقت پڑھنا ختم ہو جائے اور اگر ممکن نہو نماز عصر کے پہلے سے شروع کرے اور درمیان مین نماز عصر کی پڑھے حاجت پوری ہو جائیگی

۷۸۶



ایضاً- اگر کوئی اس نقش کو لکھکر چالیس روز تک برابر آٹے مین گولیان بناکر بلاناغہ دریا مین وقت معین کرکے ڈالا کرے تو تمام حاجتین پوری ہو جاوین دنیا مین کسیکا محتاج نہ رہیگا

ایضاً تسخیر اور کشایش رزق کیواسطے نقش نہایت مجرب ہے پہلے چالیس روز تک اس نقش کو روز بلاناغہ دو سو بار لکھکر دریا میں ڈالے اوسکے بعد جس مطلب کیواسطے لکھنا ہو لکھے اور مطلب نقش کے نیچے لکھ کے اپنے بازو پر باندھے یا گلے مین ڈالے مطلب برآویگا لیکن حالت نجاست مین اس نقش کو اپنے پاس سے جدا کردے جب غسل کر چکے تو پھر پہن لے یا باندھ لے اکثر بزرگون کی قلمی کتابون مین مین نے اس نقش کی بہت تعریفین لکھی دیکھی ہین کتاب کو طول ہو جانے کی وجہ سے مین زیادہ تعریف اسکی نہین لکھتا ہون نقش یہ ہے-

یا رزاق	۶	یا فتاح
۷	۴	۹
۵	۳	۱
۸	۲	۱۸
یا صمد	۵	یا اسد

خاصیت اول اگر اس نقش کو لکھکر اپنے پاس رکھکر اور حاکم کے سامنے جاوے حاکم مہربان ہو جایگا اور مقصد برآویگا-

خاصیت دوم اگر چالیس روز تک برابر اسکو لکھکر دریا مین ڈالا کرے تو اگر غریب ہوگا امیر ہو جایگا-

خاصیت سوم اگر سات دن اس نقش کو چینی کی رکابی پر لکھکر پلاوے مریض شفا پاوے گا اسیطرح یہ نقش ہر کام مین آسکتا ہے مگر زکوۃ جو اوپر ہم لکھ چکے ہین پہلے وہ کرنا چاہیے ورنہ کچھ نہووے گا-

فصل ششم خواص نقش بست و پنج کے

یہ وہ نقش ہے کہ جسکے ملنے کیواسطے ہزار آدمیون نے کوشش کی مگر دستیاب ہونا اسکا ممکن نہوا- اس نقش کے کرورہا خواص ہین بعضون نے اس نقش کو لکھا ہے کہ یہ نقش اسم اعظم ہے- تھوڑے خواص اسکے یہ ہین-

خاصیت اول اگر اس نقش کو لکھکر کسی بیمار کو پلائے فوراً اچھا ہو جایگا-

خاصیت دوم اگر اس نقش کو رکابی پر لکھکر مسحور کو پلائے اور اوسکے منہ پر چھڑکے اچھا ہو جائے گا-

خاصیت سوم اگر اس نقش کو پرچہ کاغذ پر لکھکر کسی مردہ جانور یا مردہ آدمی کی پیشانی پر لگا دے فضل خدا سے وہ مردہ جی اوٹھے گا اور جو باتین اوس سے کیجاوین وہ جواب شافی دے گا

خاصیت چہارم اگر کند ذہن اسکو سات روز برابر دھو کر پئے تو ذہین ہو جایگا-

خاصیت پنجم اگر اس نقش کو لکھکر اپنے مکان کے دروازے پر لگاوے تو اوس مکان مین وبا چیچک طاعون اور اسی طرح کل فصلی بیماریان نہ آوین گی

خاصیت ششم اس نقش کو اپنے پاس رکھنے والا بلاؤن سے محفوظ رہے گا-

خاصیت ہفتم اگر اس نقش کو کسی سوکھے درخت مین لٹکا دے تو وہ درخت پھلدار ہو جاویگا اور ہمیشہ سرسبز رہے گا۔

خاصیت ہشتم اگر اس نقش کو لکھکر اوس عورت کو باندھنے کیواسطے دیدے کہ جسکی کبھی اولاد نہوتی ہو خدا کے فضل سے اولاد ہو جائے گی اور زندہ رہے گی۔

خاصیت نہم۔ اگر کوئی حال خواب مین دریافت کرنا منظور ہو تو اس نقش کو باطہارت لکھکر بعد نماز عشا کے دو ہزار بار درود شریف پڑھ کے اپنے سرہانے رکھ کے سورہے تین دن تک برابر ایسا کرے خواب مین ایک بزرگ تشریف لائین گے اور کل حال بتاوینگے لیکن درود پڑھنے کے بعد پھر کسی سے گفتگو نہ کرے۔

خاصیت دہم۔ اگر کسی مسلمان کو زیارت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا شوق ہو تو چالیس دن تک اس نقش کو دھو کر پیئے اور سوتے وقت اپنے منھ پر اسکا تھوڑا سا پانی مل لے خواب مین زیارت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے شرفیاب ہوگا۔ یہ سب امر نہایت مجرب اور مشائخ کبار کے آزمائے ہوئے ہین۔ لیکن قبل اسکے عمل مین لانے کے زکوۃ اسکی دینا چاہیے اور زکوۃ اسکی یہ ہے۔

زکوۃ چالیس روز تک برابر روزہ رکھے اور افطار چھوہارے سے کرے بعد افطار اور کچھ نہ کھائے بلکہ نماز مغرب کے پڑھنے کے بعد بیٹھے اور دو ہزار بار درود شریف پڑھے اور دو سو بار اس نقش کو لکھ کے اوسی وقت دریا مین جاکر ڈالے دریا جاتے اور وہان سے آتے وقت کسی شخص سے کچھ کلام نہ کرے مکان پر آکر پھر دو ہزار بار درود پڑھے اوسکے بعد نماز عشا کی پڑھے اور کھانا کھائے۔ اور اس چالیس دن برابر تنہا مکان مین سوئے اور حیوانات جلالی اور جمالی سے پرہیز کرنا ضرور ہے۔ اگر زکوۃ دیتے وقت کوئی پکارے تو کچھ جواب نہ دے اپنے کام مین مشغول رہے۔ اگر کوئی خوف دلائے یا کچھ ڈر معلوم ہو تو گھبرا کے اپنے کام کو نہ چھوڑے بعد اس میعاد کے چالیسوین دن اس نقش کے جو چار

موکل ہین وہ آوینگے اور مطیع ہو جاوینگے جس کام کے واسطے اون سے کہوگے وہ کرینگے حیلہ نہ کرسکین گے لیکن نجاست مین موکلون سے بات نکرنا چاہیے غرضکہ یہ ہے کہ واقعی یہ وہ نقش ہے کہ جس سے ہزارہا بلکہ بلا حساب مقصد نکل سکتے ہین۔

محبت اور عداوت اور تسخیر اور دافع سحر وغیرہ اور کل امراض کیواسطے یہ نقش مجرب ہے جو شخص زکوۃ دیچکے وہ جس کام کیواسطے اسکو لکھ دیگا وہ پورا ہو جائیگا اور اگر بے زکوۃ دیے اسکو لکھے گا تو کچھ اثر نہو گا نقش یہ ہے۔۔۔۔



اگر اس نقش کو مشک اور زعفران سے لکھکر چالیس دن تک گونگے یا بہرے آدمی کو پلا دے تو وہ اچھا ہو جائے گا اور کوئی شکایت اوسکو باقی نہ رہے گی۔

باب سوم

فصل اول حب کیواسطے اس آیت کو لکھکر مع نام طالب و مطلوب اندھے کنوئین مین ڈالے جسکا پانی مستعمل نہوتا ہو اور روز اس آیت کو ایک سو بار تین روز تک بقید وقت پڑھا کرے اور اول و آخر درود پڑھا کرے نہایت مجرب ہے تین دن مین مطلوب بے طلب طالب کے پاس آویگا اور اوسکا مطیع اور فرمانبردار ہو جاویگا۔ اس تعویذ کا حضرت مولانا قطب الدین رحمۃ اللہ علیہ نے تجربہ کیا ہے اور بہت ہی مجرب پایا مولانا مذکور فرماتے ہین کہ ہرگز اسکا کرنے والا بے مراد نہ رہیگا۔ وہ آیت یہ ہے بسم اللہ الرحمن الرحیم

ولقد کذب اصحاب الحجر المرسلین وا تیناھم ایتنا فکانوا عنہا معرضین

الوحا الوحا الساعت الساعت الساعت امین

امین امین بحرمت سید المرسلین خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ اجمعین

ایضاً حب کیواسطے بید کے پتہ پر اس نقش کو
لکھکر آگ مین ڈالے تین دن برابر کرے پنجشنبہ جمعہ
ہفتہ ہر روز تین تین نقش لکھے او آگ مین جلاوے
اور تین تین نقش لکھے اور پانی مین ڈالے اور تین تین
پتے پر لکھے اونکو ہوا مین اڑا دے نہایت مجرب ہے

۷۰ ۱۱۹۱۱۱۷۲۹۰۹۱۸ ع

باسم فلان بن فلان

علی حب فلان بنت فلان

۷۱۹۱۹۹

۱۶۶۸۶۶ ۰۶ م

ایضاً ببولے کے اکیس دانے لاکر ہر دانے پر ایک بار قل اعوذ برب الناس پڑھ کر دم
کرے اور ایک ایک کرکے آگ مین جلاوے مطلوب کا نام لیتا جائے اور دل مین خیال
رکھے کہ فلان بن فلان فلان بن فلان پر عاشق ہو جائے یہ عمل جمعہ کے روز قبل آفتاب نکلنے
کے غسل کرنے کے بعد کرنا چاہیے اوسی دن مطلوب طالب ہو جائیگا۔
ایضاً اس نقش کو ہاتھ پر لکھے جسکو دکھاوے وہ شیفتہ ہو جائیگا فلان بن فلان علی
حب فلان بن فلان عبارت کی جگہ نام نقش کے نیچے لکھے نقش یہ ہے
زکوۃ اس نقش کی یہ ہے کہ چالیس روز تک ایک لاکھ نقش پورے کرے جتنے روز ہو سکین لکھکر
دریا مین ڈالے شروع اور اخیر دن روزہ رکھے اوسکے بعد اس نقش کو لکھکر کام مین لاوے
ایضاً یحبونهم کحب الله دو ہزار بار ہر روز پڑھا کرے مقبول خلائق ہو جائے نہایت
مجرب ہے دو ہزار روز پڑھنا یہی اسکی زکوۃ ہے اوسکے بعد ہر حب کیواسطے مجرب ہے
ایضاً اللهم قلب وقلب فلان ابن فلان کے مقام پر نام مطلوب کا لیوے۔ چالیس
روز بارہ بجے شب کو دو ہزار سات سو بار روز پڑھے مکان تنہائی کا ہو غسل کرے اور
پاک مقام پر بیٹھے منہ اپنا مطلوب کے مکان کی طرف کرے اس عرصے مین محبوب
ملجائے گا اگر حاکم کے سامنے جانا ہو تو اسکو تین سو بار پڑھ کے جاوے کیسا ہی حاکم
ظالم ہو مہربان ہو جائے گا۔ بجاے فلان نام اوس حاکم کا لیوے تسخیر اور حب کے خواص
اس دعا سے بہت نکلتے ہین مشائخ کبار نے اکثر اسکو اپنے وظیفہ مین رکھا ہے۔ اور بہت کچھ

اسکی تعریف فرمائی ہے۔
ایضاً حب کے واسطے چالیس دانے چنے کے لیکر ایک ایک دانہ پر سورۂ زلزال
پڑھ کر دم کرے اور ایک ایک دانہ آگ مین ڈالے یا سو بار پڑھ کے ایک ہی بار سب
دانون پر دم کرے اور ایک ساتھ ہی سب کو آگ مین ڈال دے اور پڑھتے وقت
منہ مین شیرینی لیے رہے جمعہ کے دن بعد نماز جمعہ کے شروع کرے اور پھر آیندہ جمعہ تک
برابر اسیطرح پڑھتا رہے دانہ پر سورۂ زلزال دم کرتے وقت اور اوسکو آگ مین ڈالتے
وقت زبان سے کہے کہ فلان بن فلان اگر مرد ہو اور اگر عورت مطلوب ہو تو فلان
بنت فلان اوسکی ماں کا نام لیوے فلان بن فلان پر عاشق ہو جاوے اگر اپنے ہی
واسطے کرتا ہو تو بھی اپنا نام اور اپنے باپ کا نام لینا ضرور ہے۔
ایضاً اور اسیصورت کو بعضون نے یہ لکھا ہے کہ جسطرح پر یہ سورۃ لکھے دیتے ہین
اسی طور سے پڑھے بسم الله الرحمن الرحیم یا الله اذا زلزلت الارض زلزالها یا
رحمن وزلزلوا زلزالا شدیدا اگر فتم در قبضہ خود قلب و بدن و جمیع جوارح فلان بن فلان
علی حب فلان بن فلان بحرمت یا رحیم واخرجت الارض اثقالها یا عظیم یا سبحان
گرفتم چشم و دل فلان بن فلان را بحبت فلان بن فلان بحرمت جبرئیل وقال الانسان
مالها بحرمت یا کریم و دیادریان در فریفتگی فلان بن فلان را بفلان بن فلان
حاکم کریم بحرمت میکائیل وزلزلوا زلزالا شدیدا بحرمت اسرافیل یومئذ تحدث
انبلها بحرمت یا ستار و یا غفار وزلزلوا زلزالا شدیدا بان ربك اوحی
لها بحرمت یا منان وزلزلوا زلزالا شدیدا بحرمت عزرائیل یومئذ یصدر
الناس اشتاتا لیروا اعمالهم وزلزلوا زلزالا شدیدا بحرمت ملائکة فمن یعمل
مثقال ذرة خیرا یره بحرمت یا بدوح وحاملان عرش وزلزلوا زلزالا شدیدا
ومن یعمل مثقال ذرة شرا یره بحرمت یا بدوح وزلزلوا زلزالا شدیدا بحرمت یا الله لیکن

قبل اسکے پڑھنے کے زکوۃ چالیس دن مین ایک لاکھ بار اسکو پڑھ ڈالے اور ترک حیوانات جلالی وجمالی کرے تنہا مکان مین چالیس دن رہنا اختیار کرے اگر پڑھتے وقت موکل آئے تو بغیر تمام کئے اوس سے بات نکرے اور اگر درمیان مین بولیگا تو عمل خراب ہو جائیگا اور پھر اوسکا اثر نہ پڑیگا اور اسی سورۂ متبرکہ کا یہ نقش ہے اسکی بھی زکوۃ ضرور دینا چاہیے اور بعد زکوۃ دینے کے ہر چیز کے واسطے یہ مفید ہے اتنا خیال رکھنا چاہیے کہ محبت کے واسطے شروع ماہ ہندی کی پہلی تاریخ سے پانچ تاریخ تک لکھے اور کشادگی رزق کے واسطے چھ تاریخ سے گیارہ تاریخ تک لکھے اور سحر دفع کرنے کے واسطے ۱۲ سے ۲۰ تاریخ تک اور باقی جملہ امراض مشکلات کے واسطے پچیس تاریخ تک اور عداوت اور دشمنی کے واسطے آخر مہینہ تک جس تاریخ مین چاہے لکھے

[illegible]	اذا زلزلت الارض زلزالھا
[illegible]	واخرجت الارض اثقالھا
[illegible]	وقال الانسان مالھا یومئذ تحدث اخبارھا
[illegible]	یہان مقصد لکھنا چاہیے
[illegible]	بان ربك اوحی لھا یومئذ
[illegible]	یصدر الناس اشتاتا لیروا
[illegible]	اعمالھم فمن یعمل مثقال ذرۃ خیرا یرہ
[illegible]	ومن یعمل مثقال ذرۃ شرا یرہ

یہ سورۂ متبرکہ اور یہ نقش معظم ہر ایک کام کے واسطے پر اثر ہے۔ لیکن بہ نیت حرام آیات قرآنی کا عمل مین لانا عقائد اسلام کے خلاف ہے لہذا حرام کے واسطے نکرے اور کسیکو بلاوجہ تکلیف ندے فضول پرخاش کرنا اپنا ہی نقصان کرنا ہے۔

ایضاً محبت کیواسطے دو مغز بادام یا اخروٹ لیکر ایک پر کرہ دوسرے پر قرۂ لکھے اور اوسکے بعد یہ دعا پڑھ کر اون باداموں پر دم کرے دعا یہ ہے یاشمغیثا یا ھلیغیشا یانورانیہ

حرکوا الروحانیت الساکنیۃ طبع من اکل کریحب منا اکل

وقابالوحا الوحا العجل العجل العجل اسکو پڑھکر دم کرے جسپر کرہ لکھا ہے وہ مطلوب کو کھلا دے جسپر قرۂ لکھا ہے وہ طالب کو کھلاوے دونون مین باہم الفت اور محبت ہو جائیگی

اگر شوہر اور زوجہ مین مخالفت ہو تو اس طریقہ کو عمل مین لاوے مخالفت بدل بمحبت ہو جائیگی

ایضاً محبت کیواسطے اس نقش کو فتیلہ بنا کر تنہا مکان مین اکیس روز برابر جلاوے اسی عرصہ مین محبوب اگر سو کوس پر ہوگا حاضر ہوگا اگر نہ آسکیگا تو طالب کو طلب کریگا مقصد حاصل ہوگا نقش یہ ہے

۷۸۶

۲۱۲ / ۲۱۱	۲۱۰ / ۲۱۴	۲۱۴ / ۲۱۵
۲۱۹ / ۲۱۸	۲۱۶ / ۲۱۹	۲۲۱ / ۲۲۴
۲۲۴ / ۲۲۲	۲۳۹ / ۲۲۳	۲۳۵ / ۲۳۴

ایضاً اس نقش کو اتوار کے دن ہر ہر کے گلے مین باندھکر اوسکو مکان مطلوب کیطرف اڑا دے مقصد پورا ہو جائیگا زکوۃ اس دونون نقشون کی یہ ہے کہ چالیس دن مین ایک ایک لاکھ نقش لکھکر دریا مین ڈالے اور چالیسوین دن فاتحہ حضرت مشکلکشا کا دلا کر کسی محتاج کو پیٹ بھر کے کھانا کھلاوے بعد زکوۃ دینے کے اسکو لکھنا چاہیے مفید مطلب ہوگا۔

۷۸۶

ف	ل	ا	ن	ا	ب	ج	د
ہ	و	ر	ح	ط	ی	لک	ل
م	ن	س	ع	ک	ص	ق	ر
ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ

ایضاً اس نقش کو چار پرچون پر لکھے ایک کو مکان محبوب مین کسیطرح ڈال دے ایک کو ہوا مین لٹکاوے ایک کو دفن کرے ایک کو جلادے دوشنبہ کے دن اسکو لکھنا چاہیے زکوۃ یہ ہے کہ تین روزہ رکھے اور دریا کنارے بیٹھکر دو دو سو بار نام چار نقش مین پڑھے اور دو سو روز نقش لکھے اور دریا مین ڈالے نقش یہ ہے۔

۷۸۶

یا جبرئیل	فلان	یا میکائیل
۲۰۷ یا کنکائیل	ابن فلان	۲۸۸ یا اسرافیل
۴۲۱۰	درعشق و	۷۰۷
۵۲۳۴۵	محبت فلان	۲۴۵۲۳
۶۲۲۷۸	بن فلان	۷۷۶۴۲
۲۴۳۱۹ یا عزرائیل	بے قرار و	۴۲۸۲۹ یا اہجائیل
۲۴۳۱۹ بحق یا بدوح	بے آرام گردد	۴۲۸۲۹ بحق بدوح

ایضاً اس نقش کو سکورے پر جمعہ کے دن بعد نماز جمعہ کے لکھکر مطلوب کے مکان مین آگ کے نیچے دبا دے لیکن آگ ہر وقت رہنا چاہیے۔ سات دن تک یہ سکورہ اوسی مین

محمد محمد	محمد محمد	محمد محمد	محمد محمد	محمد محمد

دبا رسے بعد سات دن کے اوسکو اوس
آگ سے نکال کر دریا پر لے جاوے اور
وس سکورے کو دریا کے پانی سے دھو کر
اوسکا پانی کسی ترکیب سے مطلوب کو پلاوے
اوسکے پیتے ہی اوسکا دل اسکی محبت مین
بیقرار اور بے آرام ہو جاویگا۔

فلان بن فلان علی حب فلان بن فلان

محمد محمد	محمد محمد	محمد محمد	محمد محمد	محمد محمد

ایضاً پنجشنبہ کے دن آفتاب نکلنے سے پہلے غسل کرے اور پاک وصاف کپڑے پہن کر نماز فجر کی پڑھنے کے بعد یا لطیف ایک ہزار پڑھے اور اوسکے اختتام ہوتی ہی



اس نقش کو زعفران سے لکھے اور نام طالب اور مطلوب دونون کا نقش کے نیچے لکھنا ضرور ہے اور جب لکھ چکے تو اس نقش کو پتھر کے نیچے دبا دے مطلوب فی الفور حاضر ہوگا۔ اور تابعداری کریگا زکوٰۃ اس نقش کی یہ ہے کہ نوچندی جمعرات کو روزہ رکھے اور قبل نماز فجر کے غسل کرکے دو ہزار بار یا لطیف پڑھے اور سات سو نقش لکھے اسیطرح سات دن تک اس عمل کو کرے لیکن اس عمل مین ترک حیوانات جلالی اور جمالی کی کوئی ضرورت نہین اسواسطے کہ یہ اسم الٰہی کے عمل مین مہربانی کے آثار ہین اور ایسے اسم اکثران قیودات سے مبرا ہوا کرتے ہین لیکن حرام کی نیت سے اسکو نہ لکھے ورنہ برا ہوگا۔

ایضاً جس عورت کا شوہر اپنی عورت سے ہمیشہ ناراض رہتا ہو اور کبھی التفات نکرتا ہو تو اسکو چاہیے کہ روز بلاناغہ بعد ہر نماز یا لطیف پڑھا کرے تعداد معین کرکے جسقدر ہوسکے مگر ایسا نہونا چاہیے ایک دن سو اور دوسرے دن دو سو پڑھے اگر زیادہ نہو سکے تو صرف ام بار

مع اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف کے روزانہ بعد ہر نماز کے چالیس دن تک پڑھے شوہر اوس سے الفت کرنے لگے گا اور پھر کبھی عمر بھر بے التفاتی اوس عورت سے نہ کریگا

۷۸۶



ایضاً جس عورت کا شوہر عورت سے بیزار ہو کر اوسکو چاہیے کہ اس نقش کو لکھکر کسی پھلدار درخت مین لٹکا دے جسقدر ہوا سے یہ نقش ہلیگا اوسی قدر شوہر کے دل مین بی بی کی الفت اور محبت زیادہ ہوتی جائیگی

ایضاً یہ طلسم محبت کیواسطے نہایت مجرب ہے اسکو لکھکر پانی مین دھوکر اوس پانی کو جسے پلاویگا وہ فریفتہ ہو جاویگا۔

۱+۲ کفالفاصرا ۷۲ /۷/۷/۷/

ایضاً اتوار یا منگل کو مشکی گھوڑے کی نعل پر اس نقش کو کھدوا کر سات دن برابر آگ مین رکھے کسی وقت آگ کم نہونا چاہیے نہایت مجرب ہے مطلوب بیقرار ہو جائیگا نقش یہ ہے۔

فلان بن فلان علی حب فلان

۷۸۶

۷۷۱	۲۸۱	۵۴۲
۲۴۵	۱۸۲	۱۷۷
فلان	۹۱۲	۲۱۹

ایضاً۔ اس نقش کو لکھکر جلتے تنور مین شب کو ڈالدے مطلوب خود حاضر ہوگا لیکن نیت حرام کی نکرے اسکی زکوٰۃ یہ ہے کہ اکتالیس دن اکتالیس ہزار اس نقش کو لکھے اور آگ مین جلاوے اور راکھ اوس آگ مین ڈالدیا کرے یہ نقش بھی اکثر بزرگون کی قلمی کتابون مین بہت مجرب لکھا ہے اور تحریر ہے کہ اگر مطلوب دو ہزار کوس پر زنجیرون مین جکڑا ہوا ہو تو وہ دیوانہ ہوکر زنجیر توڑ ڈالیگا اور اس نقش کے لکھنے والے کے پاس آئیگا اور مطیع و فرمانبردار ہو جائیگا۔

م	ح	ب	ط	ا	ل
ب	ط	و	د	س	خ
ق	ی	ا	ع	ز	ی
ن	ب	ح	ق	ی	ل
ط	ی	ف	فلان بن فلان علی حب فلان		

ایضاً اس نقش کو ہرن کی کھال پر لکھکر اپنے بازو پر باندھے مطلوب حاضر ہوگا۔ نقش یہ ہے

۳۱	۳۱	۳۱	۳۱
۳۱	۳۱	۳۱	۳۱
۳۱	۳۱	۳۱	۳۱

ایضاً جو شخص اس تعویذ کو لکھکر اپنے پاس رکھے تمام عالم اوسکا دوست ہو جائیگا اور کوئی اوسکے ساتھ برائی نکریگا جس کے پاس نقش معظم ہو اگر وہ ہزار کوس چلے تو کچھ ماندگی اوسکو نہ معلوم ہو لیکن ہرن کے خون سے اسکو ہرن کی جھلی پر لکھنا چاہیے اور اگر ماندگی راہ کے واسطے لکھے تو پرچہ کاغذ پر مشک اور زعفران سے لکھکر اپنے بازو پر باندھے نقش معظم یہ ہے۔

ایضاً اوس طلسم کو اپنے داہنے ہاتھ کی ہتھیلی پر پانچ روز متواتر لکھکر مطلوب کو دکھائے ع ع ع ح ح ح فریفتہ ہو جائے اگر اپنے بائیں ہاتھ پر لکھے اور کسیکو دکھاوے تو دشمنی ہو جائے ع ع ع ح ح ح

ایضاً ان حروف کو لکھکر پانی مین دھوکر پلاوے محبت ہو جاوے گی نام طالب و مطلوب اور فلان بن فلان علی حب فلان بن فلان بحق اور پر ضرور لکھنا چاہیے فلان بن فلان علی حب فلان بن فلان بحق ایہا شر یا العجل العجل الساعۃ بحق یحبونہم کحب اللہ بحق ایاک نعبد و ایاک نستعین بحق اسرافیل و میکائیل بحق ب ت ث ج چ ح خ د ذ ش ض ط ظ غ ف ق ن ی بحق یا رحمن یا ودود یا لطیف یا عزیز یا مالک یا ذی الجلال والاکرام ۲ ۲

فصل دوم برائے تسخیر

شروع ماہ مین جمعرات جمعہ ہفتہ تین روز روزہ رکھے پہلے دن افطار صوم روٹی سے کرے صرف اور کوئی چیز اوسکے ہمراہ نہو دوسرے دن افطار شیر برنج سے کرے تیسرے دن افطار بھنے ہوئے چنون یا بھنے ہوئے گیہون سے کرے اور ہر روز بعد افطار صوم کے تسخیر فلان بن فلان بعد اسکے گیارہ بار درود شریف پڑھے اور تین بار قل ہو اللہ مع بسم اللہ اور ایکبار قل یا ایہا الکافرون قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس اور الحمد ایکبار پڑھے اور سورہ بقر کا پہلا رکوع مفلحون تک ایکبار اور والٰہکم ایکبار پڑھے اوسکے بعد دو سو بار ان آیتون کو پڑھے فاتٰہم اللہ ثواب الدنیا و حسن ثواب الاٰخرۃ ویشف صدور قوم مومنین و شفاء لما فی الصدور فاللہ خیر حفظا

وھو ارحم الراحمین و ننزل من القرآن ما ھو شفاء و رحمۃ للمومنین اسکے بعد اس دعا کو ایک ہزار ایک سو ایک بار پڑھے بسم اللہ الرحمن الرحیم یا صمد من غیر شبہ فلا شئ کمثلہ یا صمد بعد اسکے ایک ہزار ایک سو بار اس آیت متبرکہ کو پڑھے واھجرھم ھجرا جمیلا اور ان تین دن پلنگ یا زمین پر شب کو نہ سوئے بلکہ تخت پر سونا چاہیے اللہ کے فضل سے جس مراد کیواسطے پڑھیگا حاصل ہو جائے گی۔

ایضاً اس طریقہ کو پڑھے اگر منظور خلائق اور محترم عالم ہو تا مرکوز خاطر ہو طریقہ یہ ہے۔ سورہ فاتحہ اس طور سے پڑھے کہ بسم اللہ الرحمن الرحیم مین جو رحیم کی میم ہے اوسکو الحمد کے لام کے ساتھ ملا کر اسطرح پر پڑھے بسم اللہ الرحمن الرحیم الحمد للہ رب العلمین اور الرحمن الرحیم ۝ مین لفظ الرحمن کو تین بار پڑھے اور ولا الضالین کے بعد آمین کو تین بار پڑھے اسکے اختتام ہو جانے کے بعد سو بار استغفر اللہ ربی من کل ذنب و اتوب الیہ لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم پڑھے اور اسکے ختم ہونے کے بعد ایک لاکھ پچیس ہزار بار یا شیخ عبد القادر شیئاً للہ پڑھے اور اس عمل کو چالیس روز تک اپنا ورد کرے یعنی صرف یا شیخ عبد القادر شیئاً للہ چالیس دن تک برابر ایک لاکھ پچیس ہزار بار روز پڑھا کرے اسکے بعد پھر ایک سو ایکبار روز وظیفہ کے طور سے پڑھا کرے کوئی دشمن اوسپر فتحیاب نہوگا جس حاکم کے سامنے جاویگا ہر ایک اوسکی عزت کریگا۔

ایضاً واسطے محبت کے اس دعا کو چالیس دن اسطرح پڑھے کہ چالیس دانے کالی مرچ کے لاکر ہر دانہ پر ایک بار اسکو پڑھے اور آخر مین دعا کے بہار کہکہ فلان بن فلان فلان پر شیفتہ ہو جائے دعا یہ ہے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم یا مقلب القلوب والابصار یا خالق اللیل والنہار قلب قلبہ الی۔ قلبہ کے مقام پر کہے قلب فلان مطلوب کا نام لے پھر کہے الی اور ہر مرچ کو آگ مین جلاوے۔ پہلے پڑھنے کے اسکی زکوۃ ادا کرے۔ زکوۃ یہ ہے۔ زکوۃ چالیس روز تک ہر روز ایک لاکھ پچیس ہزار بار پڑھے بس ترک حیوانات وغیرہ کی حاجت نہین

ایضاً چالیش دانے کالی مرچ کے لاوے اور ہر دانے پر ننانوے بار اس حصار کو پڑھ دم کرکے
تمام عالم دوست ہو جاویگا کوئی دشمن دشمنی نہ کریگا حضرت شاہ بہاءالدین نقشبند فرماتے
ہین کہ کلام الٰہی اور اسم پاک رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم مین سب کام بنانے کی قدرت
ہے لیکن پڑھنے والے کو با اعتقاد ہونا چاہیے پہلے ہی دل مین یہ خیال نہ کرے کہ خدا جانے کام ہو
یا نہو اگر ایسا خیال دل مین آجائیگا تو ضرور اوسکے واسطے کوئی دعا اور کوئی اسم الٰہی اثر کرنے والا
نہوگا اور اگر پڑھنے والا با اعتقاد ہو تو ضرور اوسکی مراد دلی پوری ہوجاویگی اور اسم الٰہی
اپنا پورا اثر دکھلاویگا۔

ایضاً۔ اگر حاکم ظالم کے سامنے جانا ہو اور اپنا کام نکالنا ہو تو اس نقش معظم کو اپنی پگڑی یا ٹوپی
مین رکھ کے حاکم کے سامنے جاوے فضل الٰہی سے حاکم مہربان ہوجائیگا اور اگر کوئی شخص ناراض
ہو اور اوسکو راضی کرنا مقصود ہو تو اس متبرک نقش کو لکھکر اپنے بازو پر باندھے لیکن ہر کام
کے واسطے اس نقش کو چاندی جمعرات کو لکھنا چاہیے اسطرح کہ پہلے آفتاب نکلنے کے
وقت سے قبل وضو کر کے غسل کرے اور نماز فجر پڑھے اوسکے بعد دعا مانگے اور جو کچھ اپنا مقصد ہو اپنی
دعا مین بیان کردے بعد اوسکے اس نقش معظم کو لکھے اور لوبان کی دھونی دیوے اور خوشبویات
اسمین لگاکر اپنے پاس رکھے جو مقصد ہوگا حاصل
ہوجائیگا نقش متبرک یہ ہے۔

۲۸	ھ ع	۱۹	ھ ج	ح ۷
۹ د	۳ و	۱۱ ۷	۷ ص	۲۲
۴۴ ع	۳۴ ج	۱۴ ھ	۱۴ ع	۱۵ ص
۴۷ ک	۴۵ ک م	۵۸ ل م	۶ م	۱۲۸

زکوٰۃ اس نقش کی یہ ہے کہ چالیس ہزار بار اس نقش کو
لکھے اور روز بلاناغہ وقت معین کرکے دریا مین
جاکر ڈال دیوے لیکن لکھنا اور دریا مین جاکر ڈالنا ککک م م م ۳ صصص طططط ععع
اس عرصہ مین کسی روز ناغہ نہ کرے ورنہ پھر سے عمل احب یا جبرئیل احب یا اسرافیل احب یا میکائیل احب یا عزرائیل
شروع کرنا ہوگا اور جو عبارت اس نقش کے نیچے بحق یا احد بحق یا حی جلب قلب فلان بن فلان بحب فلان بن فلان
لکھی ہے اوسکو اسیطرح سے نقش کے نیچے لکھے فلان کے مقام پر نام مطلوب و پدر و نام طالب کا لکھے

ھط ۱۱۱۱ ۱۱۱ اکک غ ج ص ۱۱۱

۷۸۶



اس نقش کو لکھکر اپنے پاس رکھے اور حاکم کے سامنے جائے حاکم مہربان ہوجائے گا

اس عزیمت کو لکھکر اپنے پاس رکھے حاکم مہربان ہوجائیگا اور ہرگز اسکے حق مین کوئی برائی نکریگا

۷۸۶

۲۱۷	۲۲۸	۲۲۳	۲۲۲
۲۲۱	۲۶۵	۲۱۹	۲۲۹
۲۲۵	۲۲۵	۲۱۸	۲۲۶

ان دونون نقشون کو لکھکر شربت مین گھول کے پلاوے فوراً پینے والا پلانیوالے پر جان و دل سے شیفتہ ہوجائے گا

۷۸۶

م	ح	ب	ت
ح	ب	ت	نام مطلوب
ب	ت	نام طالب	مقصد

اوسکی محبت کرنے لگے گا۔ زکوٰۃ ان دونون نقشون کی یہ ہے کہ ستر ہزار بار چالیس روز مین لکھے
اور کسی صحرا مین جاکر ہوا مین گولیان بناکر اوڑا دیوے لیکن ایسا مقام ہو جہان لوگون کا
گذر بہت کم ہوتا ہو اور بعد چالیس روز کے ان نقش کو حب کے واسطے لکھے اکسیر
سے زیادہ کارگر ہوگا۔

ایضاً معشوق کے سر کے بال تو ار یا گل کو لاؤ اور اس عزیمت کو اوسیدن لکھکر تنہا مکان مین آگ مین
جلاوے ستا دن تک بلاناغہ اس عمل کو کرے اور ہر شب کو ہر شب کی عزیمت یا نقش لکھا کرو اور بالو مین باندھکر جلایا کرے

ف ھ ق ش ا ع ر ب ج م ن ا ل ق ح ن ح و ح ا ح ل و خ ا

شب اول لمسا ح و ح ل ح ا ح و خ ا د ے ھ و خ ف ش ا ع ع
فلان بن فلان علی حب فلان بن فلان دیوانہ گردد

شب دوم ک ع ع ع ع ع ع م ع ع ا ش ف ھ و خ ا د ے
فلان بن فلان علی حب فلان بن فلان شیفتہ گردد

شب سوم کھ ۲۲ ۲۲ ۲ ۲ ۱۱۱ ع
فلان بن فلان علی حب فلان بن فلان بقرار گردد

شب چہارم کھ ۴ ۱۴ ۹۹۹۹۹۹ ع ع ج ع ج م ص ط
فلان بن فلان علی حب فلان بن فلان بدحواس گردد

شب پنجم سف ۹۹۹۹ ج ح ص ح د و ک ھ لا ط ظ ی
فلان بن فلان علی حب فلان بن فلان از آشنایان بیگانہ گردد

شب ششم ا ب ج د ہ و ح ط ی ک ل م ن س ع ف ص ق ر ش ت ث خ ذ ض ظ غ
فلان بن فلان علی حب فلان بن فلان

شب ہفتم دوبارہ پنجشنبہ رات کو غسل کرے اور تنہا مکان مین سکونت اختیار کرے ایکہزار ایک سو

اکتالیس بار یا لطیف پڑھے اس درمیان مین ہرگز کسی سے کچھ بات نکرے اور نہ اپنے مقام سے اوٹھے بعد اسکے ختم کے چراغ جلا دے اور اس نقش کو ۴۲ بار لکھ اور اوسی وقت جا کر دریا مین ڈالے اور وہان سے واپس آکر پھر اس نقش کو ایک بار لکھے اور روغن کنجد مین فتیلہ بنا کر جلا دے اور خود جہان رہتا ہو وہان جا کر سو رہے آٹھوین دن محبوب آجاویگا ہرگز بغیر طالب اوسکو ایک لحظہ قرار نہوگا نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۴	۲۴	۱۵	۲۳	۱
۲۵	۱۷	۷	۲۸	۲۲
۲۹	۱۳	۲۱	۱۱	
۲۸	۱۶	۲۶	۲۷	۲۰
۳۰	۱۸	۹	۱۲	
۱۰	۳۱	نام مطلوب	۳۲	۱۹

ایضاً حب کیواسطے اس نقش کو لکھکر فتیلہ بنا کر کسی کورے سکورے مین روغن زیتون ڈالکر اس فتیلہ کو جلا دے اور اسیطرح اکتالیس روز برابر عمل کرے معشوق بے طلب آجائیگا اور بہت محبت سے پیش آویگا کبھی جدائی ایک لحظہ کی گوارا نہ کر سکیگا نقش معظم یہ ہے۔

۷۸۶

۲۲	۸	۱۱	۲۴
۱۲	۲۳	۲۱	۲۷
۴۱	۳۷	۱۶	۱۹
مقصد	نام مطلوب	نام طالب	۳۲

زکوۃ اسکی یہ ہے کہ اکتالیس روز مین اکتالیس ہزار بار لکھکر اسکو بلا ناغہ دریا مین ڈالدیا کرے جو مقصد ہوگا پورا ہو جائیگا اور عمل بھی ہر وقت کرنے کے واسطے قبضہ مین آجائیگا۔

ایضاً ہرن کی کھال لا کر اوسکو خوب سکھا ڈالے بعد اسکے زعفران اور مشک سے اس نقش کو اس کھال پر لکھکر کسی ایسے مقام پر رکھ دے جہان برابر اوس مین ہوا لگا کرے جسکے واسطے اس عمل کو کریگا وہ دوست ہو جائیگا

۴۶۴	۴۶۵	۴۶۶	۴۶۷	۲۶۸	۴۶۹	۴۷۰	۲۷۱	۴۷۲
۴۷۲	۴۷۱	۴۷۰	۴۶۹	۴۶۸	۴۶۷	۴۶۶	۴۶۵	۴۶۴
۴۶۴	۴۶۵	۴۶۶	۴۶۷	۴۶۸	۴۶۹	۴۷۰	۴۷۱	۴۷۲
۴۷۲	۴۷۱	۴۷۰	۴۶۹	۴۶۸	۴۶۷	۴۶۶	۴۶۵	۴۶۴

بحق یا جبرائیل بحق یا میکائیل بحق یا اسرافیل بحق یا عزرائیل بحق یا بدوح بحق یا لطیف بحق حاملان عرش

ایضاً شیر کی ہڈی پر اس آیت کو ۴۱۴ بار پڑھکر نوچندی جمعرات کو پھونکے اور اوس ہڈی کو جلا کر کسیطرح مطلوب کو کسی چیز کے ساتھ وہ فوراً دیوانہ وار ہو جائیگا اور اس کھلانے والے سے الفت کریگا۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ فاکلہ الذئب وما انت بمؤمن لنا ولو کنا صٰدقین بحق یا لطیف۔

اگر کسی عورت کا شوہر اوس سے ناراض ہو اور التفات نکرتا ہو تو اوسکو چاہیے کہ چالیس دن برابر بعد نماز عشا کے اسکو اکتالیس بار پڑھکر پانی پر دم کیا کرے اور وہ پانی اپنے شوہر کو پلایا کرے چلہ ختم نہونے پائیگا کہ اوسکا شوہر اوسکا تابعدار ہو جائیگا۔ مگر چلہ جب تک ختم نہو اوسکو برابر پڑھنا چاہیے بعد اختتام ایام مقررہ پھر پڑھنے کی ضرورت نرہیگی

بسم اللہ الرحمن الرحیم اعوذ بکلمات اللہ التامات کلہا من شر ما خلق بسم اللہ خیر الاسماء وبسم اللہ رب الارض ورب السماء بسم اللہ الذی لا یضر مع اسمہ شیء فی الارض ولا فی السماء وھو السمیع العلیم فاللہ خیر حفظا وھو ارحم الراحمین ویشف صدور قوم مومنین وشفاء لما فی الصدور یحبونھم کحب اللہ والذین امنوا اشد حبا للہ وننزل من القرآن ما ھو شفاء ورحمۃ للمؤمنین فکشفنا عنک غطاءک فبصرک الیوم حدید بسم اللہ الرحمن الرحیم الحمد للہ رب العالمین الرحمن الرحیم الرحمن الرحیم مالک یوم الدین بحق یا معین بسم اللہ الرحمن الرحیم قل ھو اللہ احد اللہ الصمد لم یلد ولم یولد بحق یا عزیز اللھم صل علی سیدنا محمد وعلی ال سیدنا محمد برحمتک یا ارحم الراحمین آمین آمین آمین بحق یا مبین۔

ایضاً اگر باہم دو شخصون مین عداوت یا جدائی ہو اور چاہے کہ دونون مین دوستی ہو جاوے تو شنبہ و دوشنبہ کو دو رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت مین وحق دس بار پڑھے اور بعد فراغ نماز ۲۲ پچیس بار اس دعا کو پڑھے اور اپنا مقصد بیان کرکے دعا مانگے انشاء اللہ کامیابی ہوگی اور مقصد بر آویگا دعا یہ ہے بسم اللہ الرحمن الرحیم اللھم احبنی الی قلب فلان بن فلان

بحق یا عزیز یا لطیف

فصل سوم اشرف الدرجات مین لکھا ہی کہ واسطے حب کے یہ طریقہ نماز کا نہایت مجرب ہے لیکن با اعتقاد ہونا بھی شرط ہی بے اعتقادی ہر کام کو بگاڑ دیتی ہی۔ اکثر اولیاء اللہ نے اس نماز کو تسخیر خلائق کے واسطے پڑھا ہی اور نہایت اسکو اپنے کام مین پر اثر پایا ہے۔ پس چاہیے کہ جسوقت کسی کو اپنا عاشق اور دیوانہ بنانا منظور ہو تو شب دوشنبہ کو چودہ رکعت نماز سیات سلام کے ساتھ پڑھے یعنی ہر دو رکعت کے بعد سلام پھیرے اور ہر دو رکعت مین پہلے سورۂ فاتحہ اور اوسکے بعد والعصر بارہ بار پڑھے اور والعصر کے ختم ہونے کے بعد ہر رکعت مین یہ کہے کہ گرفتم دل و زبان و چشم و گوش و ہوش و عقل و جان و ہفت اندام فلان بن فلان بدوستی خویش بحق لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ اور دو رکعت بہ نیت گم کردن عقل پڑھے اور پھر دو رکعت بہ نیت گم کردن زبان پڑھے اور پھر دو رکعت بہ نیت گم کردن سماعت گوش پڑھے اور پھر دو رکعت بہ نیت مطیع کردن جان ادا کرے اور پھر دو رکعت بہ نیت گم گردن کار ہائے دست پڑھے اور پھر دو رکعت بہ نیت گم کردن پا پڑھے اور جب کل نماز سے فراغ حاصل ہو جائے تو دو ہزار بار یا علیم پڑھے جسکے اول و آخر مین کم سے کم گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھنا ضرور ہے اور زیادہ پڑھنے کے واسطے اختیار ہے جسقدر چاہے زیادہ پڑھے اور اس سے فراغت پانے کے بعد یا علام سپردم من تو دل و جان و ہفت اندام فلان بن فلان را بدوستی من و ایستادہ گردان بحق آنکہ تو بر ہر کار قادری اور نیت یون کرے کہ نیت کرتا ہون مین واسطے دو رکعت نماز اللہ تعالیٰ کے تاکہ لون مین دل و جان فلان بن فلان کو اپنی دوستی مین اور متوجہ ہون مین طرف کعبۃ اللہ کے۔ اللہ اکبر

ایضاً جب میان بیبی کے نا اتفاقی ہو تو نقش سورۂ جمعہ کو جمعہ کے دن بعد نماز جمعہ کے لکھکر بی بی اپنے پاس رکھے اور ایک نقش پانی مین گھولکر شوہر کو پلاوے نظم زن و شوہر چون موافقت نکنید ای برادر بہ نیت ایشان + از سر صدق سورۂ جمعہ پنج نوبت با اعتقاد بخوان

اور تین جمعہ تک برابر روزانہ سورۂ جمعہ پانچ بار بعد نماز فجر کے پڑھا کرے اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف اور سورۂ جمعہ کے شروع مین بسم اللہ اور بعد اختتام دعا مانگے اور اپنے دل کی مراد ظاہر کرے انشاء اللہ تعالیٰ اس سورہ اور نقش متبرک کی برکت سے خصومت باہمی نہ رہیگی۔

۷۸۶

۱۵۳۰۱	۱۵۳۷۴	۱۵۳۷۵	۱۵۳۷۳
۱۵۳۸۶	۱۵۳۷۴	۱۵۳۸۰	۱۵۳۰۵
۱۵۳۷۵	۱۵۳۸۹	۱۵۳۰۲	۱۵۳۷۹
۹۵۳۸۲	۱۵۳۷۹	۱۵۳۷۶	۱۵۳۹۸

ایضاً واسطے حب کے دو رکعت نماز پڑھے اور رکعت اول مین بعد سورۂ فاتحہ کے قل یا ایہا الکافرون ایک سو بار اور دوسری رکعت مین سورۂ فاتحہ یعنی الحمد للہ رب العالمین تا ضالین سو بار اور سورۂ کافرون ایکبار پڑھے اور کہے کہ حول بر ویش لا حول بر دلش محبت من در دلش مہر من گیر دلش ہر صبحگاہی منزلش مبادا بے من جائے و مقامی و منزلی اور نیت کرے کہ نیت کرتا ہون مین واسطے دو رکعت نماز کے واسطے اللہ تعالیٰ کے تاکہ لون مین دل و جان فلان بن فلان کو اپنی دوستی مین اور متوجہ ہون مین طرف کعبۃ اللہ کے اللہ اکبر۔

ایضاً اگر کسی عورت کا شوہر سخت زبان اور غصہ ور ہو بلا کسی قصور کے عتاب ظاہر کرے ہر وقت کشیدہ پیشانی سے بات کرتا ہو اور بی بی کے ساتھ کبھی لطف اور نرمی سے گفتگو نکرتا ہو تو اوسکی بی بی منگل کے دن آفتاب نکلنے سے پہلے اس تعویذ کو لکھکر کسی صحرا مین پرانے درخت کے نیچے دفن کر دے اوسکا غصہ جاتا رہیگا اگر پردہ دار عورت ہو تو کسی دوسرے کو دے کہ وہ جا کے وہان درخت کے نیچے دفن کر دے

۷۸۶

۲	۸	نام طالب / نام مادر طالب	۳۴۷
۵	۵۷۱	نام مطلوب / نام مادر	۴۱۲
۴	۷	مقصود / بسم اللہ	۹
۳	۲۲۷	الرحیم / الرحمن	۲۰۱

فصل چوتھی یہ آیت متبرکہ حب کے واسطے نہایت مجرب ہے اور اسکے بہت طریقے ہین لہذا ہم ان طریقون کو لکھنا پسند نہین کرتے جو محض غلط اور بیکار ہین اور لوگون نے اپنی کتابون کے ورق پورے کرنے کے واسطے درج کر کے بیچارے فائدہ لینے والون کی محبت

اوشقت رائیگان کی ہی کیونکہ یہ قاعدہ کی بات ہی کہ کرنیوالا عمل اوسی طور سے کریگا جو طریقہ کتاب مین لکھا ہوگا اب اگر وہ طریقہ اچھا ہی تو خیر کچھ مقصد نکل بھی جاتا ہی اور اگر محض فضول اور بے اصول طریقہ ہی تو ہرگز اوس سے مقصد برآری ہونا محال ہی اور ہم نے خود اکثر کتابون مین دیکھا ہے کہ اسکے طریقے غلط ہین اول کسی کتاب مین اسکی زکوۃ کا طریقہ درج ہی نہین ہے پھر جس عمل کی زکوۃ نہ دیجاے تو وہ قابو مین کیونکر آسکتا ہی۔ یہ کچھ مداری کے کھیل اور ناٹک کے تماشے تو ہین نہین کہ نقل کرنے سے آجائین ہمکو سخت تعجب ہے اون لوگون پر جنھون نے اس آیت کو بے تیجے لکھدیا جسکا اثر یہ ہوتا ہے کہ جب کرنے والے کو کوئی فائدہ حاصل نہین ہوتا تو لا محالہ اوسکی زبان سے نکل جاتا ہی کہ کچھ بھی اس آیت کے کرنے سے کام نہین نکلتا اسکو کون کرے اور نعوذ باللہ کلام الٰہی کی نسبت ایسا کہنا موجب کفر اور ضلالت کا نہین تو پھر اور کیا ہے اور ان سب بُری باتون کا مواخذہ اونھین مؤلفین اور مصنفین کتب پر پڑیگا جنھون نے اسکو معمولی کھیل سمجھ کے درج کتاب تو کردیا اب چاہے کچھ ہی ہو ہم اس آیت پڑھنے کا طریقہ اور اس عمل پر قادر ہوجانے کا پورا طریقہ تمکو بتائے دیتے ہین اور اچھی طرح سے اسکی تفصیل اور پورے خواص انشاء اللہ اسی کتاب کے دوسرے حصہ مین درج ہوگی اور اسکی زکوۃ بھی اسی دوسرے حصہ مین درج ہوگی اوسکو ضرور دیکھنا چاہیے مگر ہم بتائے دیتے ہین کہ در اصل یہ آیت حب اور تسخیر خلائق کے واسطے مجرب ہی اور اسکا نقش بھی بے مثل ہے ذرا اسکے طریقون کو پہلے اچھی طرح سمجھنا چاہیے پھر اسکو کرنے والا ممکن ہی نہین کہ اپنے مقصد مین کامیابی حاصل نکر سکے۔ خواص تو اسکے بہت ہین مگر مختصر یہ ہے کہ حب اور تسخیر مین جس امر مہم کے واسطے اسکے دونون نقشون مین سے کسی نقش کو لکھے یا اسکو پڑھے تیر بہدف ہے کبھی قصور نہوگا اس آیت کو اسطرح پڑھنا چاہیے کہ پہلے گیارہ بار درود شریف پڑھا جائے اور اوسکے بعد بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اور اوسکے بعد یحبونھم کحب اللہ والذین اٰمنوا اشد حبا للہ بعد ہر نماز کے ہر مقصد کے واسطے اسکو ایکسو ایک بار پڑھے اور آیت کے پڑھنے کے

پھر گیارہ بار درود شریف پڑھے لیکن با اعتقاد ہوا اور نجاست نہو خواص اسکے بکثرت ہین مگر تھوڑے لکھے جاتے ہین۔

خاصیت اوّل - اگر کوئی شخص اس آیت کی زکوۃ دیچکا ہوا اور عمل کو اپنے قبضے مین لاچکا ہو تو وہ کرسکتا ہے کہ اگر باہمی زن و شوہر مین نا اتفاقی ہو تو اس آیت کو سات دن برابر چینی کی رکابی پر لکھکر پلاوے مخالفت دور ہوجاویگی اور الفت دلون مین پیدا ہوجاویگی۔

خاصیت دوم - اگر کسی مجرم خونی کا مقدمہ کسی عدالت مین ہوا اور خونی پر صریح خون کرنا ثابت ہوچکا ہو کسی طرح اوسکی رہائی ممکن نہو تو اس آیت کے دونون نقش لکھکر اوسکو دیدے اور بتادے کہ ایک کو وہ اپنی ٹوپی خواہ پگڑی مین رکھ لے اور دوسرے کو کمر سے باندھ لے حاکم بغیر کسی پرسش کے رہا کردیگا وکلاے مخالف اور مدعی کا قول کچھ اسکی برائی کے واسطے موثر نہوگا۔

خاصیت سوم - اگر کوئی شخص کسی سے الفت کرتا ہو اور طرف ثانی اوسکے نام سے ناراض ہو اور اوسکے سائے سے دور بھاگتا ہو تو الفت کرنے والے کو چند جمعرات کو یہ نقش مشک اور زعفران سے لکھکر دے اور کہے کہ اسکو مکان مطلوب مین دفن کردے یا کسیطرح اوسکو اپنے ہاتھ سے دکھادے فوراً وہ عاشق ہوجائے گا اور الفت کرنے لگے گا اگلی مخالفت کا اوسکے دل مین پتہ بھی نرہے گا۔

خاصیت چہارم - اگر مدقوق یا مسلول کو اکیس دن اس آیت کے نقش کا گھولا ہوا پانی پلاوے صحیح و تندرست ہوجاوے

خاصیت پنجم - کسی غصہ ور کا کوئی ملازم ہوا اور ہمیشہ اوسکے غصہ سے پریشان رہتا ہو تو اسکو یہ نقش لکھکر دیدے کہ ہر وقت اسے اپنے پاس رکھے جبتک یہ نقش متبرک اوسکے پاس رہیگا مالک اُس پر غصہ نکریگا اور اوس سے ناراض نہوگا۔ اگر لوگ اسکی بُرائی بھی اُسکے سامنے کرینگے تو وہ خود تعریف کریگا

خاصیت ششم - اگر کسی کا کوئی دشمن در پے اوسکے قتل کرنے کا ہوا اور ہمیشہ اسی فکر مین مبتلا ہو

اور اسکو کوئی ترکیب اوسکی دشمنی سے مخلصی پانیکی ہو تو چاہیے کہ یہ دونون تعویذ لکھا اوسکو دیدے اور کہدے
کہ ایک تعویذ کو ہر وقت باندھے رہے اور دوسرا جب اوس دشمن کے سامنے جانیوالا ہو تو اپنے پاس رکھے وہ دشمن تابعدار ہو جائیگا
اور کبھی دشمنی نکریگا غرض اسطرح اس آیت اور ان دونون نقشون سے ہر ایک کام نکلسکتا ہے جیسا ہم اسکو دوسرے
حصہ مین بیان کرینگے مگر اس سے فائدہ اوٹھانیوالیکو چاہیے کہ ترکیب اسکے کرنیکی حصہ دوم سے دیکھ لے اور جو
اور کچھ طور سے اوپر کا بندہ ہو تاکہ مقصد حاصل ہو اور کوئی آفت مین نہ پھنسے اب ہرگز نہ چاہیے کہ اس عمل کو کسی
دوسری کتاب سے جسمین آسانی سے لکھا ہو دیکھکر کرے کیونکہ اوسمین کوئی فائدہ نہوگا صرف یہ البتہ ہوگا کہ آیت
قرآنی سے اعتقاد جاتا رہیگا جو موجب کفر کا ہے۔ یحبونہم کحب اللہ ۷۸۶ والذین امنوا

یحبونہم	کحب	اللہ	والذین
کحب	اللہ	والذین	امنوا
اللہ	والذین	امنوا	اشد حبا
والذین	امنوا	اشد حبا	للہ

ی ۲۲۱ ۱۱۱ ۳۲۳ ح۹ ۳۲۳ ح ۸۷ ۵۵ ۲۲۹
ال ۲۲۲۸ ح ۲۲۲۶ ک ۸ ومقصد ۲۲۴ ۱۴ ھ
اب ۲۸۵ ۲۳۱ ۲۲۲۲ ب ۲۲۴۷ ال ۲۲۲۲ ھ
اشد حبا بحق یالطیف للہ

یہ دونون نقش ہین جنکی کچھ خاصیتین ہم اوپر بتا چکے ہین اکثر عالمون کی قلمی یادگار ونمین یہ نقش اسیطرح ہے اور اسکے
خواص مین دس دس بارہ بارہ ورق سیاہ نظر آتے ہین ہم طول دینا کتاب کو پسند نہین کرتے لہذا تھوڑے
خواص لکھے ہین اور یہ سمجھ لینا چاہیے کہ تعویذ یا دعا یا نقش جو ہو وہی اچھا ہوتا ہے جو اس فن کے جاننے کا اسیر
اعتقاد کامل ہو اور وہ آدمی اچھا کہ قاعدہ کی بات ہے کہ جس فن میں جو آدمی ہوتا ہے وہ اوسیکو اچھا جانتا ہے جو اوسکا
پورا ماہر ہو اور غیر سے اگر دریافت کیا تو بھی فضول کچھ حاصل نہ حصول اب اگر اسکو کوئی برا کہے اور کہے کہ یہ کچھ اثر نہین ہے تو
اسکی نادانی ہے خلاف بزرگان گرفتن خطا است اگر کوئی لکھنے والا یہ کہے کہ ہمین محنت نے اثر نہ دیا تو اسکا معلوم چاہیے کہ
بے محنت تو کوئی کام آجتک دنیا مین ہوا ہی نہین دیندار لوگ عبادت کی محنتین اوٹھاتے ہین تب کہین امید ہوتی ہے کہ
شاید جنت ملجائے اور یہان تو شاید کا پتہ بھی نہین وعدہ کے ساتھ تم سے کہتے ہین کہ اگر تم اسکو پورے طور
سے عمل مین لاؤ تو خطا ممکن ہی نہین اب ہم اس باب کو جسمین محبت کا بیان ہے ختم کرتے ہین

باب چہارم عداوت کے بیان مین

فصل اول اگر درمیان دو آدمیونکے عداوت ڈالنا منظور ہو تو اس نقش کو خون مرغ یا خون کبوتر سیہ سے لکھکر تعویذ
بناوے اور بارہ بجے شب کو تنہا کسی ایسے قبرستان مین جاوے کہ جو شہر سے علحدہ ہو اور وہان آمد و رفت لوگونکی نہ رہتی ہو وہان جاکر

کسی پرانی قبر مین اسکو دفن کردے اور وہان سے آتے وقت اور وہان جاتے وقت
کسی سے بات نکرے اگر کوئی بات کریگا تو جواب نہ دے اور دلمین خیال رکھے کہ میان فلان شخص کے عداوت ہوجاتی ہے نقش یہ ہے

۴	۱۷	۷
۲۳	۹	۵
۱۱	۱	۱۵

ایضاً اگر دو شخصونکے درمیان مین عداوت کرانا منظور ہو تو اس نقش کو لکھکر ایک
نقش آگ مین جلادے اور ایک دریا مین بہادے ایک ایسے درخت مین لٹکا دے جو

ع د	۹ ب	۷ ھ	۲۴ ح
۱۴ ع	۹۷	۲۳ م	ا ق
۹ س	۵ ص	۲۳ ط	۳۸ ہ
۳۰ ع	۳ ط	۵۹ م	۱۲ ہ

بہت پرانا ہو اور سایہ اوس کا نہ ہو اور کبھی پھل بھی نہ لگتا ہو اور ایک نقش کو صحرائی زمین مین دفن کرے عداوت قلبی دونون مین ہوجائے
ایضاً اس عزیمت کو مرغ کے انڈے پر لکھکر خواہ مکان مین دفن کرے اور خواہ توڑ ڈالے خواہ جلادے جسکے نام سے



لکھے گا اور جسکے واسطے ہوگا اس سے تفرقہ ہوجائیگا اور عداوت قلبی اپنا پورا
اثر دکھائیگی ہرگز پھر کسیطرح الفت و انس دونون کی طبیعتون مین پیدا ہی نہو سکے گا
ایضاً اگر دو آدمیونمین عداوت منظور رہے تو اوسکے واسطے یہ طریقہ بہت آسان ہے کہ کوے کے پر اور
الو کی دم لادے اور جن دونون مین عداوت کرانا منظور ہو اوسپر اون دونونکا نام لکھکر آگ مین جلاوے لیکن آخر
کے اتوار کو شروع کرے اسطرح کہ یہ عمل آٹھ روز ہو اور پھر اوسی مہینہ کا آٹھوین دن پڑے اس عرصہ مین
عداوت قلبی دونون کے درمیان مین ہوجائے گی۔

ایضاً اس نقش کو زعفران سے لکھکر نئے چراغ مین جانب چپ سے لپیٹ کر فتیلہ بناکر روئی مین لپیٹا حتی الامکان
کسی خوشبودار تیل مین اسکو جلادے اور اگر خوشبودار تیل کسی وجہ سے ممکن نہو تو میٹھے تیل مین جلاوے اور منہ چراغ کا
اس شخص کے مکان کی طرف کرے کہ جس سے نفاق کی بنیاد منظور ہے اور اس نقش کو لکھتے وقت پاک اور باوضو
ہونا ضرور ہے سات دن تک برابر اس نقش کو اسیطرح
جلاوے اس میعاد کے اندر مقصد پورا ہوجاویگا ہرگز فرق نہ ہوگا
ہم اسکی برکتہ اگر موقع ملا تو اسی حصہ مین ورنہ آئندہ تیسرے
حصہ مین بتائینگے اسلیئے ابھی ہمین یہی بتانا ہے کہ نقش
کے تعویذ لکھنے کا کون سا وقت ہے اور جس زمانہ مین وہ لکھنا
چاہیے یہ سب ہم تمکو ایک خاص مقام پر بتائینگے کہ جسکی وجہ سے تمکو

تملیخا	کتا قطوس	کشفوطط	قمطرہ
سبطوس	اوس بوس	ملسکقینا	افرطیوس
کشا فلیطیوس	ہمکجا	قمطرہ	کوفط
شوی دکل	یتوبس	اسادطیوس	یکیلمنا

درمیان فلان بن فلان و فلان بن فلان
عداوت افتد بحرمت اس نقش بعض

آسانی ہو اور عمل کرنیکا طریقہ اچھی طرح سمجھ مین آجاوے کچھ وقت نہو اور سخت اون قواعد کی پابندی
کے ساتھ تم جس نقش کو لکھو گے اپنے مقصد مین کامیاب ہوجاؤ گے اور دھوکا نکھاؤ گے۔

ایضاً عداوت کیواسطے اس نقش کو لکھکر ہوا مین لٹکا وے اور سات روز برابر اس نقش کو لکھے اور اوسکو ہوا مین لٹکا رہنے اسی درمیان مین دونون کے عداوت پڑجاویگی



ایضاً اس نقش کو عداوت کیواسطے آخر ماہ مین منگل سے شروع کرے اور ایک ہفتہ برابر کرتا رہے

یاقاہر	یاجبار	یاغالب	یابدوح
یاجبار	یاغالب	یابدوح	یاقہار
یابدوح	یاجبار	یاقہار	یاجبار
یاجبار	یاغالب	یابدوح	یاقہار

مقصد حاصل ہوگا طریقہ یہ ہے کہ منگل کے دن کے زوال کیوقت کسی تنہا مکان مین جہان چالیس روز قبل سے کوئی نہ گیا ہو جاوے اور وہان کسی کوری سکورے پر اس نقش کو مع نام دشمن لکھے اور لکھتے وقت اپنے مقصد کا خیال رہے پھر لکھنے کے بعد وہان سے اوٹھکر کسی پرانے گورستان مین جاوے اور وہان کسی پرانی قبر مین اوس سکورے کو دفن کرے اسیطرح ایک ہفتہ کامل اس طریقہ کو کرے مقصد حاصل ہوگا۔

نام یہان پر لکھے اور مقصد بھی یہین لکھنا چاہیے

۱۲ ۱۳ ۱۱ ۱۷	۱۴ ۵	۹ ۶	۱۱ ۱۹ ۲۳
۲۵ ۳۷	نام دشمن	مقصد	۲۵
۴۳ ۴۱ ۳۹ ۴۵ ۴۷	۴۹	۵۱ ۵۳	۲۷ ۲۹ ۳۱ ۲۲

ایضاً الو کو لاکر اوسے ذبح کرے اور اوسکی کھال پر ہفتہ کے دن اس نقش کو لکھکر کسی پرانے درخت مین لٹکا دے سات دن مین وہ مطلب ظاہر کریگا اور دشمنی ہوجاویگی بعضون نے لکھا ہے کہ نقش کو الو کے خون سے لکھنا چاہیے بہتر یہی ہے کہ الو کے خون سے اسکو لکھے لیکن خون تازہ ہو ورنہ غبار ہو جاوے گا پھر اوس سے نقش نہ لکھ سکے گا۔

ایضاً عمل اگر کوئی شخص اپنے کسی دشمن سے پریشان ہو اور ہمیشہ اوسکے ہاتھ سے تکالیف اوٹھاتا ہو تو اسکو چاہیے کہ اس عزیمت کو لکھکر مکان مین دفن کردے یکایک اوسکے دل سے خیال بدی اور

دشمنی دور ہوجاویگا حم لسب لسب لمح حاج ساب وزہ ۲۲۴۴۴۴۴۴ ع ع ع ع ح ح ح ح

اور اس عزیمت کے نیچے اپنا کل مقصد لکھ دے لیکن اس عمل کو اتوار یا منگل کے دن کرے۔

ایضاً عداوت کیواسطے یہ طریقہ بھی بہت مجرب ہے کسی پرانے قبرستان سے جاکر قبر مین سے ایک مٹھی خاک لاکر تنہا مکان مین دھوپ مین کھڑا ہوکر اکیس بار الم ترکیف یا موکل جو ہم اوپر لکھ چکے ہین پڑھے اور دشمن کے پورے نام کے عدد نکال کر جتنے عدد اوسکے نام کے ہون اوتنے ہی بار یا قاہر پڑھکر اوس خاک پر دم کرے اور اوس خاک کو خانہ دشمن مین ڈالدے عداوت ہوجاویگی اگر درمیان دو آدمیون کے عداوت کرانا منظور ہو تو دونون کے نام کے عدد نکالے اور اوسکے موافق یا قہار پڑھے اور تھوڑی خاک دونون کے مکانون مین ڈالدے باہم دشمنی ہوجاویگی

ایضاً اتوار یا منگل کے دن کسی پرانی دو قبرون کے درمیان مین بیٹھکر اس آیت کو دو ہزار مرتبہ پڑھے اور ہر آیت کے اختتام مقصد کہتا جاوے دشمنی ہوجاویگی آیت یہ ہے والقینا بینہم العداوة والبغضاء الی یوم القیٰمة۔ لوبان وغیرہ قبل پڑھنے کے اپنے سامنے سلگاتا جاوے اور جب اسکو پڑھ چکے تو اوسی لوبان پر دم کرے اور اوٹھاکر اوس لوبان اور اوسکی خاک دشمن کے مکان مین اگر ہو سکے سلگا دے اور نہ ایسے مقام پر روشن کرے جہان دشمن کی گذرگاہ ہو۔

ایضاً اس عزیمت کو لکھکر ہرن کی کھال پر دشمن کے مکان مین دفن کرے عداوت قلبی ہوجاویگی

مرحی فی معوحی بحوا سہا ۵۷۷۵۰ ح ح ح ح ۴۴۴۴۴۳۳ ...

ایضاً اس نقش کو آخر ماہ مین ہفتہ یا بدھ کے دن لکھے اور دریا مین بہادے لیکن قبل نماز فجر کے اسکو کرنا چاہیے اور مکان تنہا بھی ہونا ضرور ہے زکوۃ اسکی یہ ہے کہ اکتالیس روز برابر ہر روز اکتالیس بار لکھکر زمین مین دفن کیا کرے اور دریا جاتے وقت اور آتے وقت کسی سے ہمکلام نہو نقش ہر وقت تنہا مکان مین لکھے پرہیز کچھ نہین ہر چیز کا استعمال کرے وہ نقش یہ ہے۔

شداد	نمرود	فرعون	قارون	شیطان
نمرود	فرعون	قارون	شیطان	شداد
فرعون	قارون	شیطان	شداد	نمرود
قارون	شیطان	شداد	نمرود	فرعون
شیطان	شداد	نمرود	فرعون	قارون

فصل دوم عداوت کے عملیات کے بیان مین

اگر کوئی شخص آزار خلق اور کسیکو ناحق ایذا دینا پسند کرتا ہو اور ہر ایک اوسکی ان بُری حرکتون سے پریشان ہو لیکن وہ اپنی عادت نہ چھوڑتا ہو تو چاہیے کہ اسطرح عمل بسم اللہ کا شروع کرے اور بلاناغہ چالیس روز تک برابر پڑھے فضل الٰہی سے اور ان دعاؤن کے فیض سے اوس شخص کی وہ عادتین چھوٹ جاوینگی اور کسیکو اوسکے ہاتھ سے ایذا نہوگی طریقہ اسکے پڑھنے کا یہ ہے کہ چالیس روز تک برابر بنماز ظہر کے بعد بسم اللہ الرحمن الرحیم سات سو چھیاسی مرتبہ پڑھے اور اس آیہ قرآنی کے اعداد ابجدی بھی سات سو چھیاسی ہین اسیوجہ سے اکثر بزرگون نے اس عمل کے پڑھنے کی تعداد بھی یہی لکھی ہے فائدہ اسمین یہ ہے کہ سات سو چھیاسی بار بسم اللہ داخل ہوتی ہے اور جو اوتنی ہی بار بسم اللہ پڑھی جاتی ہے کہ جتنے اوسکے اعداد ہین لہذا اوتنے ہی بار پڑھنے کا ثواب اوسے حاصل ہوتا ہے اور بعد ختم کے ایکبار اس دعا کو پڑھے اور بعد اس دعا کے اپنا مقصد درگاہ الٰہی سے طلب کرے اور وہ دعا یہ ہے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم الذی عنت الوجوہ وخشعت الاصوات وجلت منہ القلوب وتصلے وتسلم علی سیدنا محمد وآلہ واصحابہ اجمعین برحمتک یا ارحم الراحمین ایاک نعبد و ایاک نستعین وان تقضی حاجتی فی ھلاک فلان یا قاھر یا قہار یا قادر یا مقتدر یا اللہ یا اللہ بحرمۃ لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ — اور اس دعا مین بجائے فلان کے نام اوس شخص کا لیوے اور برابر چالیس روز تک پڑھے تو انشاءاللہ تعالیٰ اوس شخص کے شر اور فریب سے نجات دیگا چونکہ چالیس دن پڑھنے کا یہ عمل ہے لہذا اسکی زکوٰۃ یہی ہوگی دوسری علحدہ زکوٰۃ دینے کی اسمین کوئی ضرورت نہین ہے۔

جو شخص دشمنون سے ایذا اوٹھاتا ہو تو اوسکو چاہیے کہ بعد ہر نماز فجر کے بلاناغہ کچھ عرصہ تک اس دعا کو سو مرتبہ پڑھ لیا کرے انشاءاللہ تعالیٰ اوسکو دشمنون کے شر سے بچائیگا اور کبھی کوئی تکلیف اوس کو دشمن سے نہ پہونچے گی بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم یا قدیم یا دائم یا فرد یا وتر یا احد یا صمد یا حی یا قیوم یا کریم یا رحیم یا مسند من لا سند لہ یا من لم یلد ولم یولد ولم یکن لہ کفوا احد یا ذالجلال والاکرام بحرمۃ سیدنا نام علیہ التحیۃ والسلام

ایضاً مقہوری اعدا و اوسکے مطالب نقش کو لکھکر اپنے دلی مطلب کو اسکے گرد لکھدے اور جیسکے خون نے

تحریر کرے اور اسکو اپنے روبرو رکھکر یا قہار ذو البطش الشدید یا منتقم الذی لا یطاق انتقامہ یا قاہر موافق عدد اسم دشمن کے پڑھکر اس نقش پر دم کرے اور بعد اس نقش کو آگ مین جلادے دشمن شر اور تکالیف سے نجات پاویگا

١٠	٢	٨
٤	٧	٩
٦	١١	١٣

اس نقش کو اتوار یا منگل کے دن لکھو اور اسی روز یہ دعا پڑھکر اوسپر دم کرے نقش یہ ہے۔

ایضاً جو کوئی اس دعا کو بلاناغہ روز سات بار پڑھا کرے بعد ہر نماز کے تو وہ دشمن کے شر سے امان مین رہیگا اعوذ بکلمات اللہ التامات کلہا من شر ما خلق بسم اللہ خیر الاسماء بسم اللہ رب الارض و رب السماء و بسم اللہ الذی لا یضر مع اسمہ شیء فی الارض ولا فی السماء وھو السمیع العلیم فاللہ خیر حفظا وھو ارحم الراحمین رب ھب لی حکما والحقنی بالصالحین ولیشف صدور قوم مؤمنین وشفاء لما فی الصدور الحمد للہ رب العالمین الرحمٰن الرحیم مالک یوم الدین بحرمۃ سید المرسلین خاتم النبیین محمد صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ اجمعین

ایضاً جو شخص روز اس حصار کو بعد نماز فجر کے اکتالیس بار پڑھا کرے دشمن اوسکے مکان کے قریب نہ آسکے گا بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لا الٰہ الا اللہ حولنا اھی حصار یاد محمد رسول اللہ بر من و دستان من حصار باد لا الٰہ الا اللہ صد بار گرد من و گرد خانہ من حصار باد محمد رسول اللہ صد بار گرد خانہ من و خانہ دوستان من حصار من بستم دست و پا و زبان و عقل و گوش و ہوش اول کسانیکہ در ہیزدہ ہزار عالم اند از آدمیان و دیوان و شیاطین و ظالمین و ناخدا ترسان و ناحق شناسان و کسانیکہ مرا ایذا دہند و بد در حق من خواہند و بد اندیشند بحرمت لا الٰہ الا اللہ مہر کردم بنام محمد رسول اللہ قولا وفعلا ان بطش ربک لشدید واللہ من ورائہم محیط بل ھو قرآن مجید فی لوح محفوظ صم بکم عمی فہم لا ینطقون صم بکم عمی فہم لا یفقہون صم بکم عمی فہم لا یرجعون صم بکم عمی فہم لا یعقلون صم بکم عمی فہم لا یبصرون صم بکم عمی فہم لا یرجعون صم بکم عمی فہم لا یسمعون بحرمۃ لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ بستم دل و جان جمیع دشمنان خود و قمروا دشمنان خود را بحرمۃ لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ —

ایضاً ہلاکی دشمن کیواسطے اس طلسم کو کارد فولاد ذی شانہ گاؤ پر لکھکر زمین کے نیچے دفن کرے دشمن ہلاک ہوجائیگا

دددد ۲۲۲۵۵۵۷۷۷۷۴۴۴۴۴ ۱۹۲۹۲۹۳۹۲۹۶ ہہہہ ۵ ||||||||| ۵

سبح سبح سبح سوسوسو کوکوکو دررر دد سدی سدی سدی سدی سدی سدی

یہ طلسم اسطرح لکھا جائیگا کہ ہفتہ اتوار دوشنبہ منگل آخر ماہ مین چار روز کرے کہ اسطرح پر کہ پہلے روز کارد فولاد سے شانہ گاؤ پر پہلا طلسم اور دوسرے روز دوسرا طلسم تیسرے روز تیسرا طلسم چوتھے روز چوتھا طلسم لکھے اور ہر روز ویران مقام پر الگ الگ سبکو دفن کرے چار روز کے عرصہ مین دشمن ہلاک ہوگا

ایضاً اس آیت قرآنی کو تعویذ پر لکھکر مع نام دشمن و ولدیت دشمن دیگ مین ڈالدے اور اُس دیگ مین تمام پانی بھردے اور اوس دیگ کے نیچے آگ روشن کردے اور تین دن برابر آگ روشن رہے اور دیگ چولھے پر چڑھی رہے جتنا جتنا پانی خشک ہوگا اوتنا اوتنا دشمن کا بدن خشک ہوتا جائیگا اور پانی دیگ کا بالکل خشک ہوجائیگا اوسوقت دشمن بھی خود بخود ہلاک ہوجائیگا اور وہ آیہ متبرکہ یہ ہے

بسم اللہ الرحمن الرحیم فجعلنا عالیہا سافلہا و امطرنا علیہم حجارۃ من سجیل فلان بن فلان ہلاک گردد یا جلیل یا جلیل یا جلیل

ایضاً جس گورستان مین قبرین بہت ہون ایک قبر مین بارہ مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھے اور دم کرے بعد دم کرنے کے تھوڑی سی خاک اوس قبر پر سے اوٹھالیوے اسطرح سے بارہ قبرون پر بارہ بارہ مرتبہ سورہ مذکور پڑھکر دم کرے اور تھوڑی تھوڑی خاک سب قبرون سے اوٹھالیوے اور ان سب کو ایک جگہ کرکے بارہ سو بار اس آیت کو پڑھکر اوسپر دم کرے اور بعد پڑھنے کے مقصد اپنا اپنے دل مین کہے اور وہ آیت متبرکہ یہ ہے بسم اللہ الرحمن الرحیم کل من علیہا فان ویبقیٰ وجہ ربک ذوالجلال والاکرام

ایضاً اگر کسی دشمن کا گھر ویران کرنا منظور ہو تو اس نقش کو آخری چہارشنبہ کے دن چاندی کی تختی پر کھدوادے اور اوس تختی پر موم لگا کر اوسکو پوشیدہ کرکے دشمن کے مکان مین اُسی روز دفن کردے وہ مکان اور اوس مکان کے رہنے والے تباہ اور برباد ہوجائینگے کسی ساکن مکان کا پتہ بھی نہ لگے گا لیکن اسکا



ضرور لحاظ رہے کہ کل کام ایک دن مین ہون دوسرا دن اوسمین شامل نہو

ایضاً تباہی دشمن کیواسطے اس نقش کو سنگ سیاہ پر کھدوا کر دشمن کے مکان مین دفن کردو دشمن خود تباہ ہوجائیگا اور اوس مکان کے رہنے والے فضل الٰہی سے محفوظ رہینگے کوئی آفت و نیز آدیگی زکوٰۃ اس عمل کی یہ ہے کہ روز دریا کنارے جاکر بالو پر اس نقش کو سو بار لکھے و دریا مین ڈالے اسطرح پر کہ جب پچیس نقش لکھ چکے تو اونکے نقاشون کو محو کرکے



پھر پچیس لکھے اور اونکو مٹائے یہان تک کہ سو پورے ہوجائین صرف سات دن زکوٰۃ ادا کرنا چاہیے اور بعد سات دن کے کچھ ضرورت نہین۔

ایضاً اس نقش کو دشمن کے پہنے ہوے کپڑے پر لکھکر کسی صحرائی درخت مین لٹکادو تاکہ اوسپر ہوا لگتا رہے جسقدر یہ ہلیگا اسیقدر دشمن کو بیماری مرگ زیادہ ہوتی جاویگی اور کچھ دنون مین ہلاک ہوجائیگا یہ نقش نہایت مجرب ہے زکوٰۃ اسکی یہ ہے کہ چالیس روز ہر روز چالیس بار کپڑے پر لکھے اور جلادے جب چلہ چالیس روز کا ختم ہوجائے اوسوقت اسکو کرنا مفید ہوگا ان دونون طرفون مین پرہیز نہین ہے جو چاہے کھائے۔

۱۴	۱۲	۸	۲۲	۱
۹	۲۳	۱۵	۱۱	۷
۱۸	۲	۶	۲۴	۱۳
۳	۲۰	۱۰	۴	۱۷
۲۵	۵	۱۹	۲۱	۱۶

ایضاً اس آیت کو اکتالیس و اکتالیس اکتالیس بار پڑھے اور بعد پڑھنے کے اپنا مقصد بیان کرے ہلاکی دشمن کیواسطے مجرب ہے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم کل نفس ذائقۃ الموت۔

تمت

الحمد للہ کہ یہ پہلا حصہ ختم ہوا اور اوسمین عملیات نادرہ کا طریقہ لکھا گیا ہے بعض نقوش و عمل کی زکوٰۃ نہین لکھی گئی وہ ہم انشاء اللہ حصہ دوم یا سوم مین بالتفصیل لکھینگے اور تاریخ ہر نقش کی ہر ایک کی بھی اوسکے ہمراہ بتلائینگے شائقین سے التماس ہے کہ اگر عملیات و نقوش کا شوق ہو تو پہلا اسکے چارون حصے طلب فرماکر دیکھین اور اسکے موافق عمل کرین تاکہ محنت رائیگان نہو بلکہ مقصد کلی حاصل ہو تتمہ ہذا الکتاب بعون الملک الوہاب

اطلاع فہرست کارخانہ محمد عبداللہ مطبع مجتبائی حسب الطلب روانہ کیجاتی ہے اشتہر محمد عبداللہ تاجر کتب لکھنؤ

حصۂ دوم

کتاب اللہ سے عجیب و غریب نقش

بفضل یزدانی نسخہ لاثانی کتاب عملیات و نقوش معہ اسمائے الٰہی و آیات کلام ربانی

روح سلیمانی

باہتمام خاکسار محمد عبد اللہ صدیقی تاجر کتب لکھنؤ چوک و مالک مطبع

مطبع مجتبائی لکھنؤ دہلی میں مطبوع ہوئی

جملہ حقوق محفوظ ہیں

	بسم اللہ الرحمن الرحیم	

سبحان اللہ کیا قدرت ہے تیری کہ بغیر مدد دوسرے کے اتنے بڑے آسمان اور زمین کو
کس خوبصورتی کے ساتھ پیدا کیا اور تعریف اوس قادر لایزال کو جس نے اپنی قدرت کاملہ
سے اس دنیا پر ایسے نقش و نگار پیدا کیئے ہین کہ جس کی باریکی دریافت کرنے مین عقلمندون کی
عقل حیران ہے آسمان اوسکی دریاے وحدت کا ایک بلبلہ ہے اور زمین پانی کا بتاسا ہے
جس کی یہ قدرت اوس کی حمد و ثنا کس زبان سے ادا ہو سکتی ہے **مصرع** چہ نسبت خاک را
با عالم پاک۔ **بعد** حمد اور صلوات کے خاکسار ذرہ بیمقدار **شیخ محمود علی** مؤلف رسالہ عرض کرتا ہی
کہ ناظرین والا تمکین کی **نظر** سے یہ رسالہ گذرے اور فائدہ پہونچے کیونکہ اسمین
ہر قسم کے فائدے موجود ہین اس سبب سے ناظرین کی طبیعت محظوظ ہوگی اور ہر قسم
کا حال نہایت آسانی سے دریافت ہو جائیگا ــ شائقین سے التماس ہے کہ جہان
سہو و خطا پائین اصلاح سے دریغ نفرمائین بعد ترتیب نسخہ ہذا کے اسم بامسمی
لوح سلیمانی موسوم کیا۔
بتفصیل ذیل اور بارہ فصلون کے منقسم کر کے یہ مجموعہ

فصل پہلی۔ اسماے اعظم کے بیان مین	**فصل دوسری** نقشیات مجرب کے بیان مین
فصل تیسری بعمل اعداد وفق کے بیان مین	**فصل چوتھی** طلسم مجرب کے بیان مین
فصل پانچوین نسخہ آتشبازی کے بیان مین	**فصل چھٹی** تاریخ سعد و نحس کے بیان مین

فصل ساتوین نسخجات کے بیان مین	**فصل آٹھوین** شعبدون کے بیان مین
فصل نوین تعبیرنامہ خواب کے بیان مین	**فصل دسوین** فالنامہ کے بیان مین
فصل گیارہوین دریافت کرنا ساعت ہر روزہ کے بیان مین	**فصل بارہوین** قواعد علم رمل کے بیان مین

فصل اول اسماے اعظم کے بیان مین

دعا واسطے حمل عورت کے ہفتے کے دن لکھے عورت کو کھلاوے نطفہ قرار پاوے گا
وَلَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا سُیِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ اَوْ قُطِّعَتْ بِهِ الْاَرْضُ اَوْ كُلِّمَ بِهِ الْمَوْتٰى بَلْ لِّلّٰهِ الْاَمْرُ جَمِیْعًا ـ دعا واسطے
قوت حافظہ کے جو بات چاہے جلد یاد ہو ہر روز بعد نماز صبح کے آگے اس سے کہ کسی
سے بات کرے یہ دعا پڑھے یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ فَلَا یَفُوْتُ شَیْئًا عِلْمُهٗ وَلَا یَئُوْدُهٗ ـ دعا سورہ جن
کو مرگی والے پر پڑھے مرگی اوس کی دور ہو نہایت مجرب ہے ـ دعا واسطے جدائی
کے بری ساعت مین منگل کے دن یا اتوار کو آخر مہینے مین لکھے اور پرانی قبر
مین دفن کرے قہر الٰہی سے جدا ہو وین بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلْقَارِعَةُ مَا الْقَارِعَةُ
وَمَا اَدْرٰكَ مَا الْقَارِعَةُ اَلْحَاقَّةُ مَا الْحَاقَّةُ وَمَا اَدْرٰكَ مَا الْحَاقَّةُ كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ ـ البغض کی لفظ لکھے
دونون کے نام اور دونون کے مان کے نام لکھدے ـ دعا واسطے حمل عورت کے
سات روز اس دعا کو لکھکر ہر روز ایک تعویذ کو پانی مین گھول کر پلاوے انشاء اللہ
فرزند پیدا ہو نہایت مجرب ہے ـ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰهُمَّ ذَا الْعَرْشِ الْكَرِیْمِ
وَالْمُلْكِ الْقَدِیْمِ وَالْعَطَاءِ اَللّٰهُمَّ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا رَحِیْمُ یَا غَفُوْرُ یَا غَفُوْرُ یَا اَللّٰهُ یَا اَحَدُ
دعا واسطے درد کمر کے جس جگہ پر درد ہو ہاتھ سے پکڑ کے ساتھ بار پھونکے درد
دور ہو یا سات روز لکھ کے پلاوے درد جاتا رہے گا یا لکھ کے کمر مین باندھے
درد دفع ہو وَالْقَمَرَ قَدَّرْنٰهُ مَنَازِلَ حَتّٰى عَادَ كَالْعُرْجُوْنِ الْقَدِیْمِ دعا جناب
امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ جو کوئی سو بار اس کلمے کو لکھے
اللہ تعالیٰ پناہ دے اوسکو فقیری سے اور قبر مین نہ گھبرائے اور بہشت ہو اور ایسی جسے حق تعالیٰ

کی ہو بہشت مین بھی کلمہ اوسکی زبان سے جاری ہو لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ دعا جو شخص سورہ
یٰسین لکھے اور اپنے پاس رکھے بیخوف ہو تا نے سے جن اور دیو اور پری کے دعا اگر سورہ
اگر پہلے گھر مین شکل خارج ہے اور اس شکل کا معکوس تیسرے یا نوین گھر مین ہے اور دوسرے اور چوتھے گھر مین اشکال خارج ہین تو سائل کا جانا ضرور ہوگا۔ اگر پہلے گھر مین شکل داخل ہے لیکن دوسرے گھر کی شکل خارج ہے تب بھی سائل کا جانا کسی نہ کسی طرح سے ہو جائیگا۔ اگر تیسرے گھر کی شکل نوین گھر مین تکرار کرے گی تو اس صورت مین بھی جانا ہو جائے گا۔ اگر چوتھے گھر کی شکل بارھوین گھر مین تکرار کرے گی تو بھی سفر ہوگا۔ اگر چوتھے گھر کی شکل داخل ہے لیکن اس شکل کا معکوس یعنے کوئی شکل خارج دسوین گھر مین پڑی ہے تب بھی جانا ہوگا۔ اگر تیسرے گھر کی شکل ساتوین یا آٹھوین گھر مین تکرار کرے گی تو بھی سفر ہوگا لیکن اگر شکل مذکور خارج ہے تو جلدی اور اگر داخل ہے تو سفر کسیقدر عرصے کے بعد ہوگا۔ اگر چوتھے گھر مین شکل خارج ہے اور نوین گھر مین داخل ہے تو بھی سفر ہو جائے گا۔

اس امر کے دریافت کرنے مین کہ غائب آویگا یا نہ

اگر چوتھے گھر مین داخل شکل ہے اور نوین گھر مین خارج شکل موجود ہے تو غائب جلد آویگا انشاء اللہ تعالی اگر چوتھے گھر کی شکل گیارھوین یا بارھوین گھر مین تکرار کرگی تو گیا ہوا شخص چند دنون کے بعد پھر اوسی مقام پر کہ جہان سے وہ گیا ہے پلٹ آویگا

اس امر کے دریافت کرنے مین کہ سفر سے نفع ہوگا یا نہ

اگر پہلے تیسرے گھر کی شکلین نیک گھرون مین تکرار کرینگی تو ضرور انشاء اللہ تعالے نفع ہوگا اور اگر پہلے اور تیسرے گھر کی شکلین خلاف اسکے نحس مین تکرار کرینگی تو نفع ہو گا

اس امر کے دریافت کرنے مین کہ مباحثہ علمی مین شخص مقابل سے جیت ہوگی یا ہار

تیسرے گھر کی شکل کو پہلے گھر کی شکل مین ضرب دینے سے اگر [شکل] یا [شکل] یا [شکل] یا [شکل] یا [شکل]
آوے گی تو سائل غالب رہے گا کیونکہ یہ شکلین خاص سائل کی ذات سے تعلق
رکھتی ہین۔ بعد اسکے ساتوین گھر کی شکل کو نوین گھر کی شکل سے ضرب دو اگر حاصل
ضرب مین [شکل] یا [شکل] یا [شکل] یا [شکل] یا [شکل] آوے گی تو شخص مقابل ہار جاوے گا کیونکہ یہ نتیجہ
ضرب اشکال کا خاص شکل مقابل کی ذات سے متعلق ہے پوشیدہ نہ رہے
کہ نتیجے مین اگر دونون طرف اشکال سعد آوین گے تو دونون شخص برابر رہین گے۔

اس امر کے دریافت کرنے مین کہ علم قسمت مین ہے یا نہ

اگر پہلی اور تیسری اور نوین اور گیارھوین گھر کی شکلین سعد داخل ہون گی یا خصوصاً
خانہ ہائے مذکور مین [شکل] و [شکل] و [شکل] پڑین گی تو علم سائل کے نصیب مین ضرور ہوگا اور
اس علم کے ذریعے سے سائل کو عمر بھر نفع پہونچتا رہیگا۔ جو خانہ کہ اوپر بیان
کئے گئے ہین اگر اون خانون مین بلحاظ نحوست وسعادت مختلف شکلین آوین یعنے
کسی گھر مین سعد اور کسی گھر مین نحس تو اس صورت مین تیسرے گھر کی شکل کو نوین
گھر کی شکل مین ضرب دو اور جو شکل حاصل ہو اوسکو پھر پہلے گھر کی شکل کے ساتھ
ضرب دیکر ایک شکل نکالو بس اگر یہ شکل سعد داخل ہوگی تو علم نصیب مین ہوگا
بعد اس کے پھر اسی شکل کو گیارھوین خانے کی شکل مین ضرب دیکر ایک شکل
پیدا کرو اگر یہ شکل سعد داخل ہے تو یہ حکم لگاؤ کہ علم حاصل شدہ کے ذریعے سے
سائل کی مراد حاصل ہو دیگی۔ اگر یہ شکل نحس خارج یا نحس منقلب یا نحس ثابت
یا نحس داخل ہو تو کہدو کہ علم حاصل شدہ سے سائل کو کوئی نفع نہ پہونچے گا۔

اس امر کے دریافت کرنے مین کہ بچے کا جی مکتب مین لگیگا یا نہ

چوتھا خانہ مکتب کا ہے بس اگر چوتھے گھر مین شکل سعد داخل ہے تو لڑکا رغبت اور

خوشی سے مکتب مین بیٹھے گا۔ اگر شکل نحس داخل یا نحس ثابت ہے تو لڑکا مکتب مین
خوشی سے نہ بیٹھے گا بلکہ جبر سے خیر بیٹھا رہے گا۔ اگر شکل نحس خارج یا نحس منقلب ہے
تو مکتب سے لڑکا بھاگ جایا کریگا۔

اس امر کے دریافت کرنے مین کہ فلان دایہ کا دودھ بچے کو موافق ہے یا نہ

اگر دوسرے اور تیسرے گھر کی شکلین دونون سعد داخل ہین تو دودھ دایہ کا بچے کو مبارک
ہے۔ اگر ایک شکل سعد داخل ہے اور دوسرے سعد خارج یا ایک سعد داخل ہے
اور دوسری سعد منقلب یا ایک سعد داخل ہے اور دوسری نحس داخل تو سمجھ لینا
چاہیے کہ اس اختلاف کے ہونے سے دایہ کا دودھ بھی بچے کے مزاج کے موافق ہوگا

اس امر کے دریافت کرنے مین کہ فلان کام کا انجام کیسا ہوگا

انجام کار کا چوتھا خانہ ہے بس اگر چوتھے گھر مین شکل سعد ہے اور اوسکی تکرار زائچے
کے نیک گھرون مین ہوئی ہے یا اگر تکرار نیک گھرون مین نہین ہوئی ہے تو جس گھر
مین تکرار ہوئی ہے اوس کا نتیجہ نیک ہے تو کام کا انجام بھی خاطر خواہ نیک اور
عمدہ ہوگا اور اگر اس کے برخلاف اشکال ہون گے تو حکم بھی بدی کا لگانا ہوگا
نوعدیگر اگر چوتھے خانہ کی شکل نے تکرار نہ کی ہو تو پہلے خانہ کی شکل کو چوتھے خانہ کی
شکل مین ضرب دیکر ایک شکل پیدا کرو اور اس شکل کی تکرار اور خانہ تکرار کے نتیجے
کی نیکی اور بدی کے موافق حکم لگاؤ۔ جس طرح اس قاعدے سے کام کے انجام کی نیکی
اور بدی کا حال بتایا جاتا ہے اسی طرح اس قاعدے سے اس امر کا جواب بھی دیا
جاتا ہے کہ فلان شخص کی عمر خوشی مین بسر ہوگی یا رنج مین۔

اس امر کے دریافت کرنے مین کہ فلان شخص کے کتنے مکان ہین اور جس مکان مین وہ رہتا ہے کسطرح پر واقع ہے

اگر چوتھے گھر مین اجتماع یعنے [شکل] یہ شکل ہے تو سائل کے دو گھر ہین۔ ایک یا تو فروخت

ہونے پر ہے یا گرد ہے اور دوسرے مین وہ خود رہتا ہے اگر چوتھے گھر مین ⁞ ہو تو سائل
کے مکان کا آگے والا حصہ کچھ شکست ہو یا گر گیا ہے اگر آگے کا حصہ نہین گرا ہے تو کچھ
عمارت کوٹھے پر کی ضرور گر گئی ہے۔ اگر چوتھے گھر مین جماعت یعنے ⁞ یہ شکل ہے
تو گھر سائل کا درست ہے اور اوسمین دالان در دالان ضرور ہے۔ اگر چوتھے گھر مین
فرح یعنے ⁞ یہ شکل ہے تو سائل کے گھر مین کبوتر خانہ یا کوئی جانور خانہ ضرور ہے اگر
چوتھے گھر مین ⁞ ہے تو سائل کا گھر بہت تنگ و تاریک ہے۔ یا اوس ایک گھر مین دو گھر
ہین اور دوسرے گھر مین کالا سانپ کسی مقام پر رہتا ہے۔ اگر چوتھے گھر مین ⁞ ہے
تو سائل کا مکان بہت ہوادار ہے اور اوس گھر مین اکثر خانہ جنگی کی نوبت آ جاتی ہے
اگر چوتھے گھر مین ⁞ ہے تو سائل کے مکان مین سیلن یعنی نمی اور تری بہت رہتی ہے
اور کسی مقام پر کچھ درخت اور حوض یا کنوان وغیرہ ضرور ہے۔ اگر چوتھے گھر مین
⁞ ہے تو سائل کا مکان بلند اور پختہ اور شاندار اور خوب ہی ہوادار ہے اور
مضبوط اور مستحکم بھی ضرور ہے۔ اگر ⁞ ہے تو سائل کا مکان نہایت ہی عمدہ
اور بہت بلند ہے اور اوس مکان مین ہرے ہرے پھول دار درخت بوئے
ہوئے ہین اور اوس مکان کے قریب یا تو کسی بزرگ کی قبر ہے یا مکتب خانہ ہے اگر
⁞ ہے تو سائل کا مکان یا تو آگ سے جل گیا ہے یا اوس مین چھت نہین ہے اور
اوس مکان کے قریب غلیظ اور کوڑے کا انبار موجود رہتا ہے۔ اگر ⁞ ہے تو
سائل کا مکان کسی سبزہ زار کے قریب مین واقع ہے۔ اگر ⁞ ہے تو سائل کے
مکان کی دیوارین خام ہین۔ اگر ⁞ ہے تو سائل کا مکان پختہ اور دو منزلہ ہے
اور اوس مکان کے متصل مسجد یا کوئی عبادت خانہ ضرور ہے۔ اگر ⁞ ہے تو
سائل کا مکان ایک منزلہ ہے اور ہوادار ہے اور سر بازار واقع ہے اور اوس
مکان کے قریب کوئی صراف یا مہاجن ضرور رہتا ہے۔

اس امر کے دریافت کرنے مین کہ فلان مکان خریدنا مبارک ہے یا نہ

اگر پہلے اور چوتھے خانہ مین اشکال سعد ہین خصوصاً سعد داخل تو جو مکان خریدا جائے گا
وہ بہت مبارک ہوگا اور اگر خانہ ہائے مذکورہ مین اشکال نحس آوینگی تو مکان خریدنا
مبارک نہوگا تو عدیگر چوتھے خانہ کی شکل کو دیکھو کہ کس کس گھر مین اوس نے تکرار کی ہے
یعنے اگر چوتھے گھر کی شکل خود بھی سعد ہے اور سعد گھرون مین اوس نے تکرار بھی کی ہے
تو مکان مطلوبہ کا خریدنا مبارک ہوگا اور اگر چوتھے خانے کی شکل کو خود سعد ہے گر
تکرار اوس کی نحس گھرون مین ہے تو جو مکان کہ خریدا جائے گا وہ ایک زمانے کے بعد
تلف ہو جائے گا تو عدیگر چوتھے گھر کی شکل کو صاحب خانہ سے ضرب دو اگر نتیجے
مین شکل سعد آوے اور اوس نتیجے کی شکل نے نیک گھرون مین تکرار کی ہو تو کمد دکہ
مکان ذکا خریدنا مبارک ہوگا۔ اور اگر شکل نتیجہ نحس ہو اور اوس کی تکرار بھی
خانہ ہائے نحس مین ہوئی ہو تو حکم یہ ہوگا کہ مکان ذکا خریدنا کسی طرح مبارک نہوگا۔

اس امر کے دریافت کرنے مین کہ فلان گاؤن خریدنا مبارک ہے یا نہ

اگر چوتھے اور پانچوین گھر مین سعد شکلین ہین تو گاؤن یا علاقے وغیرہ کا خریدنا بہت
ہی مبارک ہے۔ اوس گاؤن سے سائل کو زمانۂ آیندہ مین بہت نفع انشاءاللہ ہوگا
اگر چوتھے گھر کی شکل نحس اور پانچوین گھر کی سعد ہے تو جس گاؤن یا علاقے کی
خریداری منظور ہے وہ بہت خراب ہے اور اوس مین پیداوار بہت ہی کم ہوگا اس
موقع پر دسوین گھر کی شکل کو بھی ضرور دیکھ لینا چاہیے کیونکہ اگر دسوین گھر مین سعد
شکل ہے تو وہ مقام درختان میوہ دار سے معمور ہے۔ جو درخت اوسمین موجود ہین وہ
پودے اور جوانی کی حالت مین ہین۔ اگر دسوین گھر کی شکل خود ہی سعد ہو اور اوسکی تکرار
اوتاد مین ہوئی ہے تو اس موضع کے درخت بالکل بچے ہین عجب نہین کہ ابھی بار آور بھی
نہ ہوئے ہون۔ اگر اسی شکل کی تکرار زائل و تاد مین ہے تو درخت اوس موضع کے

پڑانے ہین۔ اگر تکرار مائل اوتاد مین شکل خانہ دس کی ہوئی ہو تو درخت میانہ عمر کی ہین

اس امر کے دریافت کرنے مین کہ فلان شخص اپنے گھر مین ہی یا نہ

اگر پہلے اور چوتھے گھر کی شکل داخل ہے تو گھر مین ہے۔ اگر چوتھے گھر کی شکل نے ساتوین یا نوین گھر مین تکرار کی ہے تو گھر مین نہین ہے۔

اس امر کے دریافت کرنیمین کہ فلان شخص کے نصیب مین اولاد ہی یا نہ

اگر پہلے اور پانچوین گھر کی شکلین سعد داخل ہین اور تکرار اون کی نیک گھرون مین ہو تو اولاد نصیب مین ہے اور اگر شکلین نحس واقع ہوئی ہین اور عمدہ گھرون مین تکرار بھی اونکی نہین ہوئی ہے تو اولاد ہونا مشکل ہے۔

اس امر کے دریافت کرنے مین کہ خرابی مرد مین ہی یا عورت مین

اگر پہلے گھر مین طریق یعنے [illegible] یہ شکل ہے تو عیب مرد مین ہے اور اگر یہی شکل طریق آٹھوین مین ہے تو عیب عورت مین ہے۔ اگر پانچوین مین [illegible] یا [illegible] ہو تب بھی عورت ہی مین نقص ہے۔

اس امر کے دریافت کرنے مین کہ لڑکا ہوگا یا لڑکی

اگر فرح یعنے [illegible] یہ شکل پہلے یا پانچوین یا نوین گھر مین ہے تو لڑکا ہوگا اور اگر [illegible] گیارہوین گھر مین ہے تو لڑکی ہوگی نوعدیگر اگر پہلے گھر کی شکل خارج ہے یا [illegible] یا [illegible] یا [illegible] یا [illegible] ہو اور اوسکی تکرار زائچے کے کسی اور گھر مین نہین ہوئی ہے تو عجب نہین کہ لڑکا ہوگا اگر پہلے گھر کی شکل نے کسی مقام پر تکرار کی ہو تو اوس گھر کے صاحب خانہ سے ضرب دیکر ایک شکل پیدا کرو اگر یہ شکل مذکر ہے تو لڑکا ہوگا اور اگر مونث ہو تو لڑکی ہوگی

اس امر کے دریافت کرنیمین کہ معشوق کو محبت ہے یا نہین

اگر پانچوین گھر کی شکل نے پہلے یا دوسرے یا تیسرے یا نوین یا گیارہوین یا تیرہوین گھر مین تکرار کی ہے تو معشوق کو بہت محبت ہے۔ پہلا گھر عاشق یعنے سائل کا ہو

اور پانچوان گھر معشوق کا ہے بس ان دونون گھرون کی شکلون مین سے اگر پہلے گھر کی شکل نے چھٹے یا ساتوین یا آٹھوین گھرون مین تکرار کی ہوگی تو عاشق کو اپنے معشوق سے الفت برائے نام ہوگی اور اگر پانچوین گھر کی شکل نے خانہائے مذکورہ مین سے کسی گھر مین تکرار کی ہوگی تو علی ہذا القیاس معشوق کو محبت نہوگی نوعدیگر پہلے گھر کی شکل کو پانچوین گھر کی شکل سے ضرب دیکر ایک شکل نکالو اور پھر اسی شکل کو چوتھے گھر کی شکل سے ضرب دو۔ جو شکل حاصل ہو اوس کو دیکھو کہ سعد داخل ہے یا سعد خارج اگر سعد داخل ہے تو معشوق وفادار ہے اور اگر سعد خارج ہے تو معشوق سرکش اور نافرمان ہے۔

اس امر کے دریافت کرنے مین کہ عاشق اور معشوق مین فسق و فجور کی نوبت بہ زمانہ مواصلت آئی ہی یا نہ۔

اگر پہلے اور پانچوین مین [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] ان شکلون مین سے کہ منسوب بہ حرام ہین کوئی شکل موجود ہے تو ضرور فسق و فجور کی نوبت آئی ہے اور اگر ان شکلون کے علاوہ پہلے اور پانچوین مین شکلین پڑی ہین تو ابھی تک صرف ملاقات ہی ملاقات ہے اور حرام کی نوبت نہین آئی ہے۔

اس امر کے دریافت کرنیمین کہ فلان خبر سچ ہے یا جھوٹھ

اگر کسی کے مرجانے کی خبر پہونچی ہو اور دل مین دریافت کرتے وقت پانچوین گھر مین لحیان یعنے [illegible] یہ شکل آوے تو کہدو کہ خبر غلط ہے وہ شخص بفضلہ تعالی زندہ موجود ہے اگر کوئی خبر خوشی کی پہونچی ہو اور پانچوین مین شکل سعد ہو اور تکرار بھی اوس شکل نے نیک گھرون مین کی ہو تو کہدو کہ خبر صحیح ہے اگر کوئی بد خبر پہونچے تو اگر پانچوین گھر کی شکل بد ہو لیکن تکرار اوس نے نیک گھرون مین کی ہو تو کہدو کہ خبر غلط ہے یا کچھ غلط کچھ صحیح ہے

اس امر کے دریافت کرنےمین کہ فلان شخص کے پاس سے خط آئیگا یا نہین

اگر پانچوین گھر مین شکل سعد داخل ہے اور اوس شکل نے اوہات یا نوین یا گیارھوین یا تیرھوین یا سولھوین گھر مین تکرار کی ہو تو خط آوے گا انشاء اللہ تعالیٰ اگر یا اوہات نوین یا گیارھوین یا تیرھوین یا سولھوین مین ہے تو خط انشاء اللہ تعالےٰ ضرور آئے گا۔ اگر ان دونون شکلون مین سے کوئی ایک شکل زائچے کی تیسری یا گھر مین ہے تو خط راستے مین ہے۔

اس امر کے دریافت کرنے مین کہ مضمون خط کا کیا ہے

اگر پانچوین گھر کی شکل سعد ہے اور تکرار اوس کی نیک گھرون مین ہو تو مضمون خط مین خوشی کا ہوگا اگر پانچوین گھر کی شکل نحس ہے تو خط کے مضمون سے دل خوش نہوگا کچھ ملال آمیز یا درد آمیز مضمون ہوگا

اس امر کے دریافت مین کہ سرکار سے خلعت ملیگا یا نہین

اگر پانچوین گھر کے خانہ مین شکل سعد داخل ہے اور اوس کی تکرار پانچوین یا دوسرے یا دسوین یا گیارھوین یا چودھوین یا تیرھوین یا سولھوین گھر مین ہوئی ہو اور عتبۃ الداخل یعنے یہ شکل ہے کہ خاص خلعت سے منسوب ہے زائچہ مین قوت کے ساتھ واقع ہوئی ہے تو سرکار سے ضرور خلعت مرحمت ہوگا نوعدیگر اگر زائچہ کے پانچوین گھر مین ہو اور اوس کی تکرار بھی خانہاے مذکور مین سے کسی گھر مین ہوئی ہو تو بفضلہ تعالیٰ یقین کامل ہے کہ انشاء اللہ تعالیٰ ضرور سرکار سے خلعت مرحمت ہوگا

فالنامہ رملی کہ حکیمون طالبون نے واسطے بادشاہ بلخ کے مرتب کیا تھا

اگر کسی صاحب حاجت کو کسی امر مشکل کے بارہ مین فال دیکھنا منظور ہو پہلے تین مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے بعد اسکے یہ آیت کریمہ۔ وَمَن يَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ فَهُوَ حَسْبُهُ إِنَّ اللَّهَ بَالِغُ أَمْرِهِ قَدْ جَعَلَ اللَّهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا پڑھے بعد اس کے سانس روک کر

چار سطرین ایک دم مین نقطون کی کھینچے پھر دو نقطہ اوس مین سے طرح کرے اگر ایک باقی بچے نقطہ حاصل ہوا اگر دو باقی بچین تو لکیر حاصل ہوئی جس کو اصطلاح رمل مین فرد و زوج کہتے ہین غرضکہ جو شکل حاصل ہو مطابق اوس کے بیان کرے اور جس جگہ پر قلم وغیرہ موجود ہو یا عورتین یا ناخواندہ لوگ ہون نقشہ مرقوم ذیل پر بسم اللہ کہکر اونگلی کلمہ کے جس خانہ پر اونکاجی چاہے رکھ دین اوس کے موافق خاصیت اوس خانہ کی دیکھکر حال بیان کرے نقشہ یہ ہے۔

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۶	۹
۱۰	۵	۴	۱۵

اصل اسکی دائرہ شکن ہے بموجب حال نقش مربع کے سولہ خانہ ہین منجملہ اوسکے خانہ اول لحیان ہے اگر اس خانہ پر اونگلی رکھی ہے تو اوس کے واسطے نہایت مبارک ہے اگر ارادہ سفر کا ہے تو خوب ہے مال و دولت حاصل ہوگا اور مرتبہ عالی پر پہونچیگا مراد اوسکی باریتعالیٰ اپنے فضل سے برلائیگا فرزند یا شخص غائب سے ملاقات ہو پنجشنبہ کو اپنی مراد کے نتیجہ سے خبر پاوے سرداران و رئیسان مشرق سے اوسکو فائدہ پہونچے اور روز دوشنبہ کو مقصود حاصل ہو۔ چاہیے کہ بعد نماز عشا کے چالیس روز بلاناغہ ہر روز بارہ ہزار مرتبہ اسم اللہ الصمد پڑھے اور اول و آخر درود شریف سو سو مرتبہ۔ خانہ دوسرا قبض الداخل ہے ۔صاحب فال کی تدبیر مبارک ہے اور کام بخوبی تمام انجام پاوے گا اگر مال چاہتا ہے حاصل ہوگا اور سفر کرنا چاہے تو پورب جاوے مگر قدرے تامل کرے حیوانات سے

فائدہ مند ہوگا۔ پینتالیس روز مین مراد حاصل ہوگی سوداگری منظور ہو فائدہ خوب ہوگا تین ہزار ایک سو پچیس مرتبہ یا عزیز اول و آخر سو سو مرتبہ درود شریف چالیس روز پڑھے

۷۸۶

۸	۱۱	۶۵	۱
۶۴	۲	۷	۱۲
۳	۶۷	۹	۶
۱۰	۵	۴	۶۶
	بحق یا عزیز		

اور یہ نقش پچاسی مرتبہ لکھ کر علٰحدہ علٰحدہ آٹے کے ساتھ گولی بناوے اور ہر روز اسیقدر بنا کر مچھلیون کو کھلاوے۔

تیسرا خانہ قبض الخارج کا ہے یہ فال نحس ہے اپنے ارادہ سے باز رہے اور تہمت و حسد سے دشمنون کے پرہیز کرے اور جو تدبیر کرے اوس مین رنج اوٹھاوے اور ارادہ سفر کا ہے تو چند روز صبر کرے اور درگاہ خدا مین توبہ و استغفار کرے کچھ وظیفہ شروع کرے مثل درود شریف وغیرہ کے کہ اس کی برکت سے وہ نحوست دفع ہو صدقہ دے کہ پینتالیس روز کے بعد جو کام کریگا بحکم خدا اوس کا سرانجام نیک ہوگا۔ خانہ چوتھا جماعت ہے یہ فال میانہ ہے کسی کام کیواسطے بہتر اور کسی کے واسطے بدتر جو امر کہ اختیار سے باہر ہوگیا ہو یقین کہ پھر اختیار مین آوے اور واسطے مریض کے خوف ہلاکت ہے ارادہ سفر کا اچھا نہین اگر سفر کریگا نقصان اوٹھاویگا شخص غائب یا مسافر جلدی نہ آوے

۷۸۶

۸	۱۱	۸۹	۱۰
۸۸	۲	۷	۱۲
۳	۹۱	۹	۶
۱۰	۵	۴	۹۰
	بحق یا حنان		

اور قیدی عرصہ دراز تک قید رہے۔ بعد ایک مہینہ کے مطلب حاصل ہوئے اسم یا حنان کو تین ہزار ایکسو پچیس مرتبہ ہر روز بعد عشا پڑھے اور اول و آخر سو سو مرتبہ درود اور یہ نقش ایکسو نو مرتبہ لکھکر گولیان آٹے مین علٰحدہ علٰحدہ بناوے اور مچھلیون کو کھلاوے۔ یہ عمل چالیس روز ہونا چاہیے خانہ پانچوان فرح ہے یہ فال مبارک ہے مراد جلد حاصل ہو خبر خوش سے مسرور

ہو اور مکان یا کوئی چیز خوش نما ملے کام انجام آوے فرزند یا معشوق سے ملاقات ہو

۷۸۶

۸	۲	۱۰
۹	۷	۴
۳	۱۱	۶
بحق یا ودود		

جمعہ تک مراد حاصل ہو بارہ ہزار مرتبہ یا ودود بعد نماز عشا کے اول و آخر سو سو مرتبہ درود مکان تنہا مین چالیس روز پڑھے اور ترک حیوانات کرے یہ نقش ہر روز صبح کو بیس عدد موافق دستور مچھلیون کو کھلاوے۔ خانہ چھٹا عقلیہ ہے یہ فال نحس ہے جبتک بیماری و ناتوانی نہووے گی آرام نہوگا بردہ آزاد کرے یا صدقہ دیوے تو جانور چوپایہ گم شدہ دستیاب ہو اور مسافر دیر مین واپس آوے مگر سلامت رہے چھٹے روز اپنے حال سے مطلع ہو اور ڈھائی مہینہ مین مراد حاصل ہو اور تہمت حسد دشمنان سے احتیاط رکھے توبہ و استغفار کرے صدقہ دے کہ سب مشکلین آسان ہون لب دریا یا کنوین کے کنارے رات کو غسل کرکے پاک کپڑے پہنکر عطر لگاوے اور یا وہاب چودہ ہزار مرتبہ پڑھے اول و آخر سو سو مرتبہ درود اور سے صبح کو چوراسی نقش لکھکر آٹے

۷۸۶

۶	۱	۷
۶	۵	۳
۳	۸	۴
بحق یا وہاب		

مین گولیان بناوے مگر قلم شاخ و روشنائی زعفران کی ہو گولیان مچھلیون کو دے چودہ روز یہی عمل کرے اگر مراد نہ آوے پورے چالیس دن پڑھے۔ خانہ ساتوان انکیس ہے فال بد ہے اگر احوال بیمار مطلوب ہے بیمار ہلاک ہوگا قیدی عرصہ تک گرفتار رہے مگر نکاح کرنا خوب ہے مال مشقت سے ہاتھ آوے سفر ہو سکے گم شدہ چیز ملے شنبہ کے دن احوال دل سے مطلع ہو بعد چھ روز کے مراد حاصل ہونے کی صورت ہو سفر نکرے شب کو بازار وغیرہ مین نہ پھرے علی الخصوص جنگل اور بدھ کی رات کو خوف تہمت کا ہے شخص غائب حیران و سرگردان رہے اور جانور کسی مرض مین گرفتار ہون گے شے گم شدہ جانب شمال سے تلاش

کرے بعد بیس روز کے احوال نیک ہو۔ اسم یا معز گیارہ ہزار سات سو مرتبہ پڑھے اول و
آخر سَو سَو مرتبہ درود اور ایکسو بیس نقش زعفران سے لکھکر
آٹے کی گولیون مین رکھے اور مچھلیون کو کھلاوے اور ترک
حیوانات کرے جلد اثر ہوگا ایک چلہ تک یہ عمل کرنا چاہیے

۷۸۶

۴۰	۳۵	۴۲
۴۱	۳۹	۳۷
۳۶	۴۳	۳۸
	بحق یا معز	

آٹھوان خانہ حمرہ ہے یہ فال نحس ہے مگر جنگ وجدل
دشمن سے خوب ہے اور اندیشہ وخوف دشمن کا رکھنا ضرور ہے
شخص غائب سلامت نہ آوے مال شخص غائب کا تباہ ہو پندرہ روز زیادہ سخت ہین
اسم یا حی بارہ ہزار مرتبہ دریا مین تا بکمر پانی کے اندر یا لب دریا کھڑے ہوکر پڑھے
اول وآخر سَو سَو مرتبہ درود یہ نقش اٹھارہ مرتبہ روز صبح کو
لکھکر حسب دستور مچھلیون کو کھلاوے بحکم خدا ایک چلہ
مین مشکل آسان ہو مطلب کو پہونچے۔ خانہ نوان بیاض
ہے یہ فال نہایت مبارک ہے مقام امید سے خبر نیک

۷۸۶

۷	۲	۹
۸	۶	۴
۳	۱۰	۵
	بحق یا حی	

یا نامہ آوے مشکل آسان ہو سفر مین فائدہ کثیر ہو مراد حاصل ہو
دعوے کرنا خوب ہے مگر خرید وفروخت بہتر نہین شے گم شدہ دستیاب ہو شخص گم شدہ
سفر سے آوے اور جمعہ کو مراد دلی سے آگاہی پاوے دس روز مین مراد حاصل ہووے
اسم یا قیوم تین ہزار ایکسو چھبیس مرتبہ ہر روز مکان پاکیزہ مین پڑھے اول وآخر سَو سَو
مرتبہ درود اور اس نقش کو ایکسو چھبین مرتبہ ہر روز لکھکر موافق
دستور مچھلیون کو کھلاوے ایک چلہ یہ عمل کرنا چاہیے
شرائط عمل کا لحاظ رہے۔ خانہ دسوان نصرۃ الخارج ہے یہ

۷۸۶

۵۳	۴۸	۵۵
۵۴	۵۲	۵۰
۴۹	۵۶ بحق یا قیوم	۵۱

فال نہایت مبارک ہے کوئی کام بزرگ و نکاح و سفر کرنا خوب ہے اگر حاملہ ہو فرزند
نرینہ ہوگا بیمار صحیح ہو غائب بسلامت آوے اپنے مقصد کو پہونچے بزرگون اور حاکمون سے

اور تجارت مین فائدہ ہو اگر کوئی مشکل درپیش ہو اسم یا سلطان تین ہزار ایک سو
پچیس مرتبہ مکان تنہا و پاکیزہ مین بیٹھکر پڑھے اول وآخر سَو سَو مرتبہ درود چالیس روز تک
ہر روز صبح کو ڈیڑھ سو مرتبہ اس نقش کو لکھکر حسب دستور گولیان مچھلیون
کو کھلاوے۔ خانہ گیارھوان نصرۃ الداخل ہے یہ فال
مبارک ہے خرید وفروخت وسفر اچھا ہے مراد بر آوے دوستون
کے پاس سے خبر خوش آئے اور قدیم آشناؤن سے

۷۸۶

۵۵	۵۰	۵۷
۵۶	۵۴	۵۲
۵۱	۵۸	۵۳
	بحق یا سلطان	

ملاقات ہو تمام مشکلین حل ہون اگر کوئی ضرورت پیش ہو اسم یا منان تین ہزار ایکسو پچیس مرتبہ
چالیس روز تک برابر پڑھے اول وآخر درود سَو سَو مرتبہ مگر لب دریا یا چاہ اور چالیس روز
برابر ہر صبح کو یہ نقش ایکسو اکتالیس مرتبہ زعفران سے لکھکر
دستور مچھلیون کو کھلاوے۔ خانہ بارھوان عتبۃ الخارج ہے
یہ فال نحس ہے مگر بعض امور کو نیک بھی ہے مثلاً فروخت کرنا
چارپایہ کا اور دفع کرنا دشمن کا بہتر ہو اور قیدی بدشواری رہائی پاویگا

۷۸۶

۸	۱۱	۱۲۱	۱
۱۲۰	۲	۷	۱۲
۳	۱۲۳	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۲۲
	بحق یا منان		

دشمنون کی طرف سے زیادتی دشمنی کی ہوگی واسطے حل مشکلات کے اسم یا فتاح تین ہزار
ایکسو پچیس مرتبہ وقت صبح صادق قبل نماز فجر کے پڑھے اول وآخر سَو
سَو مرتبہ درود اور نقش کو چار سو مرتبہ روز لکھکر موافق دستور مچھلیونکو
کھلاوے چالیس روز تک عمل کرنا ضرور ہے خانہ تیرھوان نقی الخد
ہے یہ فال مشتمل ہے نیک و بد مین یعنے بیمار و قیدی نجات پاوے اور مسافر

۷۸۶

۱۶۴	۱۵۹	۱۶۶
۱۶۵	۱۶۳	۱۶۱
۱۶۸	۱۶۷	۱۶۲
	بحق یا فتاح	

راہ بھولے مگر آخر بسلامتی واپس آوے بادشاہ سے دولت ملے اور دعوی کرنے سے
فریق مخالف پر فتحیاب ہو واسطے حل مشکلات کے اسم یا سلام بارہ
ہزار مرتبہ بعد نماز عشا کے پڑھے اول وآخر سَو سَو مرتبہ درود پڑھکر اور تا حصول
مراد پڑھتا رہے اور اس نقش کو ایکسو مرتبہ لکھکر آٹے کی گولیان برابر ہر صبح کو

۷۸۶

۸	۱۱	۱۱۱	۱
۱۱۰	۲	۷	۱۲
۳	۱۱۳	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۱۲
	بحق یا سلام		

مچھلیون کو کھلاوے۔ خانہ چودھوان عتبۃ الداخل آ ہے یہ فال نہایت مبارک ہے دلیل ہے حصول مال اور جاہ واقبال کے اور غم سے نجات پانا اور نکاح کرنا مبارک ہے شخص غائب کی خبر خوش آوے اور جس کام کا اندیشہ وفکر ہو وہ بسہولت انجام پاوے حاملہ عورتون کو زحمت ہو مگر انجام بخیر ہو۔ واسطے حصول مراد کے اسم یَا نَاصِرُ تین ہزار چار سو

۷۸۶

۱	۳۲۱	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۳۲۰
۶	۹	۳۲۳	۳
۳۲۲	۴	۵	۱۰
	بحق یا ناصر		

دس مرتبہ بعد نماز عشا کے پڑھے اول وآخر سَو سَو مرتبہ درود اور یہ نقش تین سو اکتالیس مرتبہ لکھکر حسب معمول گولیان بناوے اور مچھلیون کو کھلاوے۔ خانہ پندرھوان اجتماع I ہے — یہ فال مشترک درمیان نیک و بد کے انجام کار اور حصول مرادین توقف ہو خرید وفروخت اور تجارت مین منفعت ہو اور نکاح بھی کرنا خوب ہے لیکن غائب دیر مین آوے اور مریض کو شفا دیر مین ہوئے او بادشاہ وحاکم کی جانب سے امید حصول مال کی ہے بعد عرصہ ایک ماہ کے مراد دلی حاصل ہوئے اور حل مشکلات کے لیے اسم مبارک یَا دَیَّانُ تین ہزار ایک سو چھبیس مرتبع درود اول وآخر سَو سَو مرتبہ لے

۷۸۶

۱	۴۵	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۴۴
۶	۹	۴۷	۳
۴۶	۴	۵	۱۰
	بحق یا دیّان		

پڑھے اور سینتیس مرتبہ یہ نقش لکھکر آٹے مین علٰحدہ علٰحدہ گولیان بناوے اور مچھلیون کو کھلاوے جب تک مراد حاصل نہو۔

خانہ سولھوان طارق ؛ ہے یہ فال نہایت نیک ہے اور سعید ہر کام کے واسطے علی الخصوص مراد حاصل ہوئے اور دولت حاصل ہو اور جس کام کا ارادہ کرے انجام بخیر ہو اور مقصود حاصل ہو اور واسطے حل مشکلات کے اگر واقع ہو اسم شریف یَا رَحْمَانُ تین ہزار ایکسو چھبیس مرتبہ بعد اول وآخر سَو سَو مرتبہ درود شریف

۷۸۶

۱	۲۷۹	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۲۷۸
۶	۹	۲۸۱	۳
	بحق یا رحمان		

پڑھے شرائط عمل کا لحاظ رہے ایک چلہ تمام کرے اور ہر صبح کو اس نقش کو دو سو نانوے مرتبہ لکھکر گولیان آٹے مین علٰحدہ علٰحدہ بناکر مچھلیون کو کھلاوے۔ انشاءاللہ تعالے مشکل حل ہوگی۔ شرائط عمل یہ ہین لباس پاک و عطر وقت اور مکان معین ہو گوشت اور مچھلی انڈا اور لہسن اور پیاز اور شہد نہ کھاوے شیر برنج اور روغن کا کچھ مضائقہ نہین فسق وفجور سے باز رہے اور روزہ رکھنا نہایت اولٰے ہے اور مجامعت سے بھی پرہیز لازم ہے اور جسوقت نقش لکھے اسم نقش کو بلا تعداد پڑھتا جاوے ان سب شرائط کا لحاظ عمل مین واجب ولازم ہے

تمت

خاتمہ لوح سلیمانی

الحمدللہ کہ حصہ اوّل لوحِ سلیمانی جسکا حق تالیف اب مطبع مجتبائی لکھنؤ مین بذریعہ اسناد سرکاری محفوظ ہے کمترین محمد عبداللہ تاجر کتب لکھنؤ چوک کے اہتمام سے مطبع مذکور مین مطبوع ہوا۔ شائقین اور تاجرین سے التجا ہے کہ جسقدر نسخے مطلوب ہون بارسال قیمت طلب فرمائین اور قصد چھاپنے کا نفرمائین۔ اور اوسکا حصہ دوم موسوم بہ وظیفہ سلیمانی چھپکر تیار ہے

فتبارک اللہ احسن الخالقین

بفضل یزدانی نسخہ لاثانی کتاب عملیات و نقوش معہ اسماء باری و آیات کلام ربانی

لوح سلیمانی

باہتمام خاکسار محمد عبد اللہ صدیقی تاجر کتب لکھنؤ چوک و مالک مطبع

در مطبع مجتبائی لکھنؤ مطبوع گردید

یہ کتاب بعد طبع داخل رجسٹری ہوگی اور بغیر رجسٹری بار دوم مین طبع نہ ہو جاوینگے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حمد بیحد و ثنائے لاتعداد اس منعم فلکی کو زیبا ہے جس نے آسمان کو بروج سے آراستہ کیا چمکتے ہوے ستارون کو اوسپر جلوہ دیا ہے۔ ہر ایک کو علیحدہ اثر بخشا ہر ایک سے جداگانہ فائدہ نکالا ہفت کواکب سے انتظام لیل و نہار اور ہر کام کا نقشہ جمایا ماہ کو سیارہ اور مہر کو لطیف السیر کیا اوسکو روشنی بخش جہان اور اسکو دافع تاریکی و پختہ کن اثمار و جاذب رطوبات کر دکھایا اور قابل نعت و توصیف وہ رسول برحق ہے جسنے اپنے ادنی اشارے سے قمر کو دو ٹکڑے کر دکھایا ہے آفتاب کو غروب ہونیکے بعد پھر آسمان پر آشکارہ کرکے کفار کو محو حیرت بنایا۔ اور قابل ستائش وہ اصحاب ہین جنکی ذات مقدس نے بنیاد کفر کو جہان سے مٹایا اور نور ایمان کو تمام عالم مین چمکایا صلوات اللہ و سلامہ علیہ و علی آلہ و اصحابہ اجمعین آمین

امابعد یہ کتاب مفید ہر شیخ و شاب یعنی لوح سلیمانی جسکے دو حصہ مرتب ہو کر طبع ہو چکے ہین لیکن یہ تیسرا حصہ ابھی باقی تھا لہذا میَنے اوسکو نہایت کوشش و جانفشانی سے مرتب کیا ہے اور اسمین نقش بھرنے کی ترکیب اور ساعت کی پورا پورا بیان درج کر دیا ہے اس کتاب مین چار باب ہین پہلا باب امور ضروری کے بیان مین ہے اسمین آٹھ فصلین ہین فصل اول طلب استاد اور حصول اجازت مین فصل دوم اکل حلال و صدق مقال و تقلیل طعام و تکثیر صوم اور صدقہ دینے کے بیان مین فصل سوم ترک حیوانات جلالی و جمالی اور مکروہات کے بیان مین فصل چہارم گوشہ نشینی مین۔

فصل پنجم اوقات اجابت دعا و ساعات سعید مین فصل ششم طہارت بدن و پاکی لباس و پاکی مکان مین
فصل ہفتم اعمال کی تاثیر ظاہر ہونے پر صبر کرنے اور عمل ترک نکرنے کے بیان مین فصل ہشتم شروع اور ختم عمل
پر درود شریف پڑھنے کے بیان مین۔ باب دوم ساعات شبانہ روز کے بیان مین اسمین نو فصلین ہین۔
فصل اول ستارون کی تاثیر کے بیان مین۔ فصل دوم ساعات روز یکشنبہ کے بیان مین فصل سوم ساعات روز
دوشنبہ کے بیان مین فصل چہارم ساعات روز سہ شنبہ کے بیان مین فصل پنجم ساعات روز چہارشنبہ کے
بیان مین فصل ششم ساعات روز پنجشنبہ کے بیان مین فصل ہفتم ساعات روز جمعہ کے بیان مین
فصل ہشتم ساعات روز شنبہ کے بیان مین فصل نہم اسماے موکل کے بیان مین۔ باب سوم اسمین کوئی
فصل نہین ہے۔ بلکہ اس باب مین متفرق امور کی دعائین اور تعویذات درج ہین باب چہارم
نقوش اور تعویذات اور عملیات اور خواص جانوران کے بیان مین۔ اس باب مین آٹھ فصلین
ہین فصل اول گم شدہ کے واپس آنیکے بیان مین فصل چہارم نظر بد کے بیان مین فصل پنجم دفع سحر کے
بیان مین فصل ششم حفاظت حمل کے بیان مین فصل ہفتم تعویذات امراض کے بیان مین فصل ہشتم
وبا و چیچک و طاعون کے نقوش مجربہ کے بیان مین یہ چارون باب تو اس تفصیل سے درج کتاب
ہذا کیے گئے ہین۔ ناظرین کو اگر اس سے بھی زیادہ فائدہ اوٹھانا اور حظ حاصل کرنا مدنظر ہو تو اسی کتاب
حصہ چہارم منگا کر ملاحظہ فرمائین۔ لیکن وہ شروط جو ہمنے اس تیسرے حصہ مین لکھے ہین اور طریقہ
نقش بھرنے اور پُر کرنے کے درج کیے ہین ضرور ذہن نشین رکھین۔ اب ہم یہ بھی بتاے دیتے ہین
کہ نقش کس طور سے بھرا جاے جو صحیح ہو اور فائدہ مند ہو۔ جاننا چاہیے کہ بڑے بڑے عاملون کا طریقہ
نقش بھرنے مین یہ تھا اور اب بھی ہے کہ پہلے نقش کے خانے بناتے ہین اوسکے بعد جو عدد سب سے
کم ہو اوسے لکھتے ہین بعد اوسکے اوس سے بڑے عدد کو اسی طرح سے آخر تک پورا نقش لکھتے ہین
جیسے یہ نو خانے کا نقش ہے کہ اسمین مسلسل ہندسہ ہین لہذا پہلے ایک کا ہندسہ
لکھے پھر دو پھر تین پھر چار پھر پانچ پھر چھہ پھر سات پھر آٹھ پھر نو کا ہندسہ
لکھکر نقش کو ختم کرے اور اسی طرح سے ہر نقش مین خیال رکھے اور اگر ایسا

۶	۷	۱
۴	۲	۸
۹	۵	۳

نقش ہو کہ ہندسہ اونکے ترتیب سے نہون تو اوسکو یون پُر کرنا چاہیے کہ پہلے چھوٹا
عدد پھر دوسرا غیر ترتیب عدد جیسے یہ نقش ہے کہ اسمین پہلے سات کا ہندسہ
لکھے پھر بارہ کا ہندسہ پھر اٹھارہ کا پھر اکیس کا پھر چوبیس کا پھر ستائیس کا

۲۴	۴۲	۷
۲۷	۱۲	۳۲
۲۱	۳۶	۱۸

پھر تیس کا پھر چھتیس کا پھر چیالیس کا ہندسہ لکھکر نقش کو ختم کرے اور اگر اسکے خلاف نقش کے خانے
بھریگا تو ہرگز فائدہ نہوگا۔ اسی کتاب کے چوتھے حصہ مین آتشبازی کے نسخہ نہایت نادر و نایاب
درج ہین اور علاوہ اوسکے اور بھی متفرق نسخہ بہت مفید ہین فالنامہ نہایت سچا اور تمثیل موجود ہے جسکا رکھنا
انسان کو اپنے پاس ضرور ہے کیونکہ اکثر خواب متوحش جو نظر آتے ہین تو بغیر تعبیر دریافت ہوے
دلکو تسکین نہین ہوتی ہے۔ پس ہر شائق کو لازم ہے کہ اس نادر کتاب کے ہر چار حصہ ہر وقت اپنے
پاس رکھے جسکی وجہ سے اوسکو بہت فائدہ حاصل ہونگے۔ حتی الامکان انسان کو چاہیے کہ عملیات
سفلی سے پرہیز کرے اور خاص کر مسلمان کو تو ہرگز اوسکے قریب تک نہ جانا چاہیے کیونکہ اوسمین اکثر امداد
بھوت اور پلیت سے ہوا کرتی ہے اور مسلمان کو سوا خدا کے یا خاص اوسکے مقرب لوگون کے کسیکو واسطہ
گرداننا خلاف ہے اور امداد پلیت اور بھوت کی کوئی چیز نہین ہے۔ اسی طرح عملیات جلالی بھی کچھ اچھے
نہین ہین گو اوسمین یہ عیب تو نہین ہے کہ امداد غیر خدا سے ہو لیکن یہ نقصان بہت بڑا ہے کہ اگر خدانخواستہ
وہ عمل ذرا بھی بگڑ جاوے تو بسودا اسکے کہ عمل پڑھنے والا گلیون مین دیوانون کی طرح سے پھرتا پھرا اور کچھ
حاصل نہین۔ اب رہے جمالی عملیات اور دعا اور تعویذ اسکے کرنے سے سوا فائدہ کے کبھی نقصان
نہین پہونچتا لیکن ادائے شروط ضرور ہے ورنہ اس سے بھی کوئی فائدہ مدنظر نہین۔
اس تیسرے حصہ کا دیباچہ ختم ہوا اب طریقہ عملیات کا لکھا جاتا ہے ناظرین اوسکو غور سے دیکھین اور
عمل کرین اور کتاب سے فائدہ حاصل کرین۔

باب اول امور ضروری کے بیان مین

فصل اول طلب استاد و حصول اجازت بقول شاعر ع نخست استاد باید وانگہی کار۔
اللہ تعالی نے ظاہری اور باطنی کوئی علم ہو کسی مرتبہ کا ہو ایسا نہین آسان کر دیا ہو کہ بغیر استاد کے

کوئی اوس سے فائدہ تامہ حاصل کرے خصوصاً اس علم شریف مین تو واجب ہے کہ جب اسکے سیکھنے کا ارادہ مصمم کرے تو اول کسی اوستاد کامل سے طریقہ اور اصول سیکھنے اور اجازت حاصل کرے جس طرحسے اوستاد ارشاد کرے اوسی طرحسے عمل کو کرنا لازم ہے ذرا بھی فرق ہونے پائے اور اپنے ذہن میں اسبات کا یقین رکھے کہ جو اوستاد نے بتادیا ہی وہی صحیح ہے اور دل مین شک و شبہہ کو راہ ندے اور اوس کے بتلائے ہوے کو برحق جانے تب ضرور فائدہ کاملہ اور نتیجہ تامہ حاصل ہوگا۔ اور محنت برباد نہوگی اور اگر بے اجازت و تلقین صاحب عمل کے کوئی عمل کریگا باوجودیکہ سب شرائط بھی ادا کرے لیکن کچھ فائدہ نہوگا اور یہی باعث ہے کہ اکثر ناواقف عمل پڑھکر رجعت مین گرفتار ہو جاتے ہین دیوانون کی طرحسے کوچہ بکوچہ مارے مارے پھرتے ہین اور کوئی علاج اونکے حق مین کسی طرحسے کارگر نہین ہوتا ہی

فصل دوم۔ اکل حلال و صدق مقال و تقلیل طعام و تکثیر صوم و دادن صدقہ۔ حدیث شریف مین وارد ہو کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پاک کرو کھانا اپنا تاکہ تمھاری دعا مقبول ہو۔ لکھا ہی کہ اگر ایک لقمہ روزی حرام سے کسی کے پیٹ مین جاتا ہی تو چالیس روز تک اوسکی دعا قبول نہین ہوتی ہی اور قلب مین کدورت آجاتی ہے اور اکابر دین فرماتے ہین کہ شاغل کو واجب ہو کہ جب تک عمل پڑھے اکل حلال سے اپنا پیٹ بھرے اور حرام سے بچتا رہے۔ اور کھانا پیٹ بھر کے ہرگز نہ کھاوے کہ اس سے سستی پیدا ہوتی ہو جب نیند غالب ہوگی تو خضوع اور خشوع نرہیگا۔ ساری محنت عمل پڑھنے کی برباد ہوگی اور جھوٹھ بولنے سے پرہیز کرے جو کوئی جھوٹ بولتا ہی اوسکی زبان سے تاثیر جاتی رہتی ہے اور روزہ رکھنا بھی ضرور ہے حدیث شریف مین آیا ہے کہ دعا روزہ دار کی رد نہین ہوتی ہے اور قبل عمل شروع کرنیکے صدقہ بھی ضرور دینا چاہیے کیونکہ اوسکو انجاح مرام مین اثر کلی ہے۔ اسواسطے کہ خوش ہونا محتاجونکا سبب خوشنودی حق تعالی کا ہے۔ اور اسکے باعث سے رحمت الٰہی جوش کرتی ہو۔ اور صدقہ دینے والا محب اللہ تعالی کا ہو جاتا ہے اور فوائد صدقہ کے بڑے بڑے فقہا کی کتابون مین بہت طول کے ساتھ درج ہین اس مختصر مین گنجایش طول کی نہین ہو۔ اگر طول کیا جاے تو کتاب بڑھ جائیگی۔

فصل سوم۔ ترک حیوانات جلالی و جمالی و مکروہات مین۔ قبل عمل شروع کرنیکے حیوانات جلالی اور جمالی کا ترک کرنا بھی ضرور ہے۔ جلالی یہ ہین۔ گوشت۔ مچھلی۔ انڈا۔ عسل۔ مشک۔ سیپ کا چونہ جمالی یہ ہین چربی روغن زرد۔ دودھ دہی۔ بالائی وغیرہ۔ اور مکروہات یہ ہین لہسن۔ پیاز اور بدبودار چیز۔ اور وہ کہ بھی جس سے بو آوے جیسے مولی وغیرہ۔ اسواسطے کہ ملائکہ کو اس سے نہایت نفرت ہو حدیث شریف مین وارد ہے۔ کہ حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہی۔ کہ جو کوئی بدبودار چیز کھاوے وہ ہماری مسجد مین نہ آوے کیونکہ اوسکی بو سے ملائکہ کو اذیت ہوتی ہے جب کوئی شخص عمل پڑھنے بیٹھتا ہے تو اوسکے موکل حاضر ہوتے ہین اگر اوسکے منہ سے پڑھنے کے وقت بدبو نکلتی ہو تو موکل نہایت پریشان ہوکر اوسکے واسطے بددعا کرتے ہین عوض فائدہ کے نقصان ہوتا ہے۔

فصل چہارم۔ گوشہ نشینی مین۔ عامل کو چاہیے کہ جب عمل پڑھنے کا قصد کرے تو سب سے پہلے گوشہ نشینی اختیار کرے عوام اور عورتون اور لڑکون سے اختلاط نکرے کہ صحبت کا اثر ہوتا ہے۔ اور اونکے اختلاط سے باطن مین ظلمت پیدا ہوتی ہے اور قلب متوجہ الی اللہ نہین ہوتا اور منافع اسکے صاحب احیاء العلوم نے بہت کچھ لکھے ہین اس مختصر مین اوسکی تحریر کی گنجایش نہین ہے۔ جسکو دیکھنا ہو کتب تصوف کی سیر کرے اور عمل پڑھتے وقت رو بقبلہ ہو اور نہایت ادب و وقار سے بیٹھے۔ اور صاحب ترجمہ عوارف نے لکھا ہے کہ صاحب خلوت ہمیشہ حالت جلوس مین مثل جلسۂ قعود کے بیٹھے۔ یعنے جس طرح نماز مین بیٹھکر التحیات پڑھتے ہین اور یہ اسم الٰہی یا فرمان بادشاہ حقیقی کو پڑھتا رہے۔ مثلاً اسم شریف یا وہاب اور یا باسط وغیرہ کی زکوٰۃ دیتا ہے۔ اور یہ خیال کرتا ہے کہ یہ نام ہمارے احکم الحاکمین کا ہی اسکی تعظیم اور تکریم ہمارے اوپر واجب ہے یا مثلاً کسی آیت قرآنی کی زکوٰۃ دیتا ہے گویا کہ فرمان بادشاہ حقیقی کو پڑھتا ہے۔ اوسکے کلام کا احترام اور ادب ضرور ہے اور نہایت مقام افتخار ہے کہ ایسا کلام پاک ہمارے منہ سے نکلتا ہے۔ اور حضور قلب سے پڑھے امید بہبودی کی رکھے انشاء اللہ مقصد حاصل ہوگا۔

فصل پنجم۔ اوقات اجابت دعا و ساعات سعید مین۔ صحیح حدیثون مین وارد ہو کہ ان وقتون مین

دعا قبول ہوتی ہے وقت سحر ہنگام طلوع فجر وطلوع آفتاب ووقت نزول باران اور منجمین نے ساعت سعد ونحس اور نظرات سیارات وشرف اور ہبوط اور وبال کو اختیار کیا ہے مثلاً ساعت قمر مین محبت کا نقش لکھے - اور ساعت زحل مین عداوت کے تعویذات اور جب عمل پڑھنا یا تعویذ لکھنا منظور ہو تو ان اوقات کا خیال رکھے کہ اسوقت کس ستارہ کی ساعت ہے اور اوسکی کیا تاثیر ہے -

فصل ششم - طہارت بدن وپاکی لباس وپاکی مکان مین - عامل کو چاہیے کہ ہمیشہ پاک صاف رہے عمل پڑھتے یا تعویذ لکھتے وقت غسل ضرور کرے - بغیر اسکے کبھی عمل پڑھنا یا نقش اور تعویذ لکھنا شروع نکرے - اور ہمیشہ خیال رکھے کہ کپڑا پاک وستھرا ہووے صفائی کپڑے کی باطن کو صاف کرتی ہے اور جس مکان مین بیٹھے نہایت صاف ہو اور عوام الناس کا گزرگاہ نہو اور تمام مکان خوشبو سے مہکا ہے اور اگر زمین پر بغیر فرش یا بوریے وغیرہ کے بیٹھے تو بہتر ہے اسواسطے کہ اس طرح بیٹھنے مین عاجزی ثابت ہوتی ہے اور اپنے بندے کی عاجزی اللہ تعالی کو نہایت پسند ہی اور خلوتخانہ اگر تاریک ہو تو نہایت بہتر اور افضل ہے -

فصل ہفتم - اعمال کی تاثیر ظاہر نہونے پر صبر کرنا اور عمل کا ترک نکرنا - عامل کو لازم ہو کہ جب عمل کی صورتمنی تاثیر ظاہر ہو تو عمل کو نہ چھوڑے بلکہ برابر پڑہتا رہے یا مطلقاً اثر عمل کا ظاہر نہو تب بھی عمل کو ترک نکرے اور مایوس نہو اور یہ خیال نکرے کہ اتنے دنون تک پڑھا لیکن کچھہ اثر نہوا لہذا اب اسکو چھوڑ دو کیون بیکار اپنا عزیز وقت اسکے کرنے مین ضائع کرو یہ نکرنا چاہیے بلکہ اکثر ایسا ہوتا ہی کہ بسبب بے احتیاطی یا کسی امر کے فروگزاشت ہونیکے سبب عمل مین پورے طور سے نقصان آجاتا ہے جب تک پوری پوری سب شرطین ادا نہون کچھہ اثر ظاہر نہین ہوتا ہے گو یہ محنت بھی رائگان نہوگی بلکہ تاثیر عمل مین قوت زیادہ ہوگی عامل کو لازم ہے کہ ثابت قدم رہے اگر ایک چلہ مین فائدہ مترتب ہو تو بہتر ہے ورنہ دوسرا چلہ شروع کرے اسی طرح سے جب تک اثر ظاہر نہو پڑھا کرے اور دلمین یقین کرے کہ مین ضرور فائز المرام ہونگا اور مشوش نہو -

فصل ہشتم - شروع اور ختم عمل پر درود شریف پڑھنا - جب عامل عمل پڑہے یا تعویذ لکھے تو ضرور ہے

کہ اول وآخر بعدد طاق درود شریف پڑھ لے منقول ہے کہ دعا بندے کی قبول نہین جب تک کہ درود نہ پڑھے اور حضرت ابو سلیمان دارانی سے منقول ہو کہ فرمایا اونہون نے جو شخص ارادہ رکھے کہ اوسکی دعا قبول ہو تو اوسکو چاہیے کہ پہلے قبل دعا کے رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھے بعد اوسکے اپنی حاجت بیان کرے اور حاجت بیان کرنیکے بعد پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود پڑھے چونکہ اللہ تعالے اپنے بندے کے اوس درود کو جو اوسکے حبیب پر پڑھا گیا ہو رد نہین کرتا پس ضرور ہوا کہ جب درود کے دعا ہوگی اوسکو بھی منظور فرمائے گا - اور حضرت ابو سلیمان دارانی نے اسی مطلب کو زبان فارسی مین لکھا ہے اور وہ عبارت فارسی یہ ہے - ہر شخص کہ ارادہ دارد کہ دعاش قبول گردد باید کہ اولاً قبل دعا درود بر آنحضرت فرستد پس از ان حاجت خود بگوید پس درود بر آنحضرت بفرستد چہ اللہ تعالی صد وصل نمود دار رد نمی سازد پس وقتی کہ حاجت میان دو درود واقع خواہد شد بقبول رد نخواہد گردید کذا فی خزانۃ الروایات -

باب دوم ساعات شبانہ روز کے بیان مین

فصل اول - حق تعالی نے ستارون مین طرح طرح کی تاثیرین عطا فرمائی ہین اور عالم سفلی کو عالم علوی کا تابع کیا ہے کوئی ستارہ فلکی ستارون مین سے سعد ہے اور کوئی نحس ہے اب جاننا چاہیے کہ جسوقت ستارہ سعد ہوتا ہے کام بنتا ہے اور جب نحس ہوتا ہے تو کام بگڑتا ہے یہ ستارے جنکو سبعہ سیارہ کہتے ہین یعنی قمر عطارد زہرہ شمس مریخ مشتری زحل - شب وروز دورہ کرتے ہین اہل نجوم نے تحقیق کرکے انکی ساعتین لکھی ہین اور مقرر کین ہین اگر اونکے خلاف ہوگا تو پورا عمل برباد ہوگا ہرگز کچھہ تاثیر نہوگی عامل کو چاہیے کہ جب عمل پڑہنے یا تعویذ لکھنے کا قصد کرے تو اول ساعت کو دیکھے کہ آج کے روز کون ستارہ حاکم ہے اور اسوقت کس ستارہ کا دور ہے اور یہ سعد ہے یا نحس ہر ساعت ستارہ کی ایک گھنٹے کی ہوتی ہے اب ہم ساعتون کو موافق قول صاحب شمس المعارف کے لکھتے ہین - ہر روز مین بارہ ساعتین ہین اور اہل ہند نے انہین ستارون پر ایام کے نام رکھے ہین جیسا اتوار ایت اہل ہند سورج کو کہتے ہین اس روز پہلی ساعت مین شمس ہوتا ہے اسواسطے اس دن کا نام اتوار رکھا یعنے یہ دن سورج کا ہے

اور سوموار یعنے یہ دن چاند کا ہے اور منگل یعنے یہ دن مریخ کا ہے اور بدھ یعنے یہ دن عطارد کا ہے برہسپت یعنے یہ دن مشتری کا ہے سکر یعنے یہ دن زہرہ کا ہے سنیچر یعنی یہ دن زحل کا ہے اس تفصیل کے لکھنے سے یہ بات پائی جاتی ہے کہ جو دن جس ستارے کا ہے اوس دن پہلے ساعت اوسی ستارے کی اوس دن مین داخل ہے۔

فصل دوم روز یکشنبہ کے بیان مین یکشنبہ یعنی اتوار۔ پہلی ساعت مین صاحب نان شمس ہے اسمین عمل محبت کا کرے اور حکام کی ملاقات کو جائے اور نیا کپڑا پہنے۔ دوسری ساعت مین زہرہ ہے یہ ساعت مذموم ہے کوئی کام جدید نکرے تیسری ساعت مین عطارد ہے اسمین تعویذ محبت کے لکھے اور مسافرت کرے۔ چوتھی ساعت مین قمر ہے اسمین بیع و شری نکرے اور کسی جدید کام کو شروع نکرے ورنہ اوسکا انجام بخیر نہو گا۔ پانچوین ساعت مین زحل ہے اسمین اعمال بغض و عداوت کرنا زیادہ مناسب ہے چھٹی ساعت مین مشتری ہے اسمین حکام وغیرہ سے اپنا مافی الضمیر بیان کرے۔ ساتوین ساعت مین مریخ ہے یہ ساعت نحس ہے اسمین کچھ کام نکرے۔ آٹھوین ساعت مین شمس ہے یہ ساعت نیک ہے اسمین جو کام کرے بخیر وخوبی انجام ہو۔ نوین ساعت مین زہرہ ہے اسمین عمل محبت کے اور تسخیر خلایق کے کرے اور سفر کرے گیارہوین ساعت مین قمر ہے اسمین طلسمات وغیرہ لکھے۔ بارہوین ساعت مین زحل ہے یہ ساعت نحس ہے اسمین عمل بغض و عداوت کے سوا کوئی عمل یا کوئی کام نکرے۔

فصل سوم روز دوشنبہ کے بیان مین۔ دوشنبہ یعنے سوموار اسکی پہلی ساعت مین قمر ہے اسمین تسخیر و زبان بندی کا عمل کرے دوسری ساعت مین زحل ہے اسمین سفر کرے اور اپنی حاجت کو حکام سے بیان کرے۔ تیسری ساعت مین مشتری ہے اگر زوج اور زوجہ مین ناموافقت ہووے تو تسخیر کے لیے عمل کرے۔ چوتھی ساعت مین مریخ ہے تباہی دشمن کے لیے عمل کرے یا اسکا عمل کرے کہ دشمن کے کسی جگہ سے خون جاری ہوجاوے غرضکہ دشمنی

اور ہلاکی اور بیماری ڈالنے کے عمل اس ساعت مین کرے۔ پانچوین ساعت مین شمس ہے واسطے انجام مرام و عقد لسان و تسخیر خلایق کے یہ ساعت خوب ہے۔ چھٹی ساعت زہرہ کی ہے اسمین طلسمات کو کرے۔ ساتوین ساعت مین عطارد ہے اسمین اعمال تسخیر و عقد لسان کرے اور یا جس کام کے لیے جو عمل کریگا ہوجاویگا۔ آٹھوین ساعت قمر کی ہے اسمین اعمال محبت کرے اگر زوج اور زوجہ مین ناموافقت ہو تو موافقت کرانے والی اس ساعت مین کرے ضرور کارگر ہونگے اور اپنا پورا اثر دکھاوینگے۔ نوین ساعت زحل کی ہے اسمین بغض اور ہلاکی کے عمل کرے۔ دسوین ساعت مین مشتری سعد ہے اسمین جو کام کرے بجز خوبی اوس کا انجام ہوگا۔ گیارہوین ساعت مریخ کی ہے اسمین بغض کے تعویذ لکھے اور عداوت کا عمل کرے اور بارہوین ساعت شمس کی ہے اسمین زبان بندی اور محبت کے عمل کرے اثر ہوگا اور مقصد دلی بفضل الہی حاصل ہوگا۔

فصل چہارم روز سہ شنبہ کے بیان مین۔ سہ شنبہ یعنی منگل پہلی ساعت مین مریخ ہے اس مین بغض اور عداوت اور دشمن کو بیمار ڈالنے کے عمل کرے دوسری ساعت مین شمس ہے اس مین کچھ کام نکرے تیسری ساعت مین زہرہ ہے اسمین عورت کا نکاح کرے نیک بخت لڑکا ہوگا چوتھی ساعت مین عطارد ہے واسطے خلاصی قیدی کے اس ساعت مین عمل کرے پانچوین ساعت مین قمر ہے یہ ساعت نحس ہے کوئی کام جدید نکرے چھٹی ساعت مین زحل ہے تعویز بیماری کے لکھے ساتوین ساعت مین مشتری ہے دفع بیماری اور تسخیر کا اعمال اس ساعت مین کرے اللہ تعالی مقصود پورا کریگا آٹھوین ساعت مین مریخ ہے دشمن کے بیمار ہونیکا عمل کرے۔ نوین ساعت شمس کی ہے اس ساعت مین نکاح کرے اور اپنی عورت سے صحبت کرے اور اعمال محبت کرے۔ دسوین ساعت مین زہرہ ہے یہ ساعت نحس ہے کوئی کام جدید نکرے گیارہوین ساعت مین عطارد ہے اسمین مسافر سفر نہ کرے بارہوین ساعت مین قمر ہے بغض کے عمل کرے۔

فصل پنجم روز چہارشنبہ کے بیان مین۔ چہارشنبہ یعنی بدھ۔ پہلی ساعت مین عطارد ہے یہ

ساعت واسطے محبت اور تسخیر کے ہے دوسری ساعت مین قمر ہے یہ ساعت مذموم ہے کوئی
کوئی عمل نکرے۔ تیسری ساعت زحل کی ہے تعویز شفاے امراض اس ساعت مین لکھے چوتھی ساعت
مشتری کی ہے یہ ساعت نیک ہے اسمین عمل محبت و ترقی رزق کرے پانچوین ساعت مین مریخ ہے
یہ ساعت نحس ہے اسمین اعمال مخاصمت کرے چھٹی ساعت مین شمس ہے یہ ساعت اچھی ہے سفر
کرے اور اعمال ترقی رزق اور محبت لکھے اور پڑھے ساتوین ساعت زہرہ کی ہے یہ ساعت نیک
ہے جو کام کرے بہتر ہوا آٹھوین ساعت عطارد کی ہے تعویز گریۂ اطفال و نظر لکھے۔ نوین ساعت
قمر کی ہے اسمین اعمال محبت کرے دسوین ساعت زحل کی ہے اسمین حکام اور بادشاہ اور
روساء سے ملاقات کرے اپنا مطلب بیان کرے نوکری کی درخواست دے ہر نیک اور بہبودی
کے کام کے واسطے یہ ساعت بہت مبارک اور سعید ہے گیارہوین ساعت مشتری کی ہے اس ساعت
مین بھی حکام کے پاس ملاقات کے واسطے جاوے بارہوین ساعت مریخ کی ہے اس ساعت مین
بغض اور عداوت کے عمل کرنا بہتر ہے اگر محبت کا عمل کریگا کچھ اثر نہوگا۔

فصل ششم روز پنجشنبہ کے بیان مین۔ پنجشنبہ یعنی برہسپت۔ پہلی ساعت مشتری کی ہے اسمین
ترقی رزق و خلاصی مقید و عمل تسخیر خلائق کرنا چاہیے دوسری ساعت مین مریخ ہے اسمین سفر اور
کوئی جدید کام نکرنا چاہیے تیسری ساعت مین شمس ہے اس ساعت مین سفر نکرے اور تعویز محبت و
الفت لکھے فائدہ بخشے گا چوتھی ساعت مین زہرہ ہے یہ ساعت اچھی ہے محبت و تسخیر کے واسطے
اس ساعت مین عمل کرے پانچوین ساعت عطارد ہے اسمین نکاح کرے چھٹی ساعت مین
قمر ہے اس ساعت مین سفر کرے اور حکام سے ملاقات کرے ساتوین ساعت زحل کی
ہے یہ اچھی ہے جو کام کرے اچھا ہووے آٹھوین ساعت مین مشتری ہے یہ ساعت نیک عمل ترقی
رزق و تسخیر خلائق اس ساعت مین زیادہ پر اثر ہوگا۔ نوین ساعت مین مریخ ہے اسمین تسخیر کا
عمل کرے اور حکام سے ملاقات کرے دسوین ساعت مین شمس ہے اس ساعت مین حکام سے
مطلب عرض کرے۔ گیارہوین ساعت مین زہرہ ہے اسمین محبت کا تعویز لکھے بارہوین ساعت مین

عطارد ہے اس مین کوئی جدید کام نکرے ورنہ نقصان ہوگا کوئی فائدہ حاصل نہوگا
سفر بھی نہ کرنا چاہیے۔

فصل ہفتم روز جمعہ کے بیان مین۔ جمعہ یعنی سکر۔ پہلی ساعت مین زہرہ ہے ساعت مین نکاح کرے
اور تسخیر خلائق سے بھی فائدہ حاصل ہوگا دوسری ساعت مین عطارد ہے اسمین صرف طلسمات لکھے
تیسری ساعت مین قمر ہے اسمین کچھ کام نو ایجاد نکرے چوتھی ساعت مین زحل ہے نظر بد کا تعویز لکھے
پانچوین ساعت مین مشتری ہے اگر زوج و زوجہ مین ناموافقت ہو تو محبت کا تعویز لکھے یا عمل
پڑھے چھٹی ساعت مین مریخ ہے اسمین تعویز قضائے حاجت لکھے اور حکام سے ملاقات کرے
ساتوین ساعت مین شمس ہے اس ساعت مین محبت کا تعویز لکھے اور نکاح کرے آٹھوین ساعت
مین زہرہ ہے جو کام شروع کرے بخیر انجام ہو۔ فراغ رزق کے واسطے تعویز لکھے یا عمل پڑھے۔
نوین ساعت مین عطارد ہے یہ ساعت مبارک ہے اسمین تسخیر کا عمل کرے دسوین ساعت مین قمر ہے
عداوت کے عمل کرے گیارہوین ساعت مین زحل ہے اسمین کوئی عمل نکرے بارہوین ساعت
مین مشتری ہے یہ ساعت بڑی مبارک ہے اسمین اعمال قضائے حاجات و تسخیر خلائق کرے نہایت
پر اثر ہونگی اور حکام اور روساء سے ملاقات کرے فائدہ حاصل ہوگا۔

فصل ہشتم روز شنبہ کے بیان مین۔ شنبہ یعنے سنیچر۔ پہلی ساعت زحل کی ہے اگر اس دن مین یہ ساعت
شروع ماہ ہو تو نیک ہے محبت اور رزق کی زیادتی کا عمل کرے اور اگر اخیر ماہ مین ہو تو نحس ہے
بغض اور عداوت کے عمل کرے۔ شروع اور آخر ماہ سے یہ مراد ہے کہ اگر ہفتہ کو مہینہ کی
پہلی تاریخ پڑے ہے تو شروع ماہ مین یہ دن ہوا لہذا اسکی ساعت مبارک ہے اور اگر ۲۹ یا ۳۰
کوئی ایسی تاریخ ہو کہ اوسی دن چاند ہو تو نحس ہے منجمین کا قول ہے کہ اگر ہفتہ اٹھائیس تاریخ
یا ۲۹ یا ۳۰ کسی طرح پڑے تو برابر نحس ہی رہیگا۔ دوسری مشتری کی ساعت ہے محبت کا عمل
کرے تیسری ساعت مین مریخ ہے اعمال بغض و عداوت کرے چوتھی تاریخ مین شمس ہے تعویز
محبت اور قضائے حاجات لکھے پانچوین ساعت زہرہ کی ہے اسمین محبت کا عمل کرے چھٹی ساعت

مین عطارد ہی واسطے حصول تمنا کے عمل کرے ساتوین ساعت مین قمر ہی یہ ساعت نحس ہے کوئی جدید کام نکرے آٹھوین ساعت مین زحل بیماری کا عمل کرے نوین ساعت مین مشتری ہی یہ ساعت سعد ہی اسمین جو کام کرے انجام بخیر ہووے دسوین ساعت مریخ کی ہی یہ ساعت نحس ہی بیماری دشمن کا تعویز لکھے۔ گیارہوین ساعت مین شمس ہی اسمین تعویز تسخیر کا لکھے بارہوین ساعت مین زہرہ ہی اسمین محبت اور تسخیر کا تعویز لکھے۔ اور محبت زوج وزوجہ کا عمل کرے محبت قرار دامی ہوجائیگی۔

فصل نہم موکل کے نامونکے بیانمین۔ حجۃ الاسلام امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے کتاب سر المصئون والجواہر المکنون مین لکہا ہی کہ عامل کو چاہیے کہ ساتون دنون کے موکلون کو بہی دریافت کرے کہ یکشنبہ سے شنبہ تک ہر روز کا کون موکل ہے اور اون موکلونکا نام کیا ہے جس روز عمل شروع کرے اوس روز کے موکل کا نام باادب وتعظیم لیوے اور اونسے امداد اور استعانت چاہیے تاکہ مقصد دلی حاصل ہونے مین دیر نہووے ہر ایک دن مین دو فرشتے موکل ہین ایک علوی سماوی دوسرا سفلی ارضی اور نام اونکے یہ ہین یکشنبہ کو ملک علوی روفیائیل اور ملک سفلی ابو عبد اللہ المذہب ہی دوشنبہ کو ملک علوی جبرہئیل اور جبرئیل کا خادم شمکائیل ہی اوسکو بہی یاد کرے اور ملک سفلی ابو عبد اللہ الحارث ہی سہ شنبہ کو ملک علوی اسرافیل ہی اور ملک سفلی ابو عبد اللہ ہی اور بعض کہتے ہین کہ ملک سفلی ارضی الاحمر ہے چہارشنبہ کو ملک علوی میکائیل ہی اور میکائیل کا ایک خادم ہے اوسکا نام نوائیل ہی ملک سفلی کے دو نام ہین ایک ودبعہ اور دوسرا ابرقان پنجشنبہ کو ملک علوی صرفیائیل ہی اور ملک سفلی السید شہمودس ہی جمعہ کو ملک علوی عینائیل ہے اور ملک سفلی عبد الرحمن ہے اور لقب اوس کا ابیض ہے شنبہ کو ملک علوی عزرائیل ہی اور ملک سفلی ابو نوح میمون السیمانی ہے۔

باب سوم متفرق دعاؤن اور تعویزونکے بیانمین

وسعت رزق اور فراخی مال کے واسطے شبانہ روز بعد ہر نماز پنجگانہ کے اول وآخر گیارہ گیارہ بار درود شریف امین گیارہ بار یا رازق اور گیارہ بار آیۃ الکرسی تعلمون تک پڑھا کرے فضل الٰہی سے کسی کا محتاج اور دست نگر نہوگا ہمیشہ اوسکے خرچ کا فی اوسکے واسطے غیب سے بلا کسی امید کے اوسکو ملجایا کریگا **ایضاً** وسعت رزق کے واسطے نوچندی جمعرات سے شروع کرے اور برابر ایک ماہ دس روز تک پڑہتا رہے طریقہ یہ ہے کہ نوچندی جمعرات کو قبل نماز فجر کے غسل کرے اور نماز فجر پڑہنے کے بعد سورہ فتح جو چھبیسوین پارہ مین ربع کے بعد ہے اول آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھکر مابین گیارہ بار اس سورہ کو من اولہ الی آخرہ پڑہے اور اپنا مقصد بیان کرے اسی طرح روزانہ بعد نماز فجر کے پڑھا کرے بعد چالیس روز کے اوسکا مقصد دلی حاصل ہوجائیگا اور اپنی مراد کو پہونچے گا لیکن شرط یہ ہے کہ کوئی روز ناغہ نہو اور اگر اتفاق سے ناغہ ہوجائے تو پہر شروع سے اوسے شروع کرے اور چالیس روز تک برابر پڑہتا رہے **ایضاً** اگر کوئی مہم سخت پیش ہو یا کسی دشمن سے اندیشہ ہو تو چاہیے کہ اس نقش متبرک کو پنجشنبہ کے روز بعد نماز فجر کے مشک اور زعفران سے لکھے اور اپنے پاس بحفاظت تمام رکھے کوئی آفت نہ آئے شر دشمن اوسکے حق مین کچھ مضرت نکریگا اور اس نقش کے نیچے اپنا مقصد بہی لکہدے پہر بیخوف ہوکر بیٹھا رہے لیکن حالت نجاست مین اس نقش متبرک کو اپنے پاس سے جدا کردے اور جب پاک ہوجائے پہر رکھ لے۔ پائخانہ اور پیشاب کرنے سے پہلے اسکو الگ کردے بعد اوسکے پہر اپنے پاس رکھے شبکو سوتے وقت سرہانے رکھ لے

۷۸۶

۲۷۳۷۴	۴۷۳۷۲	۲۴۷۳۷	۲۷۴۷۳
۷۷۳۴۷	۲۷۳۷۴	۴۲۷۳۷	۴۷۳۷۲
۳۷۲۴۷	۷۳۷۲۴	۴۲۷۳۷	۴۷۳۷۲
۷۲۴۳۷	۷۲۴۷۳	۳۷۲۴۷	۴۲۷۳۷

ایضاً۔ غیب سے روپیہ ہاتھ آنے کے واسطے یہ نقش نہایت سریع التاثیر

اور زود اثر ہے ہرگز غلط نہین یہ وہ نقش ہے جس پر ہزارہا عاملون کو یہ اعتقاد واثق ہے کہ دراصل اس نقش کے صحیح ہونے مین کوئی شک اور کسی طرحکا شبہہ نہین ہے۔ طریقہ اس یا باسط کے نقش کا یہ ہے۔ کہ چالیس دن برابر روزہ رکھے اور ستر روز ہر روز اس نقش کو ستر بار لکھا کرے اور اکثر خلوت مین تنہا بیٹھے خاص کرکے افطار صوم کے وقت اور نقش لکھتے وقت تو ضرور ہی تنہا ہونا لازم بلکہ اشد ضروری ہے کیونکہ اثر تنہا نہ بیٹھنے مین پورے طور سے میعاد معینہ مین حاصل ہونا نہایت دشوار ہوگا۔ اور ہر روز قبل نماز فجر کے غسل کرے اور بعد فراغ نماز فجر اوس دعا کو جو کہ اس نقش کے نیچے لکھی ہوئی ہے ستر بار روزانہ پڑھے۔ بعد ایام زکوۃ کے روزانہ دو نقش لکھے اور

۷۸۶

۱۸	۴۸	۶
۱۲	۲۴	۳۶
۴۲	اجب یاجبرائیل بحق یا باسط اِقض حاجتی	۳۰
۷		۵

ایک نقش اپنے سرہانے شب کو رکھکر سور ہے اور دوسرے نقش کو بحفاظت اپنی ٹوپی یا اور کسی چیز مین رکھے ہر روز صبح کو سرہانے بقدر صرف روزانہ ملجایگا لیکن شرط یہ ہے ہر روز جو کچھ ملے اوسکو اوسی دن خرچ کر ڈالے اور یوم آیندہ کے واسطے کچھ نہ رکھے کیونکہ روز آیندہ مین بہی اوسی طرحسے مقررہ رقم وصول ہوجائے لیکن اگر ایسا کرے کہ ایکدن کے ملے ہوئی رقم مین سے دوسرے دن کیواسطے بچاوے تو پہر دوسرے روز کچھ نہ ملے اوسی پر اکتفا کرنا پڑیگی۔ لیکن شروط مذکورہ بالا کا ضرور لحاظ رکھے ورنہ کوئی فائدہ نہوگا۔



الیضاً۔ اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ دن رات چلا کرے اور ماندہ نہو تو اوسکو لازم ہے اس نقش کو لکھکر اپنی کمر مین باندہے ہرگز اوسکو ماندگی راہ کی نہ معلوم ہوگی لیکن سب سے پہلے اوسکی

زکوۃ ادا کرے اور زکوۃ اس نقش کی یہ ہے کہ ہر روز بلا ناغہ چالیس دن تک چالیس نقش قبل نماز فجر کے لکھکر دریا مین ڈالے جب چالیس روز ختم ہوجائین تو عمل قابو مین آجائے گا ایک نقش لکھکر کمر مین باندہے تو نقش اپنی پوری تاثیر ظاہر کرے گا۔ اور جو شخص اس نقش کی زکوۃ دیچکا ہو اوسکو یہ نقش علاوہ اس فائدہ کے ایک دوسرا فائدہ منظور خلائق ہونیکا بہی اس نقش سے ہوسکتا ہے وہ اس طور سے کہ اس نقش کو لکھکر اپنے داہنے بازو مین باندہے تمام عالم اوسکا دوست ہوجائیگا۔

الیضاً۔ اگر کسی شخص کو دق یا سل کا مرض ہو اور وہ کسی طرح علاج سے دفع نہوتا ہو تو چاہیے کہ اس دعا کو پڑھکر سات روز برابر مریض پر بعد ہر نماز کے دم کرے اور ایک چینی کی پلیٹ پر لکھکر روزانہ صبح کو قبل کچھ کھانے کے سات روز تک مریض کو پلاوے فضل الٰہی اور دعا اور آیات کلام ربانی کی برکت سے مریض کو شفا حاصل ہوجائے گی اور کسی طرحکی شکایت پہر اوسکو نہ باقی رہے گی یہ دعا اکثر بزرگون کے تجربے مین تہی اور اب بہی اکثر لوگ اس دعا کو ان مرضون کے واسطے لکھکر مریض کو پلاتے ہین اور روزانہ دم کرنے سے مریض اچھا ہوجاتا ہے وہ دعا یہ ہے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ اعوذ بکلمات اللہ التامات کلہا من شر ما خلق بسم اللہ خیر الاسماء بسم اللہ رب الارض ورب السماء بسم اللہ الذی لا یضر مع اسمہ شئ فی الارض ولا فی السماء وھو السمیع العلیم فاللہ خیر حفظا وھو ارحم الراحمین ویشف صدور قوم مومنین وشفاء لما فی الصدور وننزل من القرآن ما ھو شفاء ورحمۃ للمومنین بحرمت سید المرسلین وآلہ الطاہرین آمین آمین آمین برحمتک یا ارحم الراحمین۔ اور جو کوئی روزانہ ہزار بار اسکو

روزگار مین وسعت ہوگی۔ **دفع افلاس** اگر کسی شخص کو افلاس نے بہت پریشان
کیا ہو ہر روز بعد ہر نماز کے پڑھے۔ یَا مَنْ هُوَ اَحَدٌ بِلَا ضِدٍّ یَا مَنْ هُوَ فَرْدٌ
بِلَا نِدٍّ یَا مَنْ هُوَ صَمَدٌ بِلَا عَیْبٍ یَا مَنْ هُوَ وِتْرٌ بِلَا کَیْفٍ یَا مَنْ هُوَ قَاضٍ بِلَا حَیْفٍ یَا مَنْ هُوَ رَبٌّ
بِلَا وَزِیْرٍ یَا مَنْ هُوَ عَزِیْزٌ بِلَا ذُلٍّ یَا مَنْ هُوَ غَنِیٌّ بِلَا فَقْرٍ یَا مَنْ هُوَ مَلِکٌ بِلَا عَزْلٍ یَا مَنْ هُوَ مَوْصُوْفٌ
بِلَا تَشْبِیْهٍ۔ پروردگار عالم اوسکے افلاس کو دور کریگا اور اوسکو ایسا غنی کریگا کہ کسی سے اسکو طلب
باقی نرہے۔ **دفع فکر و تردد** اگر کسی شخص کو افکار ریث نے پریشان کیا ہو تو آیت
وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰهَ۔ تا۔ لِکُلِّ شَیْءٍ قَدْرًا روز جمعہ یا دوشنبہ یا پنجشنبہ سے شروع کرے اور
بعد نماز صبح ہر روز ایکسو اوستھ مرتبہ پڑھا کرے کہ یہی عدد آیۂ کریمہ کے ہین۔ بروز
شروع پیش از صبح صادق غسل کرے اور دو رکعت نماز بجا لاوے اور سو مرتبہ
درود پڑھے اور چالیسوین روز عمل ختم کرے اوسوقت سو مرتبہ حاجت طلب کرے
اگر اجابت دعا مین تاخیر ہو تو دوسرا چلہ شروع کرے اور موافق چلۂ اول کے عمل کرے
یہانتک کہ تیسرے چلہ تک انشاء اللہ تعالیٰ مطلب اوسکا ضروری حاصل ہوگا مگر
چاہیئے کہ خلوص دل اور اعتقاد سے پڑھے۔ اگر کوئی شخص اس دعا کو ہر روز بعد نماز
صبح کے جسقدر ہو سکے پڑھنے کی مزاولت کرے پروردگار عالم اوسکی مراد دین و دنیا کی
برلاویگا۔ یَا مَنْ یَعْلَمُ مُرَادَ الْمُرِیْدِیْنَ یَا مَنْ یَعْلَمُ ضَمِیْرَ الصَّامِتِیْنَ یَا مَنْ یَسْمَعُ اَنِیْنَ الْوَاهِنِیْنَ
یَا مَنْ یَرٰی بُکَاءَ الْخَائِفِیْنَ یَا مَنْ یَمْلِکُ حَوَائِجَ السَّائِلِیْنَ یَا مَنْ یَقْبَلُ عُذْرَ التَّائِبِیْنَ یَا مَنْ لَا یُصْلِحُ
اَعْمَالَ الْمُفْسِدِیْنَ یَا مَنْ لَا یُضِیْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِیْنَ یَا مَنْ لَا یَبْعُدُ عَنْ قُلُوْبِ الْعَارِفِیْنَ یَا اَجْوَدَ الْاَجْوَدِیْنَ
اگر کوئی شخص اپنی صحت و سلامتی ہمیشگی کے لئے چاہے بہ نیت خلوص بعد ہر نماز کے
جسقدر ممکن ہو سکے اس دعائے بزرگ کو پڑھا کرے پروردگار عالم برکت سے اس دعا کے
اوسکو بالخیر زندہ و صحیح رکھے گا۔ یَا دَائِمَ الْبَقَاءِ یَا سَامِعَ الدُّعَاءِ یَا وَاسِعَ الْعَطَاءِ یَا غَافِرَ الْخَطَاءِ
یَا رَفِیْعَ السَّمَاءِ یَا حَسَنَ الْبَلَاءِ یَا جَمِیْعَ الثَّنَاءِ یَا قَدِیْمَ السَّنَاءِ یَا کَثِیْرَ الْوَفَاءِ یَا شَرِیْفَ الْجَزَاءِ۔ فقط

وَجَلِیْسٍ یَا خَیْرَ مَقْصُوْدٍ وَمَطْلُوْبٍ یَا خَیْرَ حَبِیْبٍ وَمَحْبُوْبٍ۔ اگر کسی شخص کو کوئی مشکل اہم
درپیش ہو اور نہایت اوسکے حل سے مجبور ہو گیا ہو پس اس دعا کو بصدق دل شب پنجشنبہ
عروج ماہ مین اگر توقف کا امکان رکھتا ہو اگر نہ رکھتا ہو جس روز چاہے با طہارت
دو رکعت نماز بہ نیت نماز حاجت ادا کرے بعد اسکے اس دعا کو پڑھے حقتعالے
دعا اوسکے مستجاب کریگا اور اوسکی مشکل کو بوجہ احسن آسان کردیگا اس دعا کی برکت سے
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اِلٰهِیْ عَظُمَ الْبَلَاءُ وَبَرِحَ الْخَفَاءُ وَانْکَشَفَ الْغِطَاءُ وَانْقَطَعَ الرَّجَاءُ
وَضَاقَتِ الْاَرْضُ وَمُنِعَتِ السَّمَاءُ وَاَنْتَ یَا رَبِّ الْمُسْتَعَانُ وَاِلَیْکَ یَا رَبِّ الْمُشْتَکٰی
وَعَلَیْکَ الْمُعَوَّلُ فِی الشِّدَّةِ وَالرَّخَاءِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ اُولِی الْاَمْرِ الَّذِیْنَ فَرَضْتَ
عَلَیْنَا طَاعَتَهُمْ وَعَرَّفْتَنَا بِذٰلِکَ مَنْزِلَتَهُمْ فَفَرِّجْ عَنَّا بِحَقِّهِمْ فَرَجًا عَاجِلًا قَرِیْبًا کَلَمْحِ الْبَصَرِ اَوْ هُوَ اَقْرَبُ
